★★★پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام★★★
ABC CERTIFIED
DAILY QUWAT LAHORE
روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی
جلد نمبر 15
بدھ 15 جمادی الثانی 1446ھ 18 دسمبر 2024ء یکم پوہ 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے)
شمارہ نمبر 63
www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

محسن نقوی کی سعودی ہم منصب سے ملاقات، سکیورٹی تعاون پر تبادلہ خیال

منشیات کی سمگلنگ سے نمٹنے کے اقدامات باہمی دلچسپی، انسداد منشیات میں تعاون بڑھانے بارے بھی بات چیت

ریاض (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے سعودی عرب کے وزیر داخلہ شہزادہ عبدالعزیز بن سعود بن نائف سے ملاقات کی۔ پاک سعودیہ وزرائے داخلہ کی ملاقات ریاض میں وزارت داخلہ کے ہیڈکوارٹر میں ہوئی جس میں پاکستان اور سعودی عرب کے وزرائے داخلہ نے سکیورٹی تعاون پر تبادلہ خیال کیا۔ دوران ملاقات شہزادہ عبدالعزیز اور محسن نقوی نے منشیات کی سمگلنگ سے نمٹنے کے اقدامات اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر گفتگو کی، انسداد منشیات کے حوالے سے تعاون بڑھانے بارے بھی بات چیت

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر4

فرمانِ الٰہی

اللہ ایک ہے

تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

مدارس بل پر ترمیم منظور نہیں، بات نہ مانی تو فیصلہ ایوان نہیں میدان میں ہوگا: فضل الرحمن

مدارس کی رجسٹریشن میں حکومت سب سے بڑی خود رکاوٹ ہے، پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس دوبارہ بلانا غیر آئینی ہوگا، مدارس بل میں کوئی ترمیم قبول نہیں، بات نہ مانی گئی تو فیصلہ سڑکوں پر ہوگا

26ویں آئینی ترمیم اتفاق رائے سے پاس ہوئی تھی، کوشش یہ ہے کہ تمام معاملات افہام وتفہیم سے حل ہوں، سیاست میں مذاکرات ہوتی ہیں، دونوں فریق ایک دوسرے کو سمجھاتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ مدارس کی رجسٹریشن میں حکومت سب سے بڑی خودرکاوٹ ہے، پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس دوبارہ بلانا غیر آئینی ہوگا، مدارس بل میں کوئی ترمیم قبول نہیں، بات نہ مانی گئی تو فیصلہ سڑکوں پر ہوگا۔ قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ 26ویں آئینی ترمیم اتفاق رائے

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر1

پاراچنار کے حوالے سے وفاقی حکومت اپنی ذمہ داریوں سے آگاہ ہے، وزیر قانون

خیبر پختونخوا حکومت سے مسلسل رابطے میں ہیں، اسمبلی میں خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ پاراچنار کے حوالے سے وفاقی حکومت اپنی ذمہ داریوں سے آگاہ ہے، خیبر پختونخوا حکومت سے مسلسل رابطے میں ہیں، صوبائی حکومت کو کہا گیا کہ وفاقی

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر2

قومی اسمبلی، رانا تنویر حسین اور اسد قیصر میں تلخ کلامی

ایک دوسرے پر سنگین الزامات لگائے گئے، ایوان میں شور شرابا

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کے اجلاس کے دوران وفاقی وزیر رانا تنویر حسین اور پی ٹی آئی کے رہنما اسد قیصر کے درمیان تلخ کلامی ہوئی۔ اجلاس کے دوران ایک دوسرے پر سنگین الزامات لگائے گئے، اس دوران ایوان میں شور

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر3

اسلام آباد، سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق چیئرمین شوریٰ کونسل سعودی عربیہ ڈاکٹر عبداللہ بن محمد بن ابراہیم کا استقبال کر رہے ہیں

انسدادِ پولیو کی راہ میں رکاوٹیں ڈالنا انتہائی تشویشناک ہے، وزیراعظم

یونان کشتی حادثے میں 5 پاکستانی شہری جان کی بازی ہار گئے، 40 سے زیادہ لوگوں کو ریسکیو بھی کیا گیا، اس طرح کے حادثات میں جن کے پیارے بچھڑ جائیں، وہ انہیں ساری زندگی یاد رکھتے ہیں، کشتی حادثے جیسے غیر قانونی طریقوں سے بے پناہ قیمتی جانیں ضائع ہوتی ہیں

اسٹیٹ بینک نے شرح سود مومزید 2 فیصد کم کیا، جواب 22 فیصد سے 13 فیصد پر آگیا ہے، یہ کاروبار، صنعت وحرفت کے لیے، زراعت، سرمایہ کاروں اور برآمد کنندگان کے لیے، بہت خوش آئند بات ہے، وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ مستقل معذوری کا باعث بننے والے خطرناک وائرس پولیو کے خاتمے کے لیے جانے والی قومی کوششوں میں رکاوٹیں ڈالی جاتی ہیں جو انتہائی تشویشناک ہے۔ انہوں نے یہ بات وزیر اعظم ہاؤس اسلام آباد میں وفاقی کابینہ کے اجلاس کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ پولیو مہم کے دوران پولیس اہلکار شہید ہوئے ان کے لیے دعا کریں، پولیو کے خاتمے میں رکاوٹیں ڈالی جاتی ہیں جو انتہائی تشویشناک ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ یونان کشتی حادثے میں 5 پاکستانی شہری جان کی بازی ہار گئے، 40 سے زیادہ لوگوں کو ریسکیو بھی کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے حادثات میں جن کے پیارے بچھڑ جائیں، وہ انہیں ساری زندگی یاد رکھتے ہیں، کشتی حادثے جیسے غیر قانونی طریقوں سے بے پناہ قیمتی جانیں ضائع ہوتی ہیں، بدقسمتی سے جولائی 2023 میں بھی کشتی حادثہ ہوا جس میں 260 پاکستانی جاں بحق ہوئے۔ شہباز شریف نے کہا کہ مرنے والوں میں سب سے زیادہ تعداد پاکستانیوں کی تھی، اس وقت ہم نے اس پر بڑی گہرائی میں جا کر فیصلے کیے تھے، تمام اداروں، وزارت خارجہ، داخلہ، بیرون ملک پاکستانی کے حوالے وزارت نے ہمہ گیر فیصلے کیے تھے۔ وزیراعظم نے کہا کہ یہ ایک سنجیدہ چیلنج ہے، اس پر میں چند دن میں متعلقہ وزرا کی میٹنگ بلا رہا ہوں، 2023 کے واقعے کا جائزہ لیں گے، اس کی روشنی میں مزید فیصلے کرنے پڑے، وہ کریں گے اور ان پر سختی سے عمل پیرا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ کل اسٹیٹ بینک نے شرح سود مومزید 2 فیصد کم کیا، جواب 22 فیصد سے 13 فیصد پر آگیا ہے، یہ کاروبار، صنعت وحرفت کے لیے، زراعت، سرمایہ کاروں اور برآمد کنندگان کے لیے بہت خوش آئند بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے امید ہے اس سے ہماری پیداواری قابلیت بھی بڑھے گی اور پاکستان

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر8

وزیراعظم ڈی 8 ممالک کے اجلاس میں شرکت کیلئے آج مصر جائیں گے

شہباز شریف فلسطین کی صورتحال پر پاکستان کا اصولی موقف پیش کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف تین روزہ دورے پر 18 دسمبر کو مصر جائیں گے۔ وزیراعظم کے ترجمان کے مطابق شہباز شریف قاہرہ میں منعقد ہونے والے ڈی 8 ممالک کے 11ویں سربراہی اجلاس میں شرکت کریں گے جبکہ وزیر خارجہ اسحاق ڈار 18 دسمبر کو ڈی 8 وزراء کونسل کے 21ویں اجلاس میں شریک ہوں گے۔ ترجمان نے بتایا کہ سمٹ کا تھیم نوجوانوں پر سرمایہ کاری کرنا اور ایس ایم ایز کو

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر5

قومی اسمبلی، وزیراعظم نے وفاقی وزراکی ایوان میں غیر حاضری کا نوٹس لے لیا

شہباز شریف کی وزراکو پارلیمانی کارروائی میں حاضری یقینی بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے قومی اسمبلی اجلاس کے دوران وفاقی وزرا کی غیر حاضری کا نوٹس لیتے ہوئے انہیں ایوان کی کارروائی میں حاضری یقینی بنانے کی ہدایت کردی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے وفاقی وزرا کی ایوان میں غیر حاضری کا نوٹس لیتے ہوئے تمام وفاقی وزرا کو خط لکھ دیا جس میں انہوں نے وزرا کو پارلیمانی کارروائی میں حاضری یقینی بنانے کی ہدایت کردی۔ شہباز شریف نے خط میں کہا کہ

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر6

پاکستان سٹاک مارکیٹ میں انڈیکس ایک لاکھ 17 ہزار پوائنٹس کی حد کو بھی چھو گیا

کاروباری ہفتے کے پہلے روز آغاز پر ہی سٹاک ایکسچینج میں زبردست تیزی دیکھنے میں آئی

کراچی (این این آئی) پاکستان سٹاک مارکیٹ میں ہنڈرڈ انڈیکس ایک لاکھ 17 ہزار پوائنٹس کی حد بھی پار کر گیا۔ کاروباری ہفتے کے دوسرے روز

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر7

لاہور، وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس کر رہی ہیں

فساد کو تھوڑی دیر بریک لگ جائے تو پاکستان مزید ترقی کریگا، عظمیٰ بخاری

مریم نواز پاکستان کی تاریخ کی واحد وزیراعلیٰ ہیں جن کو چین میں ہیڈ آف اسٹیٹ کا پروٹوکول ملا، وزیر اطلاعات پنجاب

بہت جلد لاہور کا شمار دنیا کے جدید ترین سمارٹ سٹیز میں ہوگا، مریم نواز چین سے کینسر کے علاج کی جدید ٹیکنالوجی لیکر آ رہی ہیں

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ مریم نواز پاکستان کی تاریخ کی واحد وزیراعلیٰ ہیں جن کو چین میں ہیڈ آف اسٹیٹ کا پروٹوکول ملا، کچھ لوگ اپنے پورے دور حکومت میں فون کال کا انتظار کرتے کرتے گھروں کو چلے گئے۔ اگر فساد کو تھوڑی دیر بریک لگ جائے تو پاکستان مزید ترقی کریگا۔ ان خیالات کا اظہار

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر9

ریاض، وزیر داخلہ محسن نقوی سعودی ہم منصب سے ملاقات کر رہے ہیں

حکومت نے مولانا فضل الرحمٰن کیخلاف علماء کو اٹھایا: حافظ حمد اللہ

علماء میں کوئی تقسیم نہیں، کوئی ہمارے خلاف کھڑا نہیں ہوا بلکہ کھڑے کیے گئے ہیں، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) جے یو آئی ف کے رہنما حافظ حمد اللہ کا کہنا ہے کہ حکومت نے مولانا فضل الرحمٰن کے خلاف علماء کو اٹھایا۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ علماء میں کوئی تقسیم نہیں، کوئی ہمارے خلاف کھڑا

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر13

علی امین گنڈاپور کو 16 جنوری تک کسی بھی مقدمے میں گرفتار نہ کرنے کا حکم

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے خلاف اسلام آباد میں 32 اور پنجاب میں 33 مقدمات درج ہیں

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ نے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کو 16 جنوری تک کسی بھی مقدمے میں گرفتار نہ کرنے کا حکم دے دیا۔ پشاور ہائیکورٹ کے جسٹس صاحبزادہ اسد اللہ اور جسٹس وقار احمد نے علی امین گنڈاپور کی حفاظتی

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر12

پی ٹی آئی رہنما شبلی فراز کی 16 جنوری تک حفاظتی ضمانت منظور

وفاقی حکومت اور متعلقہ اداروں سے درخواست گزار کیخلاف درج مقدمات کی رپورٹ طلب

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ نے پی ٹی آئی رہنما شبلی فراز کی 16 جنوری تک حفاظتی ضمانت منظور کرلی۔ پشاور ہائیکورٹ کے جسٹس صاحبزادہ اسد اللہ اور جسٹس وقار احمد پر مشتمل دو رکنی بنچ نے شبلی فراز کی مقدمات کی تفصیل کے لئے

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر11

ابھی تک کسی سے کوئی مذاکرات نہیں ہو رہے، عمر ایوب

جب تک یہ لوگ سنجیدہ نہیں ہوں گے مذاکرات نہیں ہوں گے، عدالت میں پیشی کے موقع پر گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما عمر ایوب نے کہا ہے کہ ابھی تک کسی سے کوئی مذاکرات نہیں ہو رہے۔ 9 مئی کے مقدمات کی سماعت کے لیے عمر ایوب راولپنڈی میں انسداد دہشت گردی کی عدالت پہنچے

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر10

عدالت حکومت کو کلائمیٹ چینج سے متعلق کام کا حکم کر سکتی ہے، جسٹس منصور علی شاہ

کلائیمٹ سائنس پر پاکستان کی گرفت نہیں ہے، موسمیاتی تبدیلی کے حوالے سے منعقد تقریب سے سینئر جج سپریم کورٹ کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے سینئر جج جسٹس منصور علی شاہ نے کہا ہے کہ عدالت حکومت کو کلائمیٹ چینج کے اوپر کام کرنے پر کہہ سکتی ہے، متاثرہ افراد کی بات سنی جائے۔ موسمیاتی تبدیلی کی تقریب سے وڈیو لنک پر خطاب کرتے ہوئے جسٹس منصور علی شاہ نے کہا کہ ہم نے کلائمیٹ چینج عدالتیں کوشش کریں گی کہ موسمیاتی تبدیلی سے

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر14

پارلیمنٹ کی طرف سے تحقیقی ادارے کے قیام کے حوالے سے قانون سازی آئینی سکیم میں شامل ہے، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون و پارلیمانی امور سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ کی طرف سے تحقیقی ادارے کے قیام کے حوالے سے قانون سازی آئینی سکیم میں شامل ہے، صوبوں میں یونیورسٹیاں قائم کرنا صوبوں کا

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر15

اسلام آباد، مولانا فضل الرحمن قومی اسمبلی میں اظہار خیال کر رہے ہیں

ہم پر تشدد سیاست پر یقین نہیں رکھتے، وزیر اطلاعات

نواز شریف نے سیاست میں ہمیشہ دور اندیشی کا مظاہرہ کیا، بانی چیئرمین پی ٹی آئی کو بھی خان صاحب کہہ کر پکارتے ہیں

ہمارا فوکس معیشت پر ہے، آج شرح سود 13 فیصد پر آ گئی ہے، زرمبادلہ کے ذخائر 12 ارب ڈالر ہو چکے ہیں، اسمبلی میں خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ ہم پر تشدد

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر36

اسلام آباد، ورلڈ بینک کے کنٹری ڈائریکٹر ساؤتھ ایشیا ریجن کوآرڈینیٹر وزیراعظم برائے موسمیاتی تبدیلی رومینہ خورشید عالم سے ملاقات کر رہے ہیں

یونان میں پاکستانی سفیر عامر آفتاب قریشی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

حکومت تمام مدارس کے بورڈز کو اعتماد میں لے کر ترمیم کرے، طاہر اشرفی

وزارت تعلیم کے ساتھ مدارس کو منسلک کرنے کا معاہدہ بھی ان اکابرین کا ہے، گفتگو

لاہور (این این آئی) چیئرمین پاکستان علماء کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ حکومت تمام مدارس کے بورڈز کو اعتماد میں لے کر ترمیم کرے۔ وزارت تعلیم کے ساتھ مدارس کو منسلک کرنے کا معاہدہ بھی ان اکابرین کا ہے، مدارس

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر16

بانی پی ٹی آئی 6 اور بشریٰ بی بی کی 1 مقدمے میں عبوری ضمانتوں میں توسیع

ضمانت کی درخواستوں پر ایڈیشنل سیشن جج محمد افضل مجوکا نے سماعت 7 جنوری تک ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ اسلام آباد نے بانی پی ٹی آئی کی 6 اور بشریٰ بی بی کی ایک مقدمے کی عبوری ضمانتوں میں 7 جنوری تک توسیع کردی۔ بانی پی ٹی آئی کے خلاف 6 اور بشریٰ بی بی کے خلاف ایک مقدمے میں

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر35

بلوچستان میں سخت سردی، 18 انچ قطر گیس لائن پر نصب ریگولیٹرز جم گئے

کوئٹہ کے کچھ حصے، کچلاک، پشین، بوستان اور زیارت میں گیس کی فراہمی متاثر ہے، ترجمان سوئی سدرن

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں سخت سردی کے باعث سوئی سدرن کی 18 انچ قطر گیس لائن پر نصب ریگولیٹرز منجمد ہو گئے۔ ترجمان سوئی سدرن گیس کے مطابق بلوچستان میں درجہ حرارت نقطہ انجماد سے نیچے ہے، 18 انچ قطر گیس لائن پر نصب

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر18

وزارت کی ابتر حالات والی پراپرٹیز کو آؤٹ سورس کر کے ریونیو لائیں گے، وفاقی وزیر ریاض حسین پیرزادہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ اینڈ ورکس میاں ریاض حسین پیرزادہ نے کہا ہے کہ وزارت کی ابتر حالت کی پراپرٹیز کو آؤٹ سورس کر کے ریونیو لائیں گے۔ وزارت ہاؤسنگ کے ترجمان کے مطابق سینٹ قائمہ کمیٹی

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر19

مدارس رجسٹریشن پر کچھ لوگوں کے تحفظات ہیں: احسان افضل

حکومت کی کوشش ہوگی کہ دونوں فریقین کو ایک پلیٹ فارم پر بٹھایا جائے، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کے کوآرڈینیٹر رانا احسان افضل نے کہا ہے کہ مدارس رجسٹریشن پر کچھ لوگوں کے تحفظات ہیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم نے نہیں اسٹیک ہولڈرز نے کچھ

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر17

وزیر داخلہ محسن نقوی کی شانگلہ میں پولیس چوکی پر فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کے حملے کی مذمت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر داخلہ محسن نقوی نے ضلع شانگلہ میں پولیس چوکی پر فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کے حملے کی مذمت کی ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے فائرنگ سے جام شہادت نوش کرنے والے 2 پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر33

پنجاب میں دہشتگردوں کی کارروائیاں ناکام، 16 دہشت گرد گرفتار

کارروائیاں بہاولپور، منڈی بہاؤالدین، میانوالی، ٹوبہ ٹیک سنگھ، رحیم یار خان، چنیوٹ اور وہاڑی میں کی گئیں

بہاولپور (این این آئی) محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) نے پنجاب کے مختلف شہروں میں کارروائیاں کر کے 16 دہشت گرد گرفتار کر لیے۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق لاہور سے فتنہ الخوارج کا ایک دہشت گرد گرفتار کرلیا گیا ہے جس

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر34

ڈی چوک احتجاج، زرتاج گل کی 5 مقدمات میں عبوری ضمانت منظور

زرتاج گل کیخلاف تھانہ رمنا، سیکرٹریٹ، کوہسار، ترنول اور آبپارہ میں مقدمات درج ہیں

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد نے ڈی چوک احتجاج سے متعلق 5 مقدمات میں پی ٹی آئی کی رکن قومی اسمبلی زرتاج گل کی عبوری ضمانت منظور کرلی۔ انسداد دہشتگردی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے عبوری

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر20

پاکستان اور جاپان کے درمیان 9.91 ملین ڈالر کی گرانٹ کے معاہدے پر دستخط ہو گئے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور جاپان کے درمیان خیبر پختونخوا کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں زچہ وبچہ صحت کو بہتر بنانے کے حوالے سے گرانٹ پراجیکٹ پر دستخط ہو گئے۔ معاہدے پر دستخط کی یہ تقریب 17 دسمبر کو وزارت اقتصادی امور میں منعقد ہوئی۔ وفاقی وزیر اقتصادی امور احد

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر22

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان پیٹرولیم لمیٹڈ کے منیجنگ ڈائریکٹر عمران عباسی ملاقات کر رہے ہیں

صارفین کے ساتھ فراڈ میں ملوث ہزاروں نمبر بلاک کر دیئے گئے

ایک سال میں دھوکا دہی میں ملوث 5 ہزار 294 موبائل نمبر بلاک کیے گئے، پی ٹی اے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹیلی کام اتھارٹی (پی ٹی اے) نے صارفین کے ساتھ فراڈ کرنے والے ہزاروں موبائل فون نمبرز بلاک کر دیے۔ پی ٹی اے حکام کا بتانا ہے کہ موبائل فون صارفین کیساتھ فراڈ کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر32

انسداد پولیو کے قطرے پلانے کیلئے وزیر اعلیٰ سندھ کی شہریوں کے دروازوں پر دستک

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے سکھر میں اپنے دورے کا آغاز پولیو کے خاتمے کی ڈور ٹو ڈور مہم سے کیا۔ وزیر اعلیٰ نے دروازوں پر دستک دے کر مکینوں کے بچوں کو انسداد پولیو کے قطرے پلانے کا کہا۔ اس موقع پر انہوں نے ایک بچے کو انسداد پولیو کے قطرے بھی

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر31

لاپتا افراد سے متعلق پروپیگنڈا ایک بار پھر بے نقاب

پنجگور میں 13 دسمبر کو آپریشن میں ہلاک ذاکر حسین لاپتا افراد کے کیمپ میں دہشتگرد نکلا، ذرائع

پنجگور (این این آئی) بلوچستان میں لاپتا افراد سے متعلق پروپیگنڈا ایک بار پھر بے نقاب ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق ضلع پنجگور میں 13 دسمبر کو دوران آپریشن ہلاک ہونے والا ذاکر حسین لاپتہ افراد کے کیمپ میں دہشت گرد نکلا۔ 25 سالہ

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر21

کوئی بھی قانون سازی صدر مملکت کے دستخط کے بغیر مکمل نہیں ہوتی، وزیر قانون

صدر بل واپس کرتا ہے تو آئین کے مطابق بل کو مشترکہ اجلاس میں رکھا جاتا ہے، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ کوئی بھی قانون سازی صدر مملکت کے دستخط کے بغیر مکمل نہیں ہوتی۔ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ مولانا فضل الرحمان سے

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر23

شانگلہ، چکیسر میں دہشتگردوں کا پولیس چوکی پر حملہ، 2 اہلکار شہید

شہید اہلکاروں میں اے ایس آئی حسن خان اور سپاہی نثار خان، زخمیوں میں محرر ارشد خان، سپاہی ارشد خان اور رفعت شامل

شانگلہ (این این آئی) چکیسر میں پولیس چوکی پر دہشتگردوں کے حملے میں 2 پولیس اہلکار شہید ہوگئے۔ پولیس کے مطابق خیبر پختونخوا کے ضلع شانگلہ کے علاقے چکیسر میں دہشتگردوں نے پولیس چوکی کی گنانگر پر دستی بم حملہ کیا جس کے نتیجے

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر30

اسٹیٹ بینک میں اعلیٰ تعیناتیوں کیلئے دوہری شہریت کی شرط ختم کرنے کی مخالفت، 7 رکنی کمیٹی قائم

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی کابینہ نے اسٹیٹ بینک میں اعلیٰ تعیناتیوں کے لیے دوہری شہریت کی شرط ختم کرنے کے معاملے پر 7 رکنی کمیٹی قائم کر دی ہے۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ ڈیجیٹل کرنسی کے اجراء اور اسٹیٹ بینک افسران کے لیے دوہری شہریت سے چھوٹ کے معاملے پر وزارت خزانہ نے وفاقی کابینہ سے اسٹیٹ بینک

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر28

پی ٹی آئی سزا سے بچنے کیلئے مذاکرات والا بیانیہ بنایا جا رہا، احسن افضل کھوکھر

لیڈر قوموں کو جوڑتا ہے وہ قوم کے بچوں کو اپنے مقاصد کے لئے استعمال نہیں کرتا، رہنما (ن) لیگ

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنما ملک احسن افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ 9 مئی میں ملوث پی ٹی آئی کے کرداروں کا بچنا ناممکن ہو چکا ہے اسی لیے سزا سے بچنے کے لئے مذاکرات والا بیانیہ بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ لیڈر وہ ہوتا ہے جو قوم کے بچوں کی رہنمائی کرتا ہے قوموں کو جوڑتا ہے لیڈر قوم کے بچوں کو اپنے

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر29

معاملات بات چیت سے حل ہوتے ہیں دھمکیوں سے نہیں، خواجہ آصف

یہ نہیں ہوسکتا حملہ کریں، سول نافرمانی کی تحریک چلائیں اور مذاکرات بھی ہوں

یہ باتیں کمیٹی بن گئی ہے اور یہ ہو گیا ہے، اس سلسلے میں مثبت ردعمل تب ہی آسکتا ہے جب کوئی پیش قدمی ہوگی، وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کو مخاطب کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر آپ نے سول

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر25

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان اٹک میں کھلی کچہری میں آئے ہوئے لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات تک سسٹم آگے نہیں چل سکتا، رانا ثناء اللہ

سیاسی استحکام سمیت اس کے سوا کوئی حل نہیں کہ سیاسی لوگ بیٹھ کر جمہوری انداز میں مسائل حل کریں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ حکومت اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات تک سسٹم آگے

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر24

پاکستان میں صنعتی ترقی منجمد ہو چکی ہے، مزمل اسلم

پی ٹی آئی حکومت کے خاتمے کے وقت صنعتی ترقی 12 فیصد کی رفتار سے چل رہی تھی، انٹرویو

پشاور (این این آئی) مشیر خزانہ خیبر پختونخوا مزمل اسلم نے کہا ہے کہ پاکستان میں صنعتی ترقی منجمد ہو چکی ہے۔ ایک بیان میں مزمل اسلم نے کہا کہ

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر26

بلوچستان کے بالائی علاقوں میں شدید سردی

پاک ایران اور پاک افغان سرحدی علاقوں میں سائبیرین ہوائیں چلنے سے نظام زندگی مفلوج

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے بالائی علاقوں میں شدید سردی کا سلسلہ جاری ہے، پاک ایران اور پاک افغان سرحدی علاقوں میں سائبیرین

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر27

راولپنڈی، ڈولفن کیمونیکیشن کے زیر اہتمام کرسمس کے تہوار کے سلسلے میں منعقدہ تقریب میں بچے شریک ہیں



روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
سٹی نیوز

سوشل میڈیا پر ہوائی فائرنگ، اسلحہ کی نمائش کیخلاف سائبر اسکواڈ تشکیل

ہوائی فائرنگ کی روک تھام کے لیے اسپشل ایکشن پلان تیار کرلیا' لاہور پولیس

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس نے سوشل میڈیا پر ہوائی فائرنگ اور اسلحہ کی نمائش اور تشہیر کے خلاف سائبر اسکواڈ تشکیل دے دیا گیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز لاہور فیصل کامران کے مطابق ہوائی فائرنگ کی روک تھام کے لیے اسپشل ایکشن پلان تیار کرلیا گیا ہے۔ ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحے کی سوشل میڈیا پر تشہیر کے خلاف سائبر اسکواڈ اور نیو ایئر اور کرسمس پر ہاٹ اسپاٹ ایریاز میں پولیس کی خصوصی ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں۔ ڈی آئی جی آپریشنز کا مزید کہنا تھا کہ ہوائی فائرنگ پر فوری قانون حرکت میں آئے گا اور ذمہ دار جیل جائیں گے۔ رواں سال ہوائی فائرنگ اور اسلحہ کی نمائش کرنے والے 831 ملزمان جیل جا چکے ہیں۔ ہوائی فائرنگ اور اسلحہ نمائش کے خلاف 505 مقدمات درج کئے گئے۔ ہوائی فائرنگ کی اندھی گولیاں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع کرتی ہیں۔ اپنی اور دوسروں کی خوشیاں ماتم نہ بنائیں۔ عوام کے تعاون کے بغیر ہوائی فائرنگ کے گھناؤنے عمل کو روکنا ممکن نہیں۔ شہری اپنے گردونواح ہونے والے مجرمانہ واقعات کی اطلاع 15 پر دیں۔

سودی نظام معاشی خوشحالی کے راستے میں بڑی رکاوٹ ہے' جاوید قصوری

حکمرانوں کی کارکردگی دعووں، وعدوں، زبانی کلامی اور ڈنگ ٹپاؤ اقدامات تک محدود ہے

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ جب تک ملک میں سودی نظام قائم ہے اس وقت تک خوشحالی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا۔ حکمرانوں نے پورے معاشی نظام کو ہی مفلوج کر کے رکھ دیا ہے، جو بھی حکومت برسر اقتدار آئی اس نے آئی ایم ایف کے در پر سجدہ ریز ہونے میں ہی عافیت جانی، عوام کی زندگی عملا اجیرن ہو چکی ہے، حکمرانوں کی کارکردگی دعووں، وعدوں، زبانی کلامی اور ڈنگ ٹپاؤ اقدامات تک محدود ہے، عملی اقدامات کہیں نظر نہیں آتے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز مختلف تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کو اللہ تعالیٰ نے وسائل کی دولت سے نوازا ہے مگر حکمرانوں کی ناقص پالیسیوں کے سبب ہم ان سے بھرپور انداز میں استفادہ کرنے سے قاصر ہیں بلکہ الٹا ان قدرتی وسائل سے غیر ملکی کمپنیاں فائدہ اٹھاتے ہوئے ثمرات حاصل کر رہی ہیں۔ ہمیں قرضوں کی بجائے خود انحصاری اور اپنے وسائل سے استفادہ کرنا ہوگا تب ہی جاکر ہم ترقی یافتہ ممالک کی صف میں کھڑے ہو سکتے ہیں۔ مہنگائی، بے روزگاری کی شرح آسمان سے باتیں کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ نون، پیپلز پارٹی اور پی ٹی آئی جو بھی برسر اقتدار آیا اس نے مایوسی کے سوا کچھ نہیں دیا۔ ملکی معیشت کا ستیاناس ہو چکا ہے۔ ملک چوروں، لیٹروں اور کرپٹ افراد کی جنت بن چکا ہے۔ مہنگائی کا جن دن بدن بے قابو ہو چکا ہے، بجلی اور گیس کی قیمتوں میں اضافہ بھی کاروباری طبقے کے لئے مشکلات پیدا کر رہا ہے۔ عوام کے لئے بل ادا کرنا محال ہو گیا ہے، تاجر دوہری مصیبت میں مبتلا ہیں، گھر اور دکان کے بجلی کے بل ادا کرنے کے لئے رقم میسر نہیں رہی۔

لاہور: پولیس اہلکار ناکہ لگا کر شہریوں کو چیک کر رہے ہیں۔

اسلامی نظام ہی ملکی ترقی وخوشحالی کا ضامن ہے' سنی علما کونسل

خلفاء راشدین کا دور حکومت امت مسلمہ کیلئے رول ماڈل کی حیثیت رکھتا ہے' مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علما کونسل لاہور وصوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ اسلامی نظام ہی ملکی ترقی وخوشحالی کا ضامن ہے، جب تک ملک میں نظام مصطفی ﷺ نافذ نہیں ہوگا تب تک ملک میں امن آئیگا نہ خوشحالی آئیگی، خلفاء راشدین کا دور حکومت امت مسلمہ کیلئے رول ماڈل کی حیثیت رکھتا ہے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ ملک خداداد پاکستان کی فضا میں امن وامان کو برقرار رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ قادیانی جماعت کو قانون کے دائرے میں رکھا جائے، پاکستان بننے کے بعد قادیانیوں نے ملک کو مستحکم نہیں ہونے دیا اب بھی اپنی غیر مسلم اقلیتی حیثیت کو تسلیم نہ کر کے وہ آئین وقانون اور عدالتی فیصلوں سے انحراف کر رہے ہیں جب کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں نے انہیں ڈھیل دے رکھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قانون نافذ کرنے والے ادارے آئین کی پاسداری کو یقینی بناتے ہوئے قادیانیوں کی سرگرمیوں پر گہری نظر رکھیں تا کہ وطن عزیز میں امن وامان کے قیام کو یقینی بنایا جاسکے۔

لاہور: صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ، ایمبیسیڈر رز بلوم، قونصل جنرل امریکہ کرسٹن ہاکنز کو گوردوارہ ڈیرہ صاحب کے دورہ کے موقع پر بریفنگ دے رہے ہیں۔

ایمبیسیڈر رز بلوم، قونصل جنرل امریکہ ان پاکستان کرسٹن ہاکنز کا گوردوارہ ڈیرہ صاحب کا دورہ

صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے گوردوارے کا معائنہ کروایا

مذہبی اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ اور مینارٹی کارڈز کے اجراء پر بات چیت

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کی خصوصی دعوت پر قونصل جنرل امریکہ ان پاکستان، کرسٹن ہاکنز نے ایمبیسیڈر رز بلوم کے ہمراہ گوردوارہ ڈیرہ صاحب لاہور کا دورہ کیا۔ اس دورے کے دوران انہوں نے گوردوارے کا معائنہ کیا اور مذہبی رسومات کی ادائیگی کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کیں۔ قونصل جنرل اور صوبائی وزیر کے درمیان ملاقات میں پاکستان کی موجودہ صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران اقلیتی برادری کے حقوق اور ان کی فلاح وبہبود کے لیے اہم امور پر بات چیت کی گئی۔ خاص طور پر ”مینارٹیز کارڈ“ کے جلد اجراء کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا تا کہ اقلیتی برادری کو شناخت اور دیگر حقوق کے حوالے سے سہولت فراہم کی جاسکے۔ کرسٹن ہاکنز نے اس موقع پر کہا کہ امریکہ پاکستان کی اقلیتی برادری کے حقوق کے تحفظ کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کرنے کے لیے تیار ہے اور اس نوعیت کے دورے دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم کرنے میں معاون ثابت ہوں گے۔ رمیش سنگھ اروڑہ نے امید ظاہر کی کہ یہ دورہ پاکستانی اقلیتی برادری کے مسائل کے حوالے سے امریکی حکومت کے عزم کو ظاہر کرتا ہے اور اقلیتی حقوق کے تحفظ کے لیے مزید اقدامات کی جانب ایک اہم قدم ثابت ہوگا۔ رمیش سنگھ اروڑہ نے وفد کو خوشی اور احترام کے طور پر سکھوں کی ثقافت میں تحفے کے طور پر پیش کی جانے والی چادر/سروپے بھی پہنائے۔

سوزوکی بائیکس کمپنی کی اقساط والے موٹر سائیکلز صارفین کو ای چالان کا ریکارڈ جرمانہ

لاہور (کرائم رپورٹر) سوزوکی بائیکس کمپنی کی اقساط والے موٹر سائیکلز صارفین کو ای چالان کا ریکارڈ جرمانہ، سوزوکی کمپنی کو لاہور سمیت پنجاب بھر میں 90 لاکھ روپے کے ای چالان پہنچ گئے۔ تفصیلات کے مطابق سوزوکی کمپنی حکام نے متعلقہ شوروم انتظامیہ کو خط لکھ دیا، اقساط والے صارفین سے چالان کی ادائیگیاں یقینی بنانے کی ہدایات کی گئی۔ متن کے مطابق اقساط پوری کرنے والے صارفین کو بائیکس اپنے نام کرانے کا پابند کیا جائے۔

ٹولنٹن مارکیٹ میں کریک ڈاؤن، 980 کلو مردہ مرغیاں پکڑی گئیں

لاہور (این این آئی) فوڈ سیفٹی ٹیموں کا ٹولنٹن مارکیٹ میں کریک ڈاؤن، 55 ہزار کلو گوشت کی چیکنگ، 980 کلو بیمار مردہ مرغیاں تلف، مقدمہ درج کرلیا۔ اصلاحی نوٹس دینے کے باوجود اصلاح نہ کرنے پر دکانداروں کو بھاری جرمانے عائد کئے جارہے ہیں۔ ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید کا کہنا تھا کہ قوانین کی سنگین خلاف ورزی پر مقدمہ درج کروادیا گیا۔ ملزم بیمار مرغیاں خرید کر گوشت بنا کے مارکیٹ میں سپلائی کرتے تھے۔

لاہور: شہر بھر میں جرائم کی 339 وارداتیں رپورٹ

4 گھروں سے لاکھوں مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور دیگر سامان لے اڑے

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں پولیس کا موثر گشت مگر پھر بھی سٹریٹ کرائم کی وارداتیں جاری، گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران شہر میں مختلف جرائم کی 339 وارداتیں رپورٹ، پولیس ذرائع کے مطابق نقب زنی کی وارداتوں میں چور شہر کے مختلف علاقوں میں 4 گھروں سے لاکھوں مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور دیگر سامان لے اڑے، راہزنی کی وارداتوں میں ڈاکو اسلحہ کے زور پر مختلف مقامات سے 14 افراد سے لاکھوں روپے اور موبائل فونز چھین کر لے گئے، جھپٹا مار کارروائیوں میں ڈاکو 19 شہریوں سے شاہراہ عام پر ہزاروں روپے اور موبائل فونز چھین کر فرار ہو گئے جبکہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر کے مختلف علاقوں سے 35 موٹر سائیکلیں، 3 دیگر وہیکل، 3 مویشی چوری ہو گئے اور مختلف تھانوں میں متفرق چوری کی 261 وارداتیں رپورٹ ہوئیں۔

ملک میں ہمیں ایک دوسرے کا نقطہ نظر سمجھنے کی ضرورت ہے' قمر زمان کائرہ

نفرتوں سے سے ہم سماج بہتر نہیں کر سکتے، انقلاب کے نعروں سے کچھ نہیں نکلتا' خطاب

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما و سابق وفاقی وزیر قمر زمان کائرہ نے کہا ہے کہ ملک میں ہمیں ایک دوسرے کا نقطہ نظر سمجھنے کی ضرورت ہے، نفرتوں سے سے ہم سماج بہتر نہیں کر سکتے، انقلاب کے نعروں سے کچھ نہیں نکلتا، ہمیں برداشت پیدا کرنا ہوگی۔ وہ جامعہ پنجاب لا کالج میں پیپلز سٹوڈنٹ فیڈریشن کے طلبا وطالبات سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر پیپلز پارٹی رہنما عثمان ملک، راؤ خالد، راجہ منور بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ اداروں کے ساتھ لڑ جھگڑ کے مسائل حل نہیں کیے جا سکتے، کسی کو سنکر اپنا راستہ نکالنا ہی بہتری کی طرف لے جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تاریخ کا سبق یہی ہے انقلاب کے نعروں سے کچھ نہیں نکلتا۔ شکر ہے کوئی ادارہ (پنجاب یونیورسٹی) تو ایسا ہے جو بہتری کی طرف جا رہا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ سٹوڈنٹ یونین پیپلز پارٹی کے منشور کا حصہ ہے، اپنے دور حکومت میں اسمبلی میں سٹوڈنٹ یونین بحالی کا بل پیش کر دیا تھا مگر سپریم کورٹ کا حکم آڑے آگیا۔

لاہور: رنگ روغن کرنیوالے کاریگر اڈے پر بیٹھے گاہکوں کا انتظار کر رہے ہیں۔

7 سالہ بچی کو زیادتی کا نشانہ بنانے والے ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا

پیٹرولنگ پولیس موقع پر پہنچی تو ملزمان نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کر دی

لاہور (کرائم رپورٹر) نشتر کالونی پولیس نے مبینہ مقابلے کے دوران 7 سالہ بچی کو زیادتی کا نشانہ بنانے والے ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا جبکہ اس کے ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے ترجمان کے مطابق نشتر کالونی پولیس کو 3 ملزمان کے متعلق شراب پی کر شور شرابہ اور راہگیر کو تنگ کرنے کی کال موصول ہوئی جس پر پیٹرولنگ پولیس موقع پر پہنچی تو ملزمان نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں ان کا ایک ساتھی اپنے دیگر ساتھیوں کی گولیاں لگنے سے زخمی ہو گیا جسے پولیس نے گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 30 بور پستول، 3 بوتل شراب برآمد کر لی جبکہ اس کے دو ساتھی اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے پولیس کا کہنا ہے کہ زخمی ملزم کی شناخت علی حسنین نام سے ہوئی ہے جو 7 سالہ بچی سے زیادتی کے مقدمے میں مطلوب تھا اس کے خلاف مقدمہ مقدمہ درج کر کے اس کے مفرور ساتھی کی گرفتاری کیلئے کوشش کی جارہی ہے

ویمن یونیورسٹی میں جاری اردو کی انٹرنیشنل کانفرنس اختتام پذیر

انٹرنیشنل کانفرنس کا عنوان ''اردو ناول کا معاصر منظر نامہ'' تھا

ملتان (خبر نگار) ویمن یونیورسٹی میں جاری اردو کی انٹرنیشنل کانفرنس اختتام پذیر ہوگئی ترجمان کے مطابق شعبہ اردو کے زیر اہتمام ہونے والی پہلی انٹرنیشنل کانفرنس کا عنوان ''اردو ناول کا معاصر منظر نامہ'' تھا کانفرنس کے دوسرے روز کے پہلے سیشن کا بنیادی موضوع اردو ناول موضوعاتی وتکنیکی تنوعات/امتیازات تھا۔ اس سیشن کی صدارت پروفیسر ایمراطس پروفیسر ڈاکٹر شگفتہ حسین نے کی مہمان اعزاز پروفیسر ڈاکٹر روبینہ رفیق سابق صدر نشین شعبہء اردو اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور جبکہ مہمان خصوصی ڈاکٹر فرزانہ کوکب صدر نشین شعبہء اردو بہاءالدین زکریا یونیورسٹی ملتان تھیں اس سیشن میں کانفرنس ڈاکٹر راشدہ قاضی، ڈاکٹر خاور نوازش، ڈاکٹر محمد آصف، ڈاکٹر ساجد جاوید، ڈاکٹر راشد سعیدی نے مقالے پیش کئے دوسرا سیشن دو متوازی حصوں میں تقسیم کیا گیا پہلا متوازی سیشن بین الاقوامی مندوبین کے کانفرنس کے اہم موضوعات پر اظہار خیال پر مشتمل تھا۔ اس سیشن کی صدارت پروفیسر ڈاکٹر لیاقت علی استاد شعبہء اردو اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور نے کی۔ مہمانانِ اعزاز ڈاکٹر ریاض ہمدانی ڈائریکٹر پنجاب کونسل آف دی آرٹس ساہیوال ڈویژن اور ڈاکٹر غلام اصغر استاد شعبہء اردو اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور تھے۔ اس سیشن میں ناول کے عالمی منظر نامے پر بین الاقوامی مندوبین شبیر احمد (انڈیا)، رحمٰن عباس (انڈیا)، شہاب اعظمی (انڈیا)، صفدر زیدی (ہالینڈ)، سربجیت سنگھ اروڑا (کینیڈا) نے اظہار خیال کیا۔ دوسرے متوازی سیشن میں پی۔ ایچ۔ ڈی طالبات کے علاوہ ملتان کے دیگر اداروں سے تعلق رکھنے والی خواتین اساتذہ نے چند ناول نگاروں کے خصوصی مطالعات پیش کیے۔ ان مقالہ نگاروں میں ڈاکٹر فرحین ندیم، ڈاکٹر زرغونہ کنول، ساجدہ اسلم اور حافظہ کہکشاں علی شامل تھیں اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئر پرسن شعبہ اردو ڈاکٹر عذرا لیاقت نے کہا کہ یہ کانفرنس اردو کی ترویج میں اہم سنگ میل ثابت ہوگی خوشی ہے کہ ویمن یونیورسٹی اور انٹرنیشنل کانفرنس منعقد کرانے میں کامیاب رہی جس کے اثرات دنیا میں اردو بولنے والوں تک پہنچیں گے امید کرتے ہیں مستقبل میں یہ کانفرنس یونیورسٹی کے کلینڈر میں شامل رہے گی تا کے اردو ناقدین کو اپنی تحقیقات کو پیش کرنے کے لئے پلیٹ فارم میسر رہے انہوں نے تمام سکالرز، مہمانان گرامی حاضرین اور طالبات کا شکریہ ادا کیا آخر میں شرکا میں شیلڈ تقسیم کی گئیں۔

دو روزہ بین الاقوامی ادبی کانفرنس 2024

سابق وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شگفتہ حسین اور چیئر پرسن شعبہ اردو عذرا لیاقت کانفرنس کے شریک مہمان کو شیلڈ پیش کر رہی ہیں

لاہور: کمشنر لاہور زید بن مقصود انسداد پولیو مہم کے دوسرے روز دھرم پورہ اور مین بازار باغبانپورہ میں مصروف کار پولیو فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی کا جائزہ لے رہے ہیں۔

زندگی بھر کے پولیو مرض سے نجات، بچوں کی نہیں والدین کی اولین ذمہ داری ہے، کمشنر لاہور

انسداد پولیو مہم کا آج دوسرا دن ہے، 22 دسمبر تک جاری رہے گی، کمشنر لاہور زید بن مقصود

لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور زید بن مقصود نے 22 دسمبر تک جاری انسداد پولیو مہم کے دوسرے روز پولیو فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی کے حوالے سے شہر کے مختلف علاقوں، آبپاشی کالونی دھرم پورہ اور مین بازار باغبانپورہ کا دورہ کیا۔ اے ڈی سی جی لاہور مجتبین دسترو، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر زوہیب اور انچارج پولیو ٹیمز نے پولیو فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی بارے کمشنر لاہور کو بریفنگ دی۔ کمشنر لاہور نے کہا ہے کہ لاہور میں 5 سال کی عمر تک کے 22 لاکھ 30 ہزار 134 بچوں کو پولیو قطرے پلانے کا ہدف ہے، 5825 موبائیل پولیو ٹیمز، 371 فکسڈ ٹیمز متحرک ہیں، 214 ٹرانزٹ پوائنٹس کو بھی ٹارگٹ کیا جارہا ہے۔ انہوں نے پولیو ٹیموں سے ایپ کے ذریعے ڈیٹا اپلوڈنگ اور ریکارڈ رجسٹرو انسداد پولیو مائکرو پلان کے مطابق ابتک کی انٹریز کو خصوصی طور پر چیک کیا۔ کمشنر لاہور نے کہا ہے کہ انسداد پولیو قومی فریضہ ہے، فیلڈ ٹیمیں جانفشانی سے ہر دروازے پر دستک دے رہی ہیں، شہری اور والدین مکمل تعاون کریں، پولیو زندگی بھر کی معزوری ہے، اپنے بچوں کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے۔

بغیر این او سی روڈ کٹ سے سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوتی ہیں، کمیٹی پلاننگ کے ساتھ مانیٹرنگ کرے، کمشنر لاہور

کمشنر لاہور نے محفوظ ٹریفک روانی کیلئے روڈ مارکنگ. زیبرا کراسنگ وسائنیج کیلئے ٹریفک وٹیپا پلاننگ کا جائزہ لیا

لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور زید بن مقصود کی زیر صدارت لاہور امور و اقدامات کیلئے کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلعی انتظامیہ ومحکموں کے سربراہان نے شرکت کی اور کمشنر لاہور کو بریفنگ دی۔ لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی جانب سے کمرشل ایریاز اور ڈومیسٹک ایریاز میں صفائی کے حوالے سے پلاننگ پر بریفنگ دی گئی۔ واسا لاہور کی جانب سے بریفنگ دی گئی ہے کہ شہر میں مزید 10 انڈر گراؤنڈ واٹر ٹینکس بنیں گے، این او سی ز کے مراحل میں پہنچ گئے ہیں۔ اجلاس میں رہائشی ایریاز میں قائم سکولز ونجی ہسپتالوں کی پارکنگ کے مسئلہ کے حل کیلئے تجاویز پیش کی گئیں۔ سی ٹی او لاہور نے اڈا پلاٹ کے گرد ٹریفک روانی پر بریفنگ دی۔ کمشنر لاہور نے محفوظ ٹریفک روانی کیلئے روڈ مارکنگ، زیبرا کراسنگ وسائنیج کیلئے ٹریفک وٹیپا پلاننگ کا جائزہ لیا اور سڑکوں پر غیر ضروری ٹریفک سائنیج بورڈز کو ہٹانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے ضلعی روڈ کٹ کمیٹی کو فوری فعال کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بغیر این او سی روڈ کٹ سے سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوتی ہیں، کمیٹی پلاننگ کے ساتھ مانیٹرنگ کرے، لاہور کے تمام محکموں کو ہدایت دیتے ہوئے کہا ہے کہ این او سی کے بغیر روڈ کھدائی نہیں ہونی چاہیے، سیف سٹی اتھارٹی بعض ایریاز میں سگنلز تعطل بحالی کو ترجیحی بنیادوں پر کرے۔

لاہور: کمشنر لاہور زید بن مقصود لاہور امور و اقدامات کیلئے کوآرڈینیشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

ای چالان سے بچنے کیلئے نمبر پلیٹس سے چھیڑ چھاڑ کرنیوالوں کیخلاف کریک ڈاؤن تیز کرنے کا حکم

فینسی نمبر پلیٹس لگانے کی اجازت ہرگز نہیں ہوگی، مقدمات درج کیے جائیں گے' سی ٹی او عمارہ اطہر

لاہور (این این آئی) سی ٹی او عمارہ اطہر نے ای چالان سے بچنے کے لیے نمبر پلیٹس سے چھیڑ چھاڑ کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کرنے کا حکم دے دیا۔ انہوں نے کہا کہ شہری ای چالان سے بچنے کیلئے اپنی گاڑیوں کی نمبر پلیٹس پر سیاہ پیپر لگا لیتے ہیں یا ان سے چھیڑ چھاڑ کرتے ہیں جس کی روک تھام کے لیے سخت اقدامات کیے جائیں گے۔ سی ٹی او عمارہ اطہر نے مزید کہا کہ اب غیر نمونہ، بوگس اور نمبر پلیٹس پر ٹمپرنگ کرنے والوں کو بھاری جرمانوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ رواں سال کے دوران 2 لاکھ 21 ہزار سے زائد چالان ٹکٹس جاری کیے گئے ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ نمبر پلیٹس پر جعلی یا غیر واضح نمبر ہونے پر کوئی عذر قبول نہیں کیا جائے گا۔ موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں پر فینسی نمبر پلیٹس لگانے کی اجازت بھی ہرگز نہیں ہوگی۔ عمارہ اطہر کے مطابق ایسی وہیکلز کے خلاف مقدمات درج کیے جائیں گے۔

ٹیکس ٹو جی ڈی پی شرح میں اضافے کی ضرورت ہے، چیئرمین ایف بی آر

لاہور (این این آئی) چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو راشد محمود لنگڑیال نے صدر لاہور چیمبر میاں ابوذر شاد کی اس بات سے اتفاق کیا ہے کہ سیلز ٹیکس، کارپوریٹ ٹیکس اور انکم ٹیکس ریٹ زیادہ ہے جسے کم ہونا چاہیے لیکن یہ تب ہوگا جب صحیح طریقے سے ٹیکس لیا جائے گا۔ وہ لاہور چیمبر میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔

پنجاب میں ڈکیتی وارداتوں میں 29 فیصد کمی آئی: مجتبیٰ شجاع الرحمان کا دعویٰ

سال 2023-24 کے دوران کچے میں آپریشن سے 88 شرپسند ہلاک اور 59 زخمی ہوئے' صوبائی وزیر

لاہور (این این آئی) پنجاب کے وزیر برائے پارلیمانی امور مجتبیٰ شجاع الرحمان نے دعویٰ کیا ہے کہ سال 2023-24 میں ڈکیتی کی وارداتوں میں 29 فیصد کمی آئی ہے۔ ایک بیان میں مجتبیٰ شجاع الرحمان نے کہا کہ سال 2023-24 کے دوران کچے میں آپریشن سے 88 شرپسند ہلاک اور 59 زخمی ہوئے جب کہ کچے کے علاقے سے 253 مجرمان کو گرفتار کیا گیا۔ مجتبیٰ شجاع الرحمان نے کہا کہ 2023-24 کے دوران کچے کے آپریشن میں مجموعی طور پر 27 سکیورٹی اہلکار شہید اور 36 اہلکار و افسران زخمی ہوئے جب کہ 23 دہشتگرد مارے گئے۔ صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ پنجاب میں سال 2023-24 میں ڈکیتی کی وارداتوں میں 29 فیصد کمی آئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ جس نے 9 مئی کے روز ریاست پر حملہ کیا اس کو حساب اور جواب دینا پڑے گا، گنڈا پور کے گارڈز نے جو گولیاں چلائیں اس کی بھی تحقیقات ہونی چاہیے۔

پروفیسر فاروق افضل کے والد کا انتقال، پرنسپل جنرل ہسپتال وفیکلٹی ممبران کا اظہار افسوس

لاہور (این این آئی) پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ و لاہور جنرل ہسپتال کے پروفیسر آف سرجری ڈاکٹر فاروق افضل کے والد منگل کے روز اپنے خالق حقیقی سے جاملے۔ پروفیسر فاروق افضل کے والد کی نماز جنازہ اُن کے آبائی علاقہ کنجاہ ضلع گجرات میں ادا کر دی گئی جس میں طب سے وابستہ افراد، سیاسی وسماجی شخصیات اور اہل علاقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور اُن کیلئے مغفرت کی دعا کی۔

پیس ٹو لائف ویلفیئر فاؤنڈیشن کی جانب سے سالانہ پروگرام کا انعقاد

74 ویں ویل چیئر پروگرام کا بھی انعقاد، مستحق افراد میں مفت ویل چیئرز، کمبل، گرم ملبوسات تقسیم کیے گئے

لاہور (این این آئی) پیس ٹو لائف ویلفیئر فاؤنڈیشن کی جانب سے سالانہ پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس میں فاؤنڈیشن کی سالانہ کارکردگی رپورٹ پیش کی گئی۔ اس موقع پر 74 ویں ویل چیئر پروگرام کا بھی انعقاد کیا گیا۔ سالانہ پروگرام میں ڈائریکٹر پنجاب ویلفیئر ٹرسٹ برائے معذور افراد ڈاکٹر اظہار الحق ہاشمی، چیئرمین پیس ٹو لائف فاؤنڈیشن وقاص احمد، صدر فیصل اعجاز، جنرل سیکرٹری صوفی رضوان اشرف ایوبی، اسسٹنٹ پروفیسر سپیشل ایجوکیشن یونیورسٹی آف ایجوکیشن ڈاکٹر عفاف منظور، اسسٹنٹ رجسٹرار گورنمنٹ کالج یونیورسٹی، حماد الٰہی، سپرنٹنڈنٹ نیو ہاسٹل محمد فیاض سمیت دیگر موجود تھے۔ اس موقع پر 30 معذور و مستحق افراد میں مفت ویل چیئرز، 100 کمبل اور 20 گرم ملبوسات تقسیم کیے گئے۔ جنرل سیکرٹری رضوان اشرف ایوبی نے کہا کہ معاشرے کو وسائل نہ رکھنے والے افراد کا ہاتھ تھامنا ہوگا۔ خاص طور پر معذور افراد کا سہارا بننے کی ضرورت ہے۔

دو سالوں میں ریلوے کی مسلسل بہتر کارکردگی رہی' عامر بلوچ

مالی سال 2024-25 کے ابتدائی 5 ماہ میں 5.37 ارب روپے کی ریکارڈ آمدنی ہوئی' چیف ایگزیکٹو آفیسر ریلویز

لاہور (این این آئی) چیف ایگزیکٹو آفیسر ریلویز عامر علی بلوچ نے کہا ہے کہ بہترین آپریشن اور مناسب اقدامات کے باعث گزشتہ دو سالوں میں ریلوے کی مسلسل بہتر کارکردگی رہی، آمدنی اور ٹرینوں کی تعداد میں اضافہ جبکہ آپریشنل اخراجات میں خاطر خواہ کمی ہوئی ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ مالی سال 2024-25 کے ابتدائی 5 ماہ میں پاکستان ریلوے نے 5.37 ارب روپے کی ریکارڈ آمدنی حاصل کی۔ یہ آمدنی گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کی آمدنی 9.32 ارب روپے کے مقابلے میں 15 فیصد زائد ہے۔ عامر علی بلوچ نے کہا کہ گزشتہ سال پاکستان ریلوے کا قائم کردہ آمدنی کا ریکارڈ انشا اللہ اس سال مزید بہتر ہوگا۔ ابتدائی 5 ماہ میں ٹرینوں کی تعداد میں اضافے کے باوجود فیول اخراجات میں 57.13 فیصد کمی ہوئی۔

صوبائی وزیر صحت زیر صدارت چلڈرن ہسپتال لاہور میں چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد

خواجہ سلمان رفیق نے اجلاس کے دوران چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام کا تفصیلی جائزہ لیا

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت چلڈرن ہسپتال لاہور میں چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈاکٹر فرقد عالمگیر، وائس چانسلر یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز پروفیسر مسعود صادق، پروفیسر سلمان اور پروفیسر عاصم خان و دیگر نے شرکت کی۔ وڈیو لنک کے ذریعے انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی ملتان، فیصل آباد انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی سے ڈاکٹر عبد الرزاق مغل اور ماہم ملک نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اجلاس کے دوران چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام کا تفصیلی جائزہ لیا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام کو کامیاب بنانے کیلئے متعلقہ محکمہ جات کی کوآرڈی نیشن کو مزید بہتر بنایا جا رہا ہے۔ اس پروگرام کے حوالے سے تمام متعلقہ سرکاری چلڈرن ہسپتالوں سے فیڈ بیک لیا گیا ہے۔ الحمدللہ لانچنگ سے اب تک چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام کے تحت 11 سو سے زائد معصوم بچوں کی کامیاب سرجریز ہو چکی ہیں۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جا رہی۔ چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام کا دائرہ کار مزید بڑھایا جا رہا ہے۔ اس حوالے سے مزید ہسپتالوں کو ام پینل کرنے کیلئے پراسیسنگ کی جا رہی ہے۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ اس پروگرام کے تحت معصوم بچوں کی سرجریز کی ویٹنگ لسٹ میں واضح کمی ہوئی ہے۔ اس پروگرام سے قبل معصوم بچوں کے والدین کو سرجریز کیلئے ویٹنگ لسٹ کے مطابق مہینوں انتظار کرنا پڑ رہا تھا۔ اس پروگرام کے تحت پنجاب کے سرکاری چلڈرن ہسپتالوں کی صلاحیت میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ حکومت پنجاب بچوں کے ہارٹ سرجری پروگرام کے پورے نظام کی شفافیت کو یقینی بنا رہی ہے۔

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق چلڈرن ہسپتال لاہور میں چیف منسٹرز چلڈرن ہارٹ سرجری پروگرام کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

بجلی کے نرخوں میں فوری کمی، ٹیکسوں کی تعداد کم اور فکسڈ چارجز واپس لیے جائیں: لاہور چیمبر کا مطالبہ

سری لنکا میں 9 سے 12 سینٹ فی یونٹ جبکہ پاکستان میں بجلی کا اوسط نرخ 16 سینٹ کے لگ بھگ ہے

لاہور (خبر نگار) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی قیادت نے ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ بجلی کے نرخوں میں فوری طور پر کمی اور پاور سیکٹر پر ٹیکسوں کی تعداد کم کرے۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے صدر لاہور چیمبر میاں ابوذر شاد، سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان اور نائب صدر شاہد نذیر چوہدری نے کہا کہ بجلی انڈسٹری کا انتہائی اہم خام مال ہے اور اس کی قیمت میں اتار چڑھاؤ براہ راست ہماری برآمدات سے منسلک ہے۔ بھارت میں بجلی کا اوسط نرخ 7 سے 8 سینٹس فی یونٹ، بنگلہ دیش میں 8 سے 9 سینٹس فی یونٹ، سری لنکا میں 9 سے 12 سینٹ فی یونٹ جبکہ پاکستان میں بجلی کا اوسط نرخ 16 سینٹ کے لگ بھگ ہے۔ تاجکستان میں بجلی کا ریٹ 2 سے 3 سینٹ فی یونٹ ہے۔ عالمی منڈی میں ان ممالک کا مقابلہ کیسے کریں گے۔ پریس کانفرنس سے سابق صدر محمد علی میاں اور سابق نائب صدر حارث عتیق نے بھی خطاب کیا۔ میاں ابوذر شاد نے کہا کہ خطے کے دیگر ممالک کی نسبت پاکستان میں بجلی کی زیادہ قیمت صنعتوں اور کاروباری طبقے کے لیے ناقابل برداشت ہو چکا ہے۔ اس کے نتیجے میں ہماری صنعتوں کی عالمی مارکیٹ میں مسابقت کم ہو رہی ہے اور برآمدات پر منفی اثر پڑ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک اور بڑا مسئلہ ایم ڈی آئی چارجز اور فکسڈ چارجز ہیں جو ایک غیر ضروری مالی بوجھ بن رہے ہیں۔ یہ چارجز صارفین کے اصل استعمال کی بنیاد پر نہیں بلکہ فرضی کھپت کی بنیاد پر لگائے جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ بجلی کے بلوں میں بجلی پر ڈیوٹی، ٹیلی ویژن فیس، فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ، جنرل سیلز ٹیکس، فیول ایڈجسٹمنٹ پرائس پر انکم ٹیکس اور ایکسائز ڈیوٹی وصول کیے جارہے ہیں۔ یعنی بجلی کا بل اب ٹیکسوں کا مجموعہ بن چکا ہے۔ سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان نے کہا کہ جب تک انڈسٹری نہیں چلے گی سرمایہ گردش میں نہیں آئے گا۔ مہنگی بجلی کی وجہ سے پیداواری لاگت برداشت سے زیادہ ہو چکی ہے۔

پریس کانفرنس
SR. V. PRESIDENT

لاہور: چیمبر آف کامرس کے عہدیداران میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں۔

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	5:03
فجر	5:45
ظہر	1:30
عصر	3:45
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	6:45

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

پانچ سال تک عمر کے ہر بچے کی ویکسی نیشن یقینی بنائی جائے، خواجہ عمران نذیر

ہیلتھ مینجمنٹ ٹیم اور پولیو ٹیمیں بھرپور محنت اور ٹیم ورک کے ذریعے پولیو کے خاتمے کے لیے اپنا موثر کردار ادا کریں،، انسداد پولیو ٹیمیں ہر گاڑی میں سوار بچوں کی ویکسی نیشن کریں،صوبائی وزیر صحت

ہیلتھ مینجمنٹ ٹیم کیساتھ ضلعی انتظامیہ کے افسران انسداد پولیو ٹیموں کو چیک کر رہے ہیں نیز انٹرن شپ پر آنیوالے نوجوانوں کے ذریعے تھرڈ پارٹی آڈٹ بھی کرایا جا رہا ہے،ڈپٹی کمشنر

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے کہا ہے کہ انسداد پولیو مہم کے دوران پانچ سال تک عمر کے ہر بچے کی ویکسینیشن یقینی بنائی جائے، ہیلتھ مینجمنٹ ٹیم اور پولیو ٹیمیں بھرپور محنت اور ٹیم ورک کے ذریعے پولیو کے خاتمے کے لیے اپنا موثر کردار ادا کریں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے دورہ گوجرانوالہ کے موقع پر اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا، ڈپٹی کمشنر نوید احمد، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر معید نے انسداد پولیو مہم کے پہلے دن کی کارکردگی بارے بریفنگ دی، اے ڈی سی ریونیو شبیر حسین بٹ، اے ڈی سی جنرل فیصل سلطان، ڈبلیو ایچ او کے نمائندہ بھی موجود تھے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت میں حکومت پنجاب پولیو کے خاتمے کے لیے پرعزم ہے، موثر انسداد پولیو مہم کے ذریعے ہی مقاصد کا حصول ممکن ہے۔ صوبائی وزیر صحت نے ہدایت کی کہ اضلاع کے داخلی وخارجی راستوں پر چیکنگ سخت بنائی جائے، انسداد پولیو ٹیمیں ہر گاڑی میں سوار بچوں کی ویکسینیشن کریں۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے بتایا کہ ہیلتھ مینجمنٹ ٹیم کیساتھ ضلعی انتظامیہ کے افسران انسداد پولیو ٹیموں کو چیک کر رہے ہیں نیز انٹرن شپ پر آنیوالے نوجوانوں کے ذریعے تھرڈ پارٹی آڈٹ بھی کرایا جا رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ پولیس نے تمام ٹیموں کی سکیورٹی کے لئے جامع پلان ترتیب دیا ہے جبکہ موبائل وفکسڈ ٹیموں کی کارکردگی پر بھی نظر رکھی جارہی ہے۔ قبل ازیں سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر معید نے پہلے دن کی کارکردگی بارے بریفنگ دی۔

ایل ڈبلیو ایم سی کوٹ رادھا کشن: صفائی ستھرائی کی شاندار کارکردگی

صرف کوڑا ہی نہیں اٹھاتے بلکہ سالوں پرانا کوڑا بھی ٹھکانے لگانے کا ذمہ لے لیا ہے، محمد سلیم

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) ایل ڈبلیو ایم سی، ستھرا پنجاب کا کوٹ رادھا کشن میں صفائی ستھرائی کے حوالے سے شاندار کارکردگی۔ تفصیلات کے مطابق ایل ڈبلیو ایم سی بیٹ 4 کے سپروائزر محمد سلیم نے میڈیا نمائندے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ستھرا پنجاب مہم کے تحت صرف کوڑا کرکٹ کو ٹھکانے نہیں لگایا جارہا ہے بلکہ سالوں پڑے ہوئے بڑے بڑے گندگی کے ڈھیروں کو ٹھکانے لگانے کا بھی زمہ لے لیا ہے، صفائی کے اس عمل کو برقرار رکھنے کے لیے شہر کے مختلف مقامات پر باقاعدہ کلیکشن پوائنٹس لگانے کے لیے کوٹ رادھا کشن کے ایل ڈبلیو ایم سی کے آفس میں کلیکشن پوائنٹ منگوا لیے گئے ہیں جلد ہی ان کو لگانے کا باقاعدہ عمل شروع کر دیا جائے گا۔ صفائی ستھرائی کے نظام کو بہتر بنانے کیلئے لوڈر رکشوں کی مدد سے ڈور ٹو ڈور کلیکشن کا عمل شروع کر دیا گیا ہے، اور سینٹری ورکرز کو باقاعدہ یونیفارم مہیا کر دیا گیا ہے تاکہ وہ ستھرا پنجاب کا یونیفارم پہن کر صفائی ستھرائی کے عمل کو بہتر بنا سکے، سینئر سپروائزر محمد سلیم نے مزید کہا کہ اسسٹنٹ کمشنر کوٹ رادھا کشن کے آفس میں روزانہ کی بنیاد پر مین گیٹ اور آفس میں درختوں کے اردگرد چاکنگ کی جارہی ہے، اور تھانہ سٹی پولیس کوٹ رادھا کشن کے اندر صفائی ستھرائی کے نظام کو بہتر بنانے پر تھانے کی متعلقہ انتظامیہ نے ایل ڈبلیو ایم سی کا شکریہ ادا بھی کیا۔ ایل ڈبلیو ایم سی کی جانب سے کلیکشن پوائنٹ لگائے جانے پر اب شہریوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ ان میں کوڑا کرکٹ پھینکیں، سٹاف روزانہ کی بنیاد پر کلیئرنس کے لیے آئے گا اور یوں مل کر صفائی کے اس عمل کو جاری رکھا جاسکتا ہے اور ستھرا پنجاب مہم کو کامیاب بنایا جاسکتا ہے۔

یہود و ہنود عالم اسلام کے خلاف سازشوں میں مصروف ہے، پیر سید خلیل الرحمن شاہ

جماعت کے مشن کو پھیلانے کے لئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے، صوبائی صدر جماعت اہلسنت پنجاب

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) جماعت اہلسنت پنجاب کے صوبائی صدر پیر سید خلیل الرحمن شاہ اور مرکزی ناظم اعلیٰ فاروق احمد سعیدی نے علماء کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسوقت لادینی طاقتیں اور یہود و ہنود عالم اسلام کے خلاف طرح طرح کی سازشوں اور ریشہ دوانیوں میں مصروف ہیں۔ تاکہ ہماری نئی نسل کو دین سے دور کر کے انہیں گمراہ کیا جاسکے۔ ان حالات میں علماء اہلسنت کو ان عالمی سازشوں کا ادراک کرتے ہوئے دین اسلام کے آفاقی پیغام کو دنیا کے قریہ قریہ میں پہنچانے کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے۔ اس موقع پر جماعت اہلسنت کے ضلعی امیر علامہ فیصل ندیم کیلانی نے جماعت کے مرکزی وصوبائی ذمہ داران کو اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ وہ جماعت کے مشن کو پھیلانے کے لئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے۔ اور اس سلسلہ میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریں گے۔ علامہ فیصل ندیم کیلانی نے مزید کہا کہ انتشار وافتراق کے اس دور میں علماء کے ساتھ مشائخ عظام کو بھی اپنے حجروں سے باہر نکل کر لادینی قوتوں کی سازشوں کے قلع قمع کے لئے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔

گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج چنیوٹ: طالبات ٹاٹوں پر تعلیم حاصل کرنے پر مجبور

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج چنیوٹ میں فرسٹ ایئر کی طالبات زمین پر بیٹھ کر تعلیم حاصل کرنے پر مجبور وزیر اعلی پنجاب مریم نواز سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق گورنمنٹ ڈگری گرلز کالج چنیوٹ میں فرسٹ ایئر کی طالبات سیکنڈ فلور پر بنے ہوئے کلاس روم میں زمین پر پھٹے ہوئے ٹاٹوں پر بیٹھ کر تعلیم حاصل کرنے پر مجبور ہے زیر تعلیم طالبات کے والدین نے سخت غم و غصہ کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سیکرٹری تعلیم پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج میں فرسٹ ایئر کی طالبات کو بیٹھنے کیلئے فرنیچر کی سہولت مہیا کرے تاکہ طالبات کی پریشان دور ہوسکے۔

اسلام امن و محبت کا درس دیتا ہے، کمشنر گوجرانوالہ

عید میلاد النبی، عیدین کے موقع پر ڈویژن بھر میں ہمیشہ امن وامان اور اتحاد کی مثالی فضا موجود رہی ہے

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی کی زیر صدارت ڈویژنل اتحاد بین المذاہب کمیٹی کا اجلاس، ڈپٹی کمشنر نوید احمد، ایس ایس پی آپریشنز ڈاکٹر رضا، ایڈیشنل کمشنر کوآرڈی نیشن محمد شفیق، کمیٹی کے ممبر علماء کرام وممبران نے شرکت کی، گوجرانوالہ وگجرات ڈویژن کے اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز وممبران کمیٹی بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہوئے۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اتحاد بین المذاہب کمیٹی و امن کمیٹیوں کے ممبران کے بھرپور تعاون اور حکومتی اداروں کی کاوش سے محرم الحرام، عید میلاد النبی، عیدین کے موقع پر ڈویژن بھر میں ہمیشہ امن و امان اور اتحاد کی مثالی فضا موجود رہی ہے، کرسمس، نیو ایئر سمیت آئندہ ایام کے دوران بھی اسی ماحول کو برقرار رکھا جائے گا، حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق تمام اداروں نے سکیورٹی سمیت تمام انتظامات کو حتمی شکل دے دی ہے۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے کہا کہ اسلام امن و محبت کا درس دیتا ہے، آئین پاکستان کی رو سے یہاں بسنے والے ہر مذہب کے افراد کو اپنے عقائد کے مطابق زندگی گزارنے کا حق حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات کا تقاضا ہے کہ وطن عزیز کے استحکام وترقی کے لیے ہر قسم کے اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اتحاد و اتفاق کی فضا کو فروغ دیا جائے، ہر ایک کے وجود کو تسلیم کرنا چاہیے۔ ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد، ایس ایس پی آپریشنز ڈاکٹر رضا، دیگر اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز نے بتایا کہ کرسمس کے موقع پر سکیورٹی سمیت تمام امور کا جائزہ لینے کیلئے ضلع وتحصیل سطح پر کمیٹی کے اجلاس منعقد ہوچکے ہیں اور سکیورٹی انتظامات کو حتمی شکل دی جاچکی ہے۔ علما کرام قاری زاہد سلیم، خالد مجددی نے کہا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نبوت، ان پر نازل ہونے والی کتاب انجیل پر ایمان لانا ہر مسلمان کے لیے لازم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بسنے والے مسیحی افراد ہمارے بھائی ہیں اور دین اسلام ملک میں بسنے والی اقلیتوں کے حقوق کی ضمانت دیتا ہے۔

مجسٹریٹس روزانہ کی بنیاد پر فیلڈ میں نکلیں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر

تمام مجسٹریٹس انسپکشنز کی تعداد بڑھائیں اور مقررہ ریٹس کی خلاف ورزی کرنے والے دوکانداروں کے خلاف ایف آئی آرز درج کروائی جائیں اور گرفتار کیا جائے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل غلام سرور نے کہا ہے کہ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس روزانہ کی بنیاد پر فیلڈ میں نکلیں اور ناجائز منافع خوروں کے خلاف کاروائیاں کریں۔ انہوں نے کہا کہ تمام مجسٹریٹس انسپکشنز کی تعداد بڑھائیں اور مقررہ ریٹس کی خلاف ورزی کرنے والے دوکانداروں کے خلاف ایف آئی آرز درج کروائی جائیں اور انہیں گرفتار کیا جائے۔ وہ یہاں ڈی سی آفس میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔ اجلاس میں ایس این اے خرم سلیم سمیت تمام پرائس مجسٹریٹس نے شرکت کی۔ اے ڈی سی جنرل غلام سرور نے کہا کہ شہر کے تمام بڑے ہوٹلز کے ساتھ ساتھ تندوروں کو بھی لازمی چیک کیا اور روٹی اور نان کی حکومت کی جانب سے مقررہ قیمت پر سختی سے عمل درآمد کروایا جائے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ 12 سے 16 دسمبر تک ضلع ساہیوال میں 6160 انسپکشنز کی گئیں جن میں سے 3986 تحصیل ساہیوال اور 2174 تحصیل چیچہ وطنی میں کی گئیں۔ چیکنگ کے دوران ریٹس کی خلاف ورزی کرنے والے 768 دوکانداروں پر 5 لاکھ 16 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ ایک ایف آئی آر درج کروائی گئی، 31 دوکانوں کو سیل کیا گیا جبکہ 110 دوکانداروں کو گرفتار بھی کیا گیا۔

معصوموں کا خون ملک کی ترقی اور امن کی ضمانت بن گیا، کامریڈ سجاد اقبال رحمانی

قوم ہمیشہ ان شہداء کی قربانیوں کو یاد رکھے گی اور دشمن کے مذموم عزائم کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دے گی، رہنما رحمانی ویلفیئر ایسوسی ایشن

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) رحمانی ویلفیئر ایسوسی ایشن کے انفارمیشن سیکرٹری کامریڈ سجاد اقبال رحمانی نے ایک پریس ریلیز جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ رحمانی ویلفیئر ایسوسی ایشن ضلع چنیوٹ کے زیراہتمام گھٹی محلہ یونٹ میں ایک روح پرور تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں آرمی پبلک اسکول پشاور کے شہید بچوں کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ اس تقریب کے انتظامات یونٹ کے صدر محمد شاہد اسلم اور ضلعی کوآرڈینیٹر بلڈ بینک محمد عمران ساقی کی زیر نگرانی کیے گئے، جس میں یونٹ کی تمام ٹیم موجود تھی۔ اس تقریب میں ضلعی جوائنٹ سیکرٹری محمد عمران الٰہی نے بھی خصوصی طور پر شرکت کی تقریب کا آغاز قرآن پاک کی تلاوت سے ہوا، جس کے بعد شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے فاتحہ خوانی کی گئی۔ شرکاء نے شہید بچوں کے لیے چراغاں کیا جس سے ماحول مزید پرجوش اور جذباتی ہوگیا۔ اس موقع پر مقررین نے آرمی پبلک اسکول کے شہید بچوں اور اساتذہ کی قربانیوں کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ ان معصوموں کا خون ملک کی ترقی اور امن کی ضمانت بن گیا ہے۔

نارنگ منڈی: سرکاری پانی کی زیر زمین جگہ جگہ سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار

روزانہ ہزاروں لیٹر پانی ضائع ہونا معمول بن گیا، اہل علاقہ کا نوٹس لینے کا مطالبہ

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) سرکاری پانی کی زیر زمین پائپ لائن جگہ جگہ سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار روزانہ ہزاروں لیٹر پانی ضائع ہونا معمول بن گیا تفصیل کے مطابق شہر بھر میں تقریبا چالیس سال قبل سرکاری پانی کی فراہمی کیلئے بچھائے گئے پائپ بوسیدہ ہوچکے ہیں جو جگہ جگہ سے ٹوٹ پھوٹ چکے ہیں جس وجہ سے روزانہ کی بنیاد پر ہزاروں لیٹر پانی ضائع ہونا معمول بن چکا ہے انتظامیہ کی جانب سے پانی کو ضائع ہونے سے بچانے کیلئے کوئی خاطر خواہ انتظامات نہیں کیے جارہے شہر کی شرقی آبادی کے لئے زیر زمین مین پائپ لائن جگہ جگہ سے لیک ہونے کی وجہ سے ہزاروں لیٹر پانی ضائع ہوجاتا ہے عالمی اداروں کی جانب سے دنیا بھر سے پانی کم ہونے کا خدشہ ظاہر کیا جارہا ہے اس کے باوجود نارنگ منڈی میں ہزاروں لیٹر پانی ضائع ہو رہا ہے جو لمحہ فکریہ ہے اہل علاقہ نے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

شہداء نے دشمنوں کے ناپاک مقاصد خاک میں ملا دیئے، ڈپٹی کمشنر

پوری قوم ان کی لازوال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے، سعدیہ مہر

عارفوالا (نامہ نگار نصر اللہ سے) ڈپٹی کمشنر سعدیہ مہر نے کہا ہے کہ سانحہ اے پی ایس کے شہداء نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر کے قوم پاکستان کے دشمنوں کے ناپاک مقاصد خاک میں ملا دیے، پوری قوم ان کی لازوال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے اور ان کے بلندی درجات کے لیے دل و جان سے دعا کرتی ہے، یہ باتیں انہوں نے سانحہ اے پی ایس کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں منعقدہ پروقار تقریب کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہیں، اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو ملک احمد فراز اعوان، اسسٹنٹ کمشنر پاکپتن منور حسین سمیت ضلعی انتظامیہ، دیگر محکموں کے افسران، سول سوسائٹی اور شہریوں کی کثیر تعداد موجود تھی، ڈپٹی کمشنر سعدیہ مہر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سانحہ اے پی ایس کے ننھے شہدا نے عظیم قربانی پیش کی اور پوری قوم کو یکجا کر دی، افواج پاکستان کے سپوت اور قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشت گردی کے خلاف یکجا ہیں اور دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے کے لیے ہر دم تیار ہیں، 16 دسمبر کا دن پوری قوم کو ایک ہو کر دہشت گردی کے خلاف متحد ہونے کا درس دیتا ہے تاکہ پاکستان کے کونے کونے میں امن و آشتی کا پیغام پھیلایا جاسکے۔

جلالپور بھٹیاں۔ مرسی کور کی طرف سے فری چیسٹ میڈیکل کیمپ کا انعقاد

جلالپور بھٹیاں (روز نامہ۔ قوت رستم علی) جلالپور بھٹیاں۔ مرسی کور کی طرف سے فری چیسٹ میڈیکل کیمپ کا انعقاد ہوا جس میں ٹی بی کی تشخیص کیلئے چیسٹ ڈیجیٹل ایکسرے اور بلغم جنیز ایکسپرٹ کے ٹیسٹ بھی فری کیے گئے۔ جس میں کثیر تعداد میں مریضوں کا مفت معائنہ بھی کیا گیا۔ کیمپ میں مرسی کور کی ضلعی ٹیم کے ساتھ ڈاکٹر عبدالمعید نے مریضوں کا معائنہ کیا بچے، بوڑھے، عورتوں اور نوجوان بھی شامل تھے۔ یہ کیمپ جلالپور بھٹیاں کے نواحی گاؤں جلالپور کہنہ میں منشاء چدھڑ کے ڈیرے پہ منعقد ہوا۔

کھاد کی بوریوں پر قیمت درج کی جائے، صدر کسان بورڈ

کسانوں کو موجودہ حکومت کوئی ریلیف نہیں دے رہی، سردار ظفر حسین خان ایڈووکیٹ

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) صدر کسان بورڈ پاکستان سردار ظفر حسین خان ایڈووکیٹ نے بار روم چنیوٹ میں وکلا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت ملک کا کسان سخت مشکلات کا شکار ہے حکومتی پالیسیاں کسان دشمن ہیں زمینداروں اور کسانوں کو موجودہ حکومت کوئی ریلیف نہیں دے رہی شوگر ملز مافیا کاشتکاروں کا استحصال کر رہے ہیں جس کے خلاف ہم سخت احتجاج کرتے ہیں انتظامیہ کے افسران حکمرانوں کے آلہ کار نہ بنیں کسانوں کو ریلیف دیں اور ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں انہوں نے اپنے خطاب کے دوران مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ کھاد کی بوریوں پر قیمت درج کی جائے اور سی پی آر کو چیک کا درجہ دیا جائے ہم کسانوں کے حقوق کیلئے ہر پلیٹ فارم پر اپنی آواز بلند کرتے رہیں گے حکومت بجلی اور کھاد کی قیمتوں میں نمایاں کمی کرے اس موقع پر صدر کسان بورڈ چنیوٹ سید ذوالفقار علی شاہ صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن ملک فضل حسین کالرو ایڈووکیٹ جماعت اسلامی کے ضلعی امیر میاں عبدالقیوم ہنجرا نے بھی خطاب کیا اور ضلع بھر میں کسانوں کو درپیش مسائل کے بارے میں قائدین کو آگاہ کیا اور مطالبہ کیا کہ ضلع بھر میں شوگر ملز انتظامیہ کاشتکاروں کو گنے کی بروقت ادائیگیوں کو یقینی بنائے۔

حاجی محمد اقبال راجپوت صدر آل پاکستان جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے صدر منتخب

حاجی محمد اقبال صرافہ برادری کے مسائل کے تحفظ کے لئے ہر ممکن اپنا کردار ادا کرینگے، رانا محمد اصغر، رانا محمد عامر، محمد اکرم



وزیر آباد (نامہ نگار) آل پنجاب صرافہ ایسوسی ایشن حاجی محمد اقبال راجپوت کو صدر آل پاکستان جیمز اینڈ جیولر ایسوسی ایشن کا صدر منتخب ہونے پر صرافہ ایسوسی ایشن کے رانا محمد اصغر، رانا محمد عامر آف لاہور، محمد اکرم روبی جیولرز، محمد سلیم اشرف نثار جیولرز، محمد عامر، محمد عاطف پنجاب جیولرز، سلمان اسلم سلمان جیولرز وزیر آباد، رانا ذوالفقار آف جیلسر والا، رانا سجاد احمد، رانا محمد اعجاز، رانا محمد شہباز، رانا محمد فیاض، رانا محمد وحید آف ڈسکہ و دیگر کی طرف سے مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ حاجی محمد اقبال صرافہ برادری کے مسائل اور انکے حقوق کا تحفظ کے لئے ہر ممکن اپنا کردار ادا کرینگے اور پاکستان کی جیولرز برادری کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھے کرنے کے لئے ہر ممکن اقدامات اٹھائینگے۔

مرزا امتیاز بیگ کی سرپرستی میں سٹی پریس کلب احمد آباد کے عہدیدران صحافیوں کی حالیہ تعینات ہونے والے ایس ایچ او تھانہ احمد آباد عمر واہلہ سے تعارفی ملاقات

قلعہ احمد آباد (نمائندہ خصوصی) قلعہ احمد آباد حالیہ تعینات ہونے والے ایس ایچ او تھانہ احمد آباد عمر واہلہ کے ساتھ سٹی پریس کلب احمد آباد کے عہدیدران کی مرزا امتیاز بیگ کی سرپرستی میں تعارفی میٹنگ ہوئی میٹنگ میں ایس ایچ او تھانہ احمد آباد کو تھانہ احمد آباد تعینات ہونے پر مبارکباد پیش کی گئی جبکہ سرپرست اعلیٰ سٹی پریس کلب احمد آباد مرزا امتیاز بیگ کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف کریک ڈاؤن کرنے کی بھرپور درخواست کی ایس ایچ او عمر واہلہ نے صحافیوں کو بیان دیتے ہوئے کہا کہ آپ ہماری سماعت، بصارت اور بازو بنیں میں آپ سے وعدہ کرتا ہوں کہ میں تمام تر قانونی وسائل بروئے کار لاتے ہوئے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کارروائی عمل میں لاؤں گا آپ نشاندہی کریں فوری کاروائی ہوگی تعارفی میٹنگ میں سٹی پریس کلب احمد آباد کے بانی و صدر عبدالشکور، سینئر نائب صدر عاطف نوید شیخ، نائب صدر کاشف ضیاء، سیکرٹری جنرل مرزا زاہد شکیل، سیکرٹری فنانس محمد فرید، حسن بٹ ایگزیکٹو ممبر، محمد قاسم نیازی ایگزیکٹو ممبر شامل تھے ایس ایچ او تھانہ احمد آباد عمر واہلہ نے تمام صحافیوں کا شکریہ ادا کیا اور امن و امان کی صورتحال برقرار رکھنے کے لیے ملکر کام کرنے کی یقین دہانی کروائی۔

مسیحی برادری کے لیے سکیورٹی اور دیگر انتظامات کو ہر لحاظ سے فول پروف بنایا جائیگا، ڈپٹی کمشنر

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے کہا ہے کہ کرسمس کے تہوار کے موقع پر مسیحی برادری کے لیے سکیورٹی اور دیگر انتظامات کو ہر لحاظ سے فول پروف بنایا جائیگا تاکہ وہ اپنے مذہبی تہوار کو جوش وخروش اور عقیدت و احترام سے منا سکیں۔ مسیحی برادری کو بھی تمام حقوق حاصل ہیں کہ وہ اپنے مذہبی تہوار مکمل آزادی اور آئین وقانون کے دائرے میں رہتے ہوئے منائیں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار کرسمس کے حوالہ سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ ڈی پی او فیصل گلزار سمیت مسیحی برادری کے مقامی سرکردہ افراد اجلاس میں شریک تھے۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ ملک میں امن و امان کے قیام باہمی رواداری کے فروغ کیلئے مسیحی برادری نے ہمیشہ کلیدی کردار ادا کیا۔

حاجی ارشد جیولرز کی رہائشگاہ پر انجمن شہریاں کا ماہانہ اجلاس

سوشل میڈیا کے منفی استعمال کے برے اثرات کے حوالے گفتگو

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) انجمن شہریاں کا ماہانہ اجلاس چیئرمین حاجی ارشد جیولرز کی رہائشگاہ پر منعقد ہوا جس میں نوجوانوں کیلئے اصلاحی پروگرام کے انعقاد کھیل کے میدانوں کو آباد کرنے اور سوشل میڈیا کے منفی استعمال کے برے اثرات کے حوالے گفتگو کی گئی چیف آرگنائزر حافظ عون الباری سرپرست اعلیٰ سیٹھ سعید احمد فاروقی چیئرمین سپریم کونسل سردار نعیم رضا مان صدر آصف سلطان بٹ جنرل سیکرٹری فیصل عباس حیدری ظہیر ارشد مغل میاں امجد سمیت ممبران نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جعلی فیس بک اکاؤنٹس بنا کر فرقہ واریت کو ہوا دی جارہی ہے۔ جس کی مذمت کرتے ہیں نوجوان سوشل میڈیا کا مثبت استعمال یقینی بنائیں اس کے منفی اثرات معاشرے پر گہرا اثر ڈالتے ہیں کھیل کے میدانوں کو آباد کرنے کیلئے اقدامات کیے جائیں گے تاکہ نوجوانوں کو منفی سرگرمیوں سے دور رکھا جاسکے شہری کی بہتری اور فلاح و بہبود کیلئے کام کرنے والوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں ان شاء اللہ وہ انجمن شہریاں کو اپنے شانہ بشانہ پائیں گے۔

گوجرانوالہ: گل روڈ پر پولیو ٹیموں کی ورکنگ کا جائزہ اجلاس

فیلڈ ٹیموں نے 5 سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے بھی پلائے

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) پولیو سے پاک محفوظ پنجاب وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے صحت مند پنجاب مشن کے تحت ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کا 16 سے 20 دسمبر تک انسداد پولیو مہم کا گل روڈ پر پولیو ٹیموں کی ورکنگ کا جائزہ ایس او پیز پر عملدرآمد، سکیورٹی کے انتظامات، کولڈ چین اور اب تک بچوں کی ویکسی نیشن کے معیار کا بھی جائزہ لیا۔ پولیو ورکرز کو جانفشانی اور زمہ داری سے ہر گھر ہر بچے تک پہنچنے کی ہدایت، سی ای او ہیلتھ تھارٹی ڈاکٹر معیذ منصور نے مہم کے دوران اب تک کی کوریج سے آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ/وزیر آباد نوید احمد کی ہدایات پر ضلعی انتظامیہ کے افسران بھی قومی انسداد پولیو مہم کو کامیاب بنانے کیلئے متحرک ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز (ریونیو شبیر حسین بٹ، جنرل فیصل سلطان، فنانس اینڈ پلاننگ سمیرا عنبرین)، اسسٹنٹ کمشنرز (سٹی اقراء مبین، ڈاکٹر حلیمہ منیر، کاموکی ماہم واحد، نوشہرہ ورکاں جواد حسن پیرزادہ، ہیڈکوارٹرز وہاب باسط) نے ضلع گوجرانوالہ کی مختلف یونین کونسلوں میں جاری 5 روزہ قومی انسداد پولیو مہم کی پیش رفت اور فیلڈ ٹیموں کی حاضری، ورکنگ کے جائزہ کے سلسلہ میں ضلع کے مختلف علاقہ جات میں (بس اڈوں، یونین کونسلوں، بھٹوں، فکسڈ پولیو پوائنٹس) اور دیگر علاقوں کا دورہ، فیلڈ ٹیموں کے ہمراہ 5 سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے بھی پلائے۔ سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر معیز، ڈی ایچ او، ڈبلیو ایچ او کے نمائندوں کا بھی پولیو ٹیموں کی مانیٹرنگ کے لیے دورہ۔

ساہیوال: 80لاکھ 5سو بچوں کو قطرے پلائے گئے

پولیو ٹیمیں گھر گھر جا کر قطرے پلانے کا عمل مزید بہتر کریں، ڈپٹی کمشنر



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ضلع ساہیوال میں 5 روزہ پولیو مہم کے پہلے روز ایک لاکھ 80 ہزار 5 سو بچوں کو پولیو قطرے پلائے گئے جو پہلے دن کے ٹارگٹ ایک لاکھ 87 ہزار 8 سو بچوں کا 96 فی صد ہے۔ یہ بات پہلے دن کے اختتام پر پولیو مہم کے جائزہ اجلاس میں بتائی گئی جس کی صدارت ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے کی۔ اجلاس میں اے ڈی سی جنرل غلام سرور، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر اظہر نقوی اور ڈی او ہیلتھ ڈاکٹر محمد طاہر چوہدری سمیت متعلقہ افسران نے بھی شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے ہدایت کی کہ روزانہ کے ہدف کو ہر صورت حاصل کیا جائے اور پولیو ٹیمیں گھر گھر جا کر قطرے پلانے کا عمل مزید بہتر کریں۔ انہوں نے پولیو ٹیموں کی کارکردگی جانچنے کے لئے مانیٹرنگ کا عمل بھی جاری رکھنے کی ہدایت کی۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر طاہر چوہدری نے بتایا کہ اس 5 روزہ مہم کے پہلے روز تحصیل ساہیوال میں ایک لاکھ 9 ہزار سے زائد اور تحصیل چیچہ وطنی میں 72 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو ویکسین دی گئی۔ اس کے علاوہ سکولوں میں بھی 24351 بچوں، گلیوں میں 8551، ٹرانزٹ پوائنٹس پر 9494، فکسڈ پوائنٹس پر 2385 اور 13672 مہمان بچوں کو بھی ویکسین دی گئی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اس مہم کے دوران ضلع ساہیوال میں 5 سال سے کم عمر کے 5 لاکھ 32 ہزار 772 بچوں کو ویکسین پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔

شکر گڑھ: فوڈ سیفٹی ٹیموں کا ٹریڈر شاپ پر چھاپہ

590 کلو سے زائد ایکسپائرڈ بسکٹس، نمکو، جیلی سمیت دیگر اشیاء تلف

شکرگڑھ (عمران عارف سے) ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر فوڈ سیفٹی ٹیموں کا ظفروال میں واقع ٹریڈرز شاپ پر چھاپہ، 590 کلو سے زائد ایکسپائرڈ بسکٹس، نمکو، جیلی سمیت دیگر اشیاء تلف، بھاری جرمانہ عائد زائد المعیاد اشیاء کی کھیپ برآمد ہونے پر کارروائی عمل میں لائی گئی۔ تلف کی گئی اشیاء میں ایکسپائرڈ بسکٹس، نمکو، جیلی، چاکلیٹ، چیونگم اور مارش میلو شامل تھیں۔ ٹریڈرز شاپ میں معروف برانڈز کی بھاری مقدار میں اشیاء سٹور کی گئی تھیں۔ ایکسپائر اشیاء کو ظفروال شکرگڑھ نارووال اور نواحی دیہاتوں کی کریانہ اور سپر سٹورز میں سپلائی کیا جانا تھا۔

ڈسٹرکٹ پبلک سکول میں شہدائے پشاور کی یاد میں طلبہ نے شمعیں روشن کیں

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ پبلک سکول میں شہدائے پشاور کی یاد میں طلبہ نے شمعیں روشن کیں۔ شہداء کے ایصال ثواب کیلئے تلاوت کلام پاک سے آغاز ہوا۔ پرنسپل ادارہ محمد زمان چیمہ کا کہنا ہے کہ اس خون آشام اور ہولناک دن کو یاد کر کے آج بھی دل خون کے آنسو روتا ہے۔ بچوں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شہدائے پشاور کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی۔ ہمیں اس ہمت اور جذبے کے ساتھ کام کرنا ہے کہ ضرورت پڑھنے پر اپنے وطن کیلئے جان قربان کرنے سے گریز نہیں کریں گے۔ یہ وطن ہمارا وطن ہے اس کی ناموس کی خاطر ہم ہر وقت تیار ہیں اور یہ جذبہ ہر طالب علم میں ہونا چاہیے۔

شیخ الاسلام پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر القادری کی خوش دامن کی وفات پر ملک کرامت کی ڈاکٹر حسن محی الدین کے ہمراہ انکی رہائشگاہ آمد اظہار تعزیت

شکرگڑھ (عمران عارف سے) شیخ الاسلام پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر القادری کی خوش دامن کی وفات پہ ملک کرامت جنرل سیکرٹری پاکستان عوامی تحریک سنٹرل پنجاب نے انکے بیٹے پروفیسر ڈاکٹر حسن محی الدین سے وفد کے ہمراہ انکی رہائش گاہ لاہور میں اظہار تعزیت کیا اور رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی مغفرت اور بلند درجات کی دعا کی ہے۔

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال چکوال میں بچوں کی فزیوتھراپی کے نئے وارڈ کا افتتاح کر دیا گیا

PEDIATRIC REHAB
DISTRICT HEADQUARTER HOSPITAL CHAKWAL

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال چکوال میں بچوں کی فزیوتھراپی کے نئے وارڈ کا افتتاح کر دیا گیا۔ افتتاحی تقریب میں ڈپٹی کمشنر چکوال میڈم قراۃ العین ملک ایم پی اے مسلم لیگ ن انچارج سیکرٹریٹ چوہدری شہریار کی شرکت تفصیلات کے مطابق۔ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال چکوال میں بچوں کی فزیوتھراپی کے نئے وارڈ کا افتتاح کر دیا گیا افتتاح ڈپٹی کمشنر چکوال میڈم قراۃ العین ملک وسیکرٹریٹ انچارج ایم پی اے پاکستان مسلم لیگ ن چوہدری شہریار سلطان نے کیا۔ اس موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر شیخ رفتار حسین اور سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر ملک محمد سعید نے معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔ چوہدری شہریار سلطان کا کہنا تھا کہ ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال چکوال کے لیے قبل ازیں بھی اس وقت کے وزیر اعلی میاں شہباز شریف نے خطیر فنڈ فراہم کیے تھے اور اب ان شاءاللہ وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز کے دور حکومت میں ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال چکوال مزید ترقی کریگا۔

ماہر قلب سینئر ڈاکٹر ارشد حمید پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی لاہور میں کارڈیالوجی کے اسسٹنٹ پروفیسر کے عہدے پر فائز ہو گئے

شکرگڑھ (عمران عارف سے) ماہر قلب سینیئر ڈاکٹر ارشد حمید پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی لاہور میں کارڈیالوجی کے اسسٹنٹ پروفیسر کے عہدے پر فائز ہو گئے۔ کارڈیالوجی کی کے لیے آپ کی لگن، مہارت اور جذبے نے آپ کو اچھی طرح سے پہچانا ہے۔ یہ کامیابی آپ کی محنت، لگن، اور خدمت خالق کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ آپ کی مہارت اور انسانیت کے جذبے نہ صرف مریضوں کے دل جیتے بلکہ پروفیشن میں بھی ایک مثال قائم کی۔ شکرگڑھ میں ایسے قابل ڈاکٹر کی خدمات قابل تحسین ہیں۔ ماہر قلب ڈاکٹر ارشد حمید کی ترقی پر دوست احباب، رشتے داروں وار مریضوں کی طرف سے مبارکباد کا سلسلہ جاری ہے۔

ڈسٹرکٹ پریس کلب/ یونین آف جرنلسٹس کے انتخابات

سال 2025 کا مرحلہ مکمل ہوگیا۔ تمام عہدیداران بلا مقابلہ منتخب ہو گئے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ پریس کلب/ یونین آف جرنلسٹس کے انتخابات برائے سال 2025 کا مرحلہ مکمل ہوگیا۔ تمام عہدیداران بلا مقابلہ منتخب ہو گئے۔ پریس کلب کے انتخابات کے لیے قائم کیے گئے الیکشن بورڈ کے چیئرمین عبدالجبار رضا انصاری وممبران مہر حبیب اللہ اور ملک جاوید اختر نے سال 2025ء کے بلا مقابلہ منتخب ہونے والے عہدیداران کا باضابطہ اعلان کیا۔ جس کے مطابق صدر چوہدری جاوید اسد، سینئر نائب صدر حافظ عبدالقدیر چوہدری، نائب صدور سید ظہیر عباس شاہ، چوہدری عصمت رشید چٹھہ، جنرل سیکرٹری کاشف احسان تارڑ، جوائنٹ سیکرٹری حاجی شاہد عباس ناہرا، فنانس سیکرٹری محمد اعظم گوندل، ایڈیشنل فنانس سیکرٹری چوہدری مظہر حسین وڑائچ، سیکرٹری اطلاعات مہر ابوبکر اور آفس سیکرٹری رانا محمد عامر بلا مقابلہ منتخب ہوئے۔ ان کے مقابلے میں کسی بھی امیدوار نے کاغذات نامزدگی جمع نہیں کرائے۔ بعد ازاں چیئرمین برائے سال 2024ء چوہدری امجد پرویز چٹھہ نے نومنتخب عہدیداران سے حلف لیا۔ اس سلسلہ میں تقریب پریس کلب میں منعقد ہوئی جس میں ضلع بھر سے صحافیوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ بعد ازاں نو منتخب عہدیداران کو پھولوں کے ہار پہنائے گئے اور ایک بہت بڑی ریلی نکالی گئی۔ ریلی شہر کی مختلف شاہراہوں سے گزری جس کا تاجران نے پرتپاک استقبال کیا۔ اس موقع پر نومنتخب صدر چوہدری جاوید اسد کا کہنا تھا کہ مثبت صحافت کے ذریعے علاقائی مسائل کو اجاگر کرنے اور ضلع بھر کی صحافی برادری کی فلاح و بہبود کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے۔

سود کی شرح کا کم ہونا خوش آئند ہے، فہد نعیم فخری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سود کی شرح میں کمی اور معیشت کی ترقی کے لیے اہم اقدامات چنیوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر فہد نعیم فخری نے کہا ہے کہ ایس ایم تنویر (پیٹرن ان چیف یو بی جی) اور گوہر اعجاز (گروپ لیڈر یو بی جی) کی قیادت میں پاکستان کی معیشت میں اہم تبدیلیاں آ رہی ہیں۔ حکومت نے حالیہ مانیٹری پالیسی کے تحت 200 بیسس پوائنٹس کی کمی کرتے ہوئے سود کی شرح کو 15 فیصد سے کم کر کے 13 فیصد کر دیا ہے۔ فہد نعیم فخری نے اس مثبت اقدام کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ فیصلہ پاکستان کی معیشت کے لیے ایک سنگ میل ثابت ہوگا، اور اس سے صنعتوں کو سستے قرضے ملیں گے، جس سے کاروباری سرگرمیاں اور معیشت کو تقویت ملے گی۔ صدر چنیوٹ چیمبر فہد نعیم فخری نے مزید کہا کہ اس کامیابی کا سہرا ایس ایم تنویر اور یو بی جی کی ٹیم کے سر جاتا ہے، جنہوں نے حکومت کے ساتھ مل کر صنعتوں کے مفادات کو مقدم رکھا اور متعدد اہم اقدامات اٹھائے۔

سردی بڑھتے ہی مچھلی کی قیمت کو بھی 'پر' لگ گئے

لاہور (ایم ایل آئی) سردی کی شدت بڑھنے سے مچھلی کی مانگ بڑھ گئی، کچی مچھلی کے دام 50 سے 200 روپے تک بڑھ گئے۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق کالا رہو 350 سے 650 روپے کلو تک فروخت ہونے لگی، شہر میں سرکاری نرخ نامہ پر عملدرآمد نہ کیا جاسکا، اوپن مارکیٹ میں 20 کلو آٹا 1730 روپے میں فروخت جبکہ چینی 140، گھی 500 سے 550 روپے کلو تک فروخت ہونے لگا۔

ایڈیٹر کی ڈاک

شہباز کالونی میں فیکٹری کی آلودگی

محترم ایڈیٹر صاحب، السلام علیکم

میں شہباز کالونی کی رہائشی ہوں اور یہاں کے ایک بہت سنگین مسئلے کی طرف آپ کی توجہ دلانا چاہتی ہوں۔ ہماری کالونی میں کئی فیکٹریاں قائم ہیں جن کی وجہ سے شدید آلودگی پھیل رہی ہے۔ ان فیکٹریوں سے نکلنے والے دھویں، کیمیکلز اور فضلہ کا اثر نہ صرف ہماری صحت پر پڑ رہا ہے بلکہ ماحول پر بھی منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔

شہباز کالونی میں رہائش پذیر افراد کو سانس کی بیماریوں اور جلد کی الرجی جیسے مسائل کا سامنا ہو رہا ہے۔ خاص طور پر بچوں اور بزرگوں کی صحت متاثر ہو رہی ہے۔ فیکٹریوں کے دھویں سے نہ صرف ہوا آلودہ ہوتی ہے بلکہ ہماری زمین اور پانی بھی اس آلودگی کا شکار ہو رہے ہیں۔

ہم حکومت سے درخواست کرتے ہیں کہ فوری طور پر ان فیکٹریوں کی مانیٹرنگ کی جائے اور آلودگی کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے سخت اقدامات کیے جائیں۔ فیکٹری مالکان کو بھی اس بات کا پابند بنایا جائے کہ وہ ماحول دوست طریقوں سے کام کریں تاکہ علاقے کی آلودگی میں کمی لائی جاسکے۔

ہم امید کرتے ہیں کہ آپ ہمارے مسئلے کو اپنے اخبار کے ذریعے اجاگر کریں گے اور متعلقہ حکام تک ہماری آواز پہنچائیں گے۔

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT

quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

فوجی عدالتوں کو سویلینز کے مقدمات میں سزائیں سنانے کی اجازت

سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے فوجی عدالتوں کو 85 ملزموں کے فیصلے سنانے کی اجازت دیدی ہے۔ آئینی بینچ نے قرار دیا کہ فوجی عدالتوں کے فیصلے سپریم کورٹ میں زیر التوا مقدمے کے فیصلے سے مشروط ہوں گے۔ سویلینز کے ٹرائل کے کیس کی سماعت جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی آئینی بینچ نے کی۔ عدالت نے فوجی عدالتوں کے سوا دیگر تمام مقدمات کی سماعت ملتوی کر دی۔ آئینی بینچ نے کہا کہ جن ملزموں کو سزاؤں میں رعایت مل سکتی ہے وہ رعایت دے کر رہا کیا جائے۔ جن ملزموں کو رہا نہیں کیا جا سکتا انھیں سزا سنانے پر جیلوں میں منتقل کیا جائے۔ جسٹس امین نے ریمارکس دیے کہ سویلینز کے فوجی عدالتوں میں ٹرائل کا مقدمہ امید ہے جنوری میں مکمل ہو جائے گا۔ اس کیس کے مکمل ہونے پر جنوری کے دوسرے ہفتے میں 26 ویں ترمیم کے خلاف درخواستوں کو مقرر کریں گے۔ ہمارے پاس 26 ویں آئینی ترمیم سمیت بہت سے مقدمات پائپ لائن میں ہیں۔

ملزموں کے وکیل اعتزاز احسن نے کہا کہ فوجی عدالتوں میں سزا کی حتمی منظوری آرمی چیف دیتے ہیں۔ ایسا شخص جس نے کیس کا ٹرائل سنا ہی نہ ہو وہ کیسے حتمی منظوری دے سکتا ہے؟ جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ آپ کا سوال سن لیا ہے، اپنے دلائل میں یہ سب بتائیے گا۔ جس پر اعتزاز احسن نے کہا کہ فوج کی زیر حراست افراد کافی وقت گزار چکے ہیں، ان ملزموں کو اب سویلینز عدالتوں میں منتقل کیا جائے۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے کہا کہ سویلینز عدالتوں میں ملزموں کو منتقل کرنے کے لیے سزائیں سنانے کی اجازت دی جائے۔ سزا سنانے کے بعد ملزموں کو دیگر عدالتوں میں منتقل کیا جا سکتا ہے۔ جسٹس امین الدین خان نے حکم دیا کہ جن ملزمان کا ٹرائل مکمل ہو چکا، انھیں فوجداری عدالتوں میں منتقل کریں۔ سزا پانے والے افراد فوجداری عدالتوں میں اپیل کا حق رکھتے ہیں۔ آئینی بینچ نے اپنے حکم نامے میں لکھا کہ فوجی عدالتوں سے سزاؤں کے خلاف ہائی کورٹس میں اپیل کا حق انٹرا کورٹ اپیلوں کے فیصلے تک معطل رہے گا اور ہائی کورٹس میں اپیل کی مدت حتمی فیصلے کے بعد شروع ہوگی۔

ملک میں انتشار، بدامنی پھیلانے اور اس کی سہولت کاری کرنے والوں کے لیے بری خبر یہ ہے کہ سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے فوجی عدالتوں کو سویلینز کے ٹرائلز میں سزا سنانے کی اجازت دیدی ہے۔ یہ معاملہ ایک طویل عرصے سے التوا کا شکار تھا جس کی وجہ سے ملک دشمن عناصر عدالتی سٹے کی آڑ میں اپنے مذموم مقاصد کے حصول کے لیے بلاخوف وخطر ریاست کو ناقابل تلافی نقصان پہنچانے کے درپے تھے۔ اس مدت میں پاک فوج نے بھی انتہائی تحمل سے لمبی عدالتی عمل داری کو برداشت کیا لیکن 9 مئی پر اپنے دوٹوک موقف سے پیچھے نہیں ہٹی۔ اگر اس فیصلے کا بغور جائزہ لیا جائے تو یہ آئینی بینچ کا احسن اقدام دکھائی دیتا ہے اور ایک امید کی کرن بن کر سامنے آیا ہے۔ گو کہ اس فیصلے کو بہت پہلے ہو جانا چاہیے تھا تاکہ 9 مئی 2023ء کے بعد سے لے کر اب تک جو بھی انتشار اور بدامنی کے واقعات ہوئے، جو ریاست پر حملے کیے گئے اور پاکستان کو بین الاقوامی سطح پر بدنام کرنے کی کوشش کی گئی اس کا راستہ روکا جا سکتا مگر اس کے باوجود دیر آید درست آید کے مترادف یہ فیصلہ خوش آئند ہے۔

آئینی بینچ کے اس فیصلے سے ملک میں برسرپیکار دہشت گردوں، سیاست کا لبادہ اوڑھ کر خلفشار اور انتشار پھیلانے والے عناصر اور ہر دوسرے روز لشکر کے ساتھ وفاقی دارالحکومت پر حملہ آور ہونے والے شرپسندوں کی بھی حوصلہ شکنی ہوگی جو اب تک یہ سب کچھ اس بل بوتے پر کر رہے تھے کہ عدالتی سٹے کی وجہ سے 9 مئی کے ذمہ داران، ان کو اکسانے والوں اور سہولت کاروں کو سزائیں نہیں مل رہی تھیں اور ان کے دماغ میں یہ بات بیٹھ چکی تھی کہ ہمیں کس نے پکڑنا اور سزا دینی ہے؟ اب امید ہے کہ ملٹری کورٹس میں جن جن شرپسندوں کے خلاف کیس زیر التوا ہیں ان کے فیصلے آنا شروع ہوں گے جس سے سزا و جزا کا عمل پایہ تکمیل تک پہنچے گا۔ اس کا ایک بڑا فائدہ یہ بھی ہوگا کہ جب ان شرپسندوں اور دہشت گردوں کو سزا مل جائے گی تو آئندہ 9 مئی اور 24 تا 26 نومبر جیسے واقعات کا راستہ روکا جا سکے گا۔

اس فیصلے سے 9 مئی کے سہولت کاروں اور منصوبہ سازوں کے گرد گھیرا بھی تنگ ہوگا اور انھیں بھی قانون کے کٹہرے میں لانے میں مدد ملے گی کیونکہ اصل انصاف تب ہوگا جب ان منصوبہ سازوں اور سہولت کاروں کو کڑا حساب دینا پڑے گا۔ اس فیصلے سے سویلین کا ملٹری کورٹس میں ٹرائل کا حق بھی تسلیم ہو گیا ہے اور وہ ساری آوازیں خاموش ہو گئی ہیں جو یہ بیانیہ تشکیل دینے کی کوشش کر رہی تھیں کہ یہ نہیں ہو سکتا۔ اب تحریک انصاف کی قیادت جس نے 9 مئی میں کلیدی کردار ادا کیا اور 9 مئی کروایا، کو بھی اپنے اعمال کا حساب دینا ہوگا۔ یہ فیصلہ اس بات کو بھی واضح کرتا ہے کہ کسی بھی پرتشدد سیاسی سوچ کی پروان کے لیے عوام کو اپنے پیاروں کو ایندھن بننے سے روکنا ہوگا ورنہ نقصان ان کا اپنا ہی ہوگا۔ یہ بات بھی ثابت ہوتی ہے کہ فوج 9 مئی پر ہر شامل شخص کو قانون کے مطابق سزا دلانے میں کسی جلدی میں نہیں اور 9 مئی سانحہ کے ماسٹر مائنڈ، ہر شرپسند، منصوبہ ساز اور سہولت کار کو منطقی انجام تک لے کر جائے گی۔

9 مئی کا پھندا ہے اور ہم ہیں دوستو!

وغیرہ وغیرہ
عبداللہ طارق سہیل
atsohail@gmail.com

پی ٹی آئی کی ہیئت کذائی عجیب سی ہو گئی ہے۔ کچھ کچھ قابل رحم، کچھ کچھ قابل عبرت۔ اور بعض لوگوں کے خیال میں باعث شرم بھی۔ مجموعی خلاصہ اس تحریف شدہ شعر میں بیان کیا جا سکتا ہے کہ

جو خان بڑی شان سے نکلا تھا 'زمن' سے اڈیالے میں وہ آج غریب الغربا ہے۔

زمن سے مراد زمان و مکان والا زمانہ نہیں ہے بلکہ زمان پارک ہے۔ زمان پارک کا مخفف 'زپک' بھی ہو سکتا ہے لیکن زمن زیادہ 'میوزیکل' ہے۔ بہرحال صورتحال 'غریب الغربا' کی یہ ہے کہ اسے فیصلہ کرنے میں دقت آ رہی ہے۔ کبھی سوچتا ہے سول نافرمانی کر دوں۔ کرا دوں نہیں، یہ بات خیال میں رہے بلکہ یہ کہ کر دوں۔ اس لیے کہ اور تو کوئی کرے گا نہیں، غریب الغربا کو یہ زحمت اکیلے ہی کرنا پڑے گی۔ کبھی سوچتا ہے کہ مذاکرات کر لوں۔ اس میں دقت ہے کہ مذاکرات پارٹی قیادت کے ذریعے ہوں گے اور کل ہی غریب الغربا نے اس پارٹی قیادت کو چارج شیٹ کر دیا ہے۔ ویسے عجیب اتفاق ہے کہ دو روز پہلے ہی غریب الغربا کے 'ماسٹر آف دی سول' جنرل فیض کو چارج شیٹ کیا گیا۔ دو روز بعد پارٹی قیادت چاج شیٹ ہو گئی۔ چارج بڑا خوفناک ہے، یہ کہ میں تو اندر مصیبتیں بھگت رہا ہوں، یہ باہر مزے کر رہے ہیں۔ سچ یہ ہے کہ صرف مزے کر ہی نہیں رہے، اپنے غریب الغربا مرشد پر جو بیت رہی ہے، اس کا سن کر مزے لے بھی رہے ہیں۔

غریب الغربا پر اور مصیبتیں کم تھیں کہ السی کے لڈو سے محرومی کا صدمہ جانکاہ بھی اٹھانا پڑا۔ حد سے زیادہ معتبر ذرائع نے دو ہفتے پہلے خبر دی تھی کہ غریب الغربا اگست سے السی کے لڈو کھا رہے تھے جن کو 'پنیاں' کہا جاتا ہے تاہم یہ روایتی پنیاں نہیں تھیں، ان میں کاجو اور بادام بھی جابجا آویزاں ہوتے تھے۔ حکام نے کسی ناراضگی کی وجہ سے السی کے ان مرصع لڈوؤں کی سپلائی بند کر دی جس کے بعد غریب الغربا کی حالت پتلی ہو گئی اور یوں وہ غریب الغربا سے ترقی پا کر اغرب الغربا ہو گئے۔ تازہ پیشرفت کا علم نہیں ہو سکا، یعنی یہ کہ سپلائی بحال ہوئی یا نہیں۔ اس سے کچھ پہلے دیسی بکرے، دیسی ککڑ کی سہولت واپس لی گئی تھی جو بعدازاں بحال کر دی گئی۔

برسبیل تذکرہ، بعض احباب کو ککڑ کے لفظ پر اعتراض ہوگا کہ یہ صحیح نہیں ہے۔ صحیح لفظ مرغ یا مرغا ہے۔ تو عرض ہے کہ اصل لفظ ککڑ ہی ہے، مرغ فارسی سے آیا۔ فارسی میں مرغ ہر پرندے کو کہا جاتا ہے یعنی بمعنی طائر۔ کسی انشا پرداز نے باغ کی سیر کا احوال لکھا کہ عجب بہار تھی، ہر طرف گلہائے رنگارنگ کے تختوں نے جنت نظر کا سماں باندھ رکھا تھا، ہمہ قسم اشجار کی ٹہنیوں پر انواع بے شمار کے مرغان خوش نوا نے طرح طرح کی بولیاں بول کر فردوسِ گوش کا سامان کر رکھا تھا۔ یہی فارسی والا مرغ اردو ہندی میں آ کر صرف ککڑ کے لیے مخصوص ہو گیا۔ نہ صرف یہ کہ مخصوص ہو گیا بلکہ مرغ سے مرغا بھی ہو گیا۔

یہ بات البتہ سوچ میں ڈالتی ہے کہ السی کے لڈو سردیوں میں کھائے جاتے ہیں، گرمیوں میں نہیں۔ السی جسم کی سردی کم کر کے حدت اور حرارت غریزی بڑھاتی ہے۔ جولائی اگست کی گرمی میں خاں صاحب کے جسم میں ایسی 'سردی' کیوں آ گئی جسے کم کرنے کے لیے انھیں السی کے لڈو کی ضرورت پڑ گئی؟ کیا انقلاب کا شعلہ سرد ہونے سے یہ المیہ رونما ہوا۔ بہرحال، السی کے لڈو ملنا بند ہو گئے تو خاں صاحب متبادل تلاش کرا لیتے۔ مثلاً خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا یا راجہ بازار کے کسی سنیاسی سے کچلہ مدبر کی گولیاں کہ نام حب ازراقی ہے۔ 72، 75 سال کے نوجوانوں کے لیے خاص کی چیز ہے۔ شیدا بھائی ٹلی والے سے معجون ریگ ماہی بھی منگوائی جا سکتی تھی۔

بات کہاں سے کہاں نکل گئی۔ ذکر اس مخمصے کا ہو رہا تھا کہ جس میں خاں صاحب گھرے ہوئے ہیں، یعنی کیا کروں، کیا نہ کروں؟ یوں کروں تو وہ ہو جانے کا ڈر ہے، وہ کروں تو یہ ہو جانے کا اندیشہ ہے، کہا کابل چلے جاؤں، کہا کابل چلے جاؤ، کہا افغان کا ڈر ہے، کہا افغان تو ہوگا۔ ویسے خاں صاحب کو افغان کا ڈر تو بالکل نہیں ہے۔ پی ٹی آئی کے یکے از بانیان اور خان کے سابق میڈیا کوآرڈینیٹر جاوید بدر نے کہا ہے کہ 2018ء میں خاں صاحب نے مجھے حکم دیا، افغان گروہ ٹی ٹی پی کے خلاف کوئی بیان نہیں دے گا کیونکہ اس سے میری ڈیل ہو چکی ہے جس کے تحت طے ہوا ہے کہ افغان صرف ہمیں انتخابی مہم چلانے دیں گے، کسی اور کو چلانے نہیں دیں گے اور پھر ایسا ہی ہوا، خاں صاحب کے سبھی مخالف بم دھماکوں اور ٹارگٹ کلنگ کی زد میں آ گئے اور خاں صاحب الیکشن جیت گئے۔ اور آج تو افغان ہی خاں کی واحد مچان ہیں، اور واحد سائبان بھی۔

ایک ازحد معتبر ذریعے نے تو یہ خبر بھی نشر کر ڈالی ہے کہ خاں صاحب 9 مئی پر معافی مانگنے کو تیار ہو گئے ہیں لیکن شرط لگائی ہے کہ معافی پبلک میں نہیں مانگوں گا، عسکری قیادت کے روبرو مانگوں گا۔ اس شرط کا منظور ہونا مشکل ہے لیکن فرض کیجیے، منظور ہو جاتی ہے تو کیا ہوگا۔ عسکری قیادت اڈیالے حاضر ہوگی تاکہ خاں صاحب اس کے روبرو معافی مانگ سکیں یا خاں کو بڑے ہیڈکوارٹر لے جایا جائے گا۔ اس میں دقت ایک عدد یہ بھی ہے کہ ہرچند عسکری قیادت رازداری برقرار رکھے گی لیکن معافی مانگنے کی وڈیو لیک بھی تو ہو سکتی ہے۔ آج کل بڑے بڑوں کی وڈیو لیک ہو رہی ہے اور پھر پتا بھی نہیں چلتا کہ لیک کس نے کی، میر جعفر ہر جگہ گھسے ہوئے ہیں، فلم بنانے والے گیجٹس ان کی جیب میں بھی ہوتے ہیں، یہاں تک کہ چھت پر رینگتی چھپکلی بعدازاں پتا چلتا ہے کہ چھپکلی نہیں تھی، کیموفلاج کیا گیا کیمرہ تھا۔ اسی لیے نیا محاورہ کچھ یوں ہے کہ خاموش، چھپکلیوں کے بھی کان ہوا کرتے ہیں بلکہ آنکھیں بھی۔

مخمصے ہی مخمصے ہیں۔ ادھر پی ٹی آئی کے رنگ ماسٹر جنرل فیض پر جب سے چارج شیٹ لگی ہے، پی ٹی آئی کے کھڑک سنگھ کا پورا قلعہ لرزہ براندام ہو کر کھڑک رہا ہے اور کھڑکے ہی چلا جا رہا ہے۔ فیض اور خان کے بیان کچھ اس طرح کے آئے ہیں کہ یہ ملاقاتیں معمول کے صلاح مشورے کے لیے ہوتی تھیں، کوئی سازش وغیرہ نہیں ہوتی تھی۔

یہ بالکل سچ کہا، بالکل سچا بیان دیا۔ کوئی سازش نہیں ہوئی تھی، البتہ کچھ بندوبستی پخت و پز ضروری ہوئی تھی کہ حافظ کی تقرری کیسے واپس کرائی ہے۔ اس سلسلے میں ایک بڑے جج سے بات بھی 'ڈن' ہو گئی تھی۔ ایک رٹ دائر ہونی تھی جس کے نتیجے میں 'مکمل انصاف' کرتے ہوئے یہ تقرری خلاف قانون قرار دے کر کالعدم کر دی جاتی اور فیض کے استعفے کو یہ کہہ کر مسترد کر دیا جاتا کہ دباؤ میں دیا گیا ہے۔ پھر خان فیض کی جوڑی کوس لمن الملکی بجاتی اور دس سال تک بجاتی رہتی لیکن بدقسمتی سے ہوا یوں کہ آخری لمحات میں جج صاحب ڈر کر بدک گئے، ازاں بعد بصد عالم مجبوری 9 مئی برپا کرنا پڑا۔ مزید بدقسمتی سے یہ ایڈونچر ناکام ہو کر گلے کا تسمہ بن گیا اور اب 9 مئی کا پھندہ ہے اور ہم ہیں دوستو!

اویس قرنی اور عشق رسول ﷺ

بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

عشقِ رسول ﷺ کے آسمان پر اربوں چاند ستارے روزِ اول سے روزِ محشر تک اِسی طرح چمکتے دمکتے رہیں گے ۔اِن چاند ستاروں کی اپنی اپنی اہمیت اور نرالی ہی شان ہے لیکن اِن چاند ستاروں کے جھرمٹ میں ایک ایسا روشن چاند بھی ہے کہ اس کے سامنے باقی سب کی چمک ماند پڑ جاتی ہے۔ جو اعزاز اور مقام مرتبہ اِس روشن چاند کو ملا وہ اور کسی کے مقدر میں نہیں ہے کیونکہ سید الانبیا تاجدار عرب وعجم افضل البشر رحمتہ للعالمین خاتم النبیین و المرسلین نبی کریم ﷺ نے بار بار اس عاشقِ صادق کے عشق کا اعتراف اور برملا اظہار کیا ہے ساقی کوثر ﷺ نے کئی بار اِس چاند حضرت اویس قرنی کی مدح سرائی کی ہے ۔خالقِ ارض و سما کی یہ کائنات پر اسرار بھیدوں اور رازوں سے بھری ہوئی ہے سرورِ کونین ﷺ ساری عمر حضرت اویس قرنی سے محبت کا اظہار کرتے رہے اور حضرت اویس قرنی بھی ہر لمحے عشقِ رسول ﷺ گزارتے رہے لیکن اللہ تعالی کی بڑی حکمت کے تحت حضرت اویس قرنی کی آقائے دو جہاں ﷺ سے ملاقات نہ ہو سکی حضرت اویس اپنی نابینا اور ضعیفہ والدہ ماجدہ کی خدمت میں ہر وقت حاضر رہتے آپ ہمیشہ والدہ سے اجازت مانگا کرتے مگر وہ اجازت نہیں دیتیں تھیں بالِ آخر ایک دن آپ کی والدہ نے آپ کو اِس شرط پر جانے کی اجازت دی کہ اگر نبی کریم ﷺ گھر پر موجود نہ ہوں تو رکنا نہیں واپس چلے آنا فخرِ دو عالم حضور پر نور ﷺ نے حضرت عائشہ سے فرما دیا تھا کہ خاصانِ خدا میں سے ایک شخص ہمارے گھر آئے گا اگر اتفاقاً میں گھر پر موجود نہ ہوں تو اس نیک مہمان کا بہت زیادہ احترام کرنا اور ان کا حلیہ ضرور یاد رکھنا کیونکہ ان کا حلیہ اور زیارت کرنا سعادت کی بات ہے ماں نے جب دیوانے کو مدینہ جانے کی اجازت دی تو ننگے پاں چاک گریبان سوئے مدینہ بھاگ کھڑے ہوئے خوشی کا یہ عالم کہ پاں زمین پر نہیں تک رہے تھے جب مدینہ منورہ تشریف لائے تو محبت سے درو دیوار کو بوسے دیتے اور راہ گیروں سے پوچھتے اے لوگو میرے محبوب آقائے دو عالم ﷺ کا گھر مبارک کدھر ہے عالم وارفتگی و عشق میں حجرہ حضرت عائشہ پر پہنچے اور دردِ فراق میں ڈوبی آواز سے عرض کی میرے آقا ﷺ کدھر ہیں اس وقت نبی کریم ﷺ گھر پر تشریف فرما نہیں تھے ہماری ماں حضرت عائشہ نے عزت و احترام کرتے ہوئے فرمایا آپ اندر تشریف لے آئیں تو عاشقِ رسول ﷺ نے فرمایا میں اندر نہیں آ سکتا ماں سے آٹھ پہر کی اجازت لے کر آیا تھا چار پہر گزر گئے واپسی میں چار لگ جائیں گے اور الٹے پاں واپس لوٹ گئے اب ہجر و فراق کے زخم اور بھی گہرے ہو گئے ۔حضرت اویس کے جانے کے تھوڑی دیر بعد محسنِ انسانیت محبوب خدا ﷺ گھر تشریف لائے اور فرمایا عائشہ یہ نور کیسا ہے تو عرض کی یا رسول اللہ ﷺ قرن سے اس حلیہ کا آپ ﷺ کا دیوانہ آیا تھا سلام کہہ کر واپس چلا گیا آقا ﷺ نے فرمایا یہ نور اویس کا ہے یہ وہی دیوانہ آیا ہوگا حضور ﷺ پر نور کی چشمانِ مبارک نم آلود ہو گئیں ۔آقا دو جہاں ﷺ کے وصال کے بعد جب حضرت اویس قرنی کو آپ ﷺ کے روضہ مقدسہ کی زیارت کا شوق کا غلبہ چڑھا اور اس وقت آپ کی والدہ ماجدہ بھی وفات پا چکیں تھیں تو آپ مدینہ منورہ تشریف لائے اور مسجد نبوی کے دروازے پر کھڑے ہو گئے تو لوگوں نے کہا یہ نبی کریم ﷺ کا مزار شریف ہے تو یہ سن کر آپ بے ہوش ہو گئے جب ہوش آیا تو فرمایا مجھے اِس شہر سے باہر لے چلو کیونکہ جس زمین میں میرے آقا ﷺ آسودہ خاک ہیں وہاں میرا رہنا مناسب نہیں اِیسی مقدس ومطہر جگہ قدم رکھنا بے ادبی ہے ۔اِس عاشق کی شان دیکھیے جب سرور دو عالم ﷺ کے وصال کا زمانہ قریب آیا تو صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ آپ ﷺ کے بعد آپ ﷺ کا جبہ مبارک کس کو دیا جائے سرور دو جہاں ﷺ نے ارشاد فرمایا اویس قرنی کو ایک روایت میں آتا ہے حضرت عمر فاروق فرماتے ہیں ایک دن رسول کریم ﷺ نے مجھ کو آواز دی اے عمر میں بولا یا رسول اللہ ﷺ میں حاضر ہوں جو حکم ہو بجا لانے کو تیار ہوں حضرت عمر فرماتے ہیں کہ مجھے گمان ہوا کہ آقا نبی کریم ﷺ مجھے کسی کام سے کہیں بھیجیں گے لیکن پیارے آقا ﷺ نے مجھ سے یوں فرمایا اے عمر میری امت میں ایک شخص ہوگا جس کا نام اویس ہوگا اگر تم اس سے ملو تو تمہیں خدا کی یاد آئے گی تم جب بھی اس سے ملنا تو اس کو میرا اسلام کہنا اور اس سے اپنے لیے دعائے مغفرت کی درخواست کرنا کیونکہ وہ اللہ کے نزدیک ایسا معزز ہے کہ اللہ تعالی کے بھروسہ پر کسی بات پر قسم کھا بیٹھے تو اللہ تعالی اِس کی قسم کو سچ کر دیتا ہے۔ حضرت عمر فاروق فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کا ارشاد سنتے ہی میں نے اِس شخص کو تلاش کیا نبی کریم ﷺ کے وصال کے بعد حضرت ابوبکر کا دور ختم ہوا میں مسلسل اسی تلاش میں لگا رہا۔ ایک دن حضرت عمر کوفہ میں آئے اور خطبہ دیا اور کہا اہل نجد کھڑے ہو جاوہ کھڑے ہو گئے پھر فرمایا تم میں کوئی قرن کا رہنے والا ہے تو قرن والوں کو امیر المومنین کے سامنے پیش کر دیا گیا حضرت عمر نے اویس قرنی کے بارے میں دریافت کیا تو زیادہ تر لوگوں نے انکار کیا لیکن ایک شخص بولا میں ایک دیوانے اور حقیر فقیر کو جانتا ہوں وہ لوگوں سے دور بھاگتا ہے وادی میں اونٹ چراتا ہے نہ آبادی میں آتا ہے اور نہ ہی کسی سے میل جول رکھتا ہے جب لوگ ہنستے ہیں تو وہ روتا ہے اور جب لوگ روتے ہیں تو وہ ہنستا ہے یہ باتیں سنتے ہیں حضرت عمر فاروق اور حضرت علی اس وادی کی طرف روانہ ہوئے جب یہ دونوں عظیم حضرات حضرت اویس قرنی کے پاس پہنچے تو وہ اس وقت نماز میں مشغول تھے اور اونٹوں کی حفاظت ایک فرشتہ کر رہا تھا ۔حضرت اویس قرنی نے نماز ختم کی تو حضرت عمر فاروق نے سلام کہا تو انہوں نے سلام کا جواب دیا پھر حضرت عمر نے نام پوچھا تو انہوں نے کہا عبداللہ تو حضرت عمر نے جواب دیا کہ ہم سب بھی اللہ تعالی کے بندے ہیں اپنا خاص نام بتائیں تو حضرت اویس نے جواب دیا اویس تو حضرت عمر نے فرمایا اپنا سیدھا ہاتھ دکھائیں جب حضرت اویس نے ہاتھ دکھایا تو حضرت عمر نے وہ نشانی موجود پائی جو نبی کریم ﷺ نے اشارہ کیا تھا حضرت عمر نے اس نشانی کو بوسہ دیا اور فرمایا رسول خدا ﷺ نے آپ کو سلام بھیجا ہے اور فرمایا کہ میری امت کے لیے دعا کریں حضرت اویس قرنی بولے اچھا تو لا اور مجھے رسول کریم ﷺ کا مرقع دو تاکہ میں دعا کروں حضرت عمر نے مرقع رسول ﷺ حضرت اویس قرنی کو کو دیا اور کہا اب اِس کو پہن کر دعا کریں ۔حضرت اویس قرنی نے کہا کہ صبر کریں ان سے دور جا کر مرقع کسی گوشہ میں رکھا اور پیشانی کو خاک پر رگڑ کر عرض کہ یا الہی جب تم تمام امت محمدی ﷺ کو نہ بخش دے گا اس مرقع کو جو تیرے محبوب ﷺ نے مجھے بھیجا ہے نہیں پہنوں گا۔ غیب سے آواز آئی میں کچھ امت کو بخش دیا لباس پہن لیں عرض کیا کہ جب تک تمام امت کو بخشوا نہیں لوں گا اس وقت تک یہ لباس نہیں پہنوں گا یہ تکرار بڑھتی چلتی گئی اور امت کی بخشش میں اضافہ ہوتا چلا گیا یہاں تک کہ حضرت عمر اور حضرت علی آپ کے پاس آتے ہیں کہ آپ کیا کر رہے ہیں ۔جب حضرت عمر اور حضرت علی قریب آئے تو بولے ہائے افسوس تم لوگ یہاں کیوں آ گئے اگر نہ آتے تو میں جب تک ساری امت محمدی ﷺ کو بخشوا نہ لیتا یہ لباس نہ پہنتا۔ پھر حضرت اویس قرنی نے آقائے دو جہاں ﷺ کا لباس مبارک پہن لیا اور کہا اللہ تعالی نے ربیعہ اور مضر کی تعداد کے برابر امت محمدی ﷺ کو اِس لباس شریف کی برکت سے بخش دیا ہے۔

انیقہ شوکت کا سانحہ: کیا انسانیت کا نام باقی ہے؟

تخلیق نامہ
تخلیق صدیقی

بیٹی ایک ایسا نایاب پھول ہے جو ہر گھر میں نہیں کھلتا ہمارے پیارے نبی حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے کسی نے پوچھا کہ اللہ تبارک وتعالی بندے سے کب خوش ہوتا ہے اپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جب اللہ پاک بیٹی عطا فرماتا ہے اسی سوال کو دوسری مرتبہ دہرایا گیا نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا یہی فرمان کہ اللہ پاک جب راضی ہوتا ہے تو انسان کو بیٹی عطا فرماتا ہے تیسری مرتبہ بھی یہی سوال کیا گیا جب اللہ پاک بہت راضی ہوتا ہے تو اپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھر اللہ پاک بیٹی عطا فرماتا ہے والدین ساری زندگی بیٹی کو نازوں سے پالتے ہیں بیٹی کی چھوٹی چھوٹی خواہشوں کو پورا کرنے کے لیے محنت کرتے ہیں بیٹی کی ایک مسکراہٹ پر جی اٹھتے ہیں بیٹیاں تو والدین کی جان ہوتی ہیں جب بیٹی مسکراتی ہے تو والد کی عمر بڑھ جاتی ہے لیکن ہم جس معاشرے میں جی رہے ہیں یہاں بیٹیوں کے ساتھ جتنی زیادتیاں ہو رہی ہیں بیان سے باہر ہیں بیٹیوں کو زندہ جلایا جا رہا ہے سر کاٹے جا رہے ہیں اور حیرت کی بات ہے ہمارا قانون جو ہے نا وہ جاگتا بھی اس وقت ہے جب کسی بیچارے باپ کی بیٹی کی زندگی ختم ہو جاتی ہے اس سے پہلے باپ تھانوں کے چکر لگاتا رہے چیختا رہے چلاتا رہے کہ میری بیٹی کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے اس کا شوہر مارتا ہے اس کی ساس سسر دیور ظلم کرتے ہیں مگر تھانوں میں کیا ہوتا ہے صلح کروا کے واپس بھیج دیا جاتا ہے کہ یہ اپس کا معاملہ ہے اور اسی دوزخ میں واپس بھیج دیا جاتا ہے جہاں اس کو اذیت ناک موت کے گھاٹ اتار دیا جاتا ہے جیسا کہ انیقہ شوکت کے ساتھ ہوا اور ہمارے ملک کا قانون بھی تو ایسے ہی ہے کہ یہ غریب کے لیے کچھ اور اور امیر کے لیے کچھ اور ہے تقریباً چار سال پہلے، انیقہ شوکت کی شادی ہوئی جو واقعہ پیش آیا، یہ صرف ایک فرد کی کہانی نہیں بلکہ ہمارے معاشرتی نظام کی ناکامی کا ایک واضح عکس ہے۔ انیقہ کی شادی ایک ایسے شخص سے ہوئی تھی جو نشے کا عادی تھا اور اس کے ساتھ زندگی گزارنا اس کے لیے کسی عذاب سے کم نہیں تھا۔ شوہر کی طرف سے کی جانے والی جسمانی اور ذہنی اذیت نے انیقہ کی زندگی کو اجیرن بنا دیا تھا۔ آخر کار، وہ ظلم اور تشدد برداشت کرتے کرتے اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھی۔

میڈیکل رپورٹس کے مطابق انیقہ کی موت کی وجہ اس پر ہونے والا تشدد تھا جس کی بدولت دل کے ایک طرف خون جمنے کے باعث اس کے دل کی حالت خراب ہو گئی تھی۔ یہ واقعہ ایک سنگین حقیقت کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ ہمارے معاشرے میں خواتین کے حقوق کا کس حد تک استحصال ہو رہا ہے۔ انیقہ جیسے کئی افراد ہیں جو معاشرتی خاموشی اور قانونی عدم مدد کی وجہ سے زندگی کی بنیادی حفاظت سے بھی محروم ہیں۔

انیقہ کے والد شیخ شوکت نے اپنی بیٹی کی حالت بہتر بنانے کی ہر ممکن کوشش کی۔ وہ ایک شریف انسان ہیں اور اپنی بیٹی کے بارے میں جاننے کی کوششیں کبھی بھی ختم نہیں کی یہاں تک کہ پیسوں کے ذریعے بھی مدد کرتا رہا تاکہ اس کی بیٹی محفوظ رہے مگر اس کا نتیجہ کچھ نہیں نکلا۔ بعض اوقات تو اس گھٹیا انسان کی طرف سے شیخ شوکت پر بھی تشدد ہوا، ان کے داماد کی طرف سے فائرنگ کی گئی، پستول دکھایا گیا اور ان کے ساتھ حراساں کرنے کے واقعات پیش آئے۔ لیکن ان سب کے باوجود، انیقہ اپنے دو بچوں کی خاطر خاموشی سے اس ساری اذیت کو برداشت کرتی رہی۔ ایک ماں کی بے بسی اور ایک والد کی کوششیں، دونوں اس واقعے میں افسوسناک طور پر ناکام ہو گئیں۔ شعر

!!بیٹی کی مسکراہٹ میں چھپی ہوتی ہے دعا
وہ دل کی خوشبو ہے جو ہر پل ساتھ چلے!!

یہ واقعہ نہ صرف انیقہ کی ذاتی کہانی ہے، بلکہ ہمارے معاشرے میں خواتین کے خلاف تشدد کی بڑھتی ہوئی لہر کی حقیقت کو بھی اجاگر کرتا ہے۔ کیا ہم اس قدر انسانیت سے گرے ہوئے ہیں کہ اپنے رشتہ داروں کی تکالیف پر خاموشی اختیار کر لیں؟ کیا ہم اپنی بیٹیوں کی حفاظت کے لیے ضروری اقدامات نہیں اٹھا سکتے؟ یہ سوالات نہ صرف اس کہانی کی بنیاد پر بلکہ ہمارے معاشرتی رویے پر بھی سنگین سوالات اٹھاتے ہیں۔

ہمیں اس بات کو سمجھنا ہوگا کہ ایک بیٹی کی زندگی کی قدر کرنا ہمارا اخلاقی اور سماجی فرض ہے۔ والدین کو اپنی بیٹیوں کے ساتھ ہر ممکن تعاون اور حمایت فراہم کرنی چاہیے تاکہ وہ کسی بھی قسم کے تشدد اور اذیت کا شکار نہ ہوں۔ اگر ہمیں یہ معاشرتی مسائل حل کرنے ہیں تو ہمیں اپنے خاندانوں میں روایات اور ذمہ داریوں کی اہمیت کو سمجھنا ہوگا۔ بیٹیوں کی حفاظت اور ان کے حقوق کا تحفظ، ایک فرد کی نہیں بلکہ پورے معاشرے کی ذمہ داری ہے۔

انیقہ کی کہانی ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ ہم اپنی بیٹیوں کی خبرگیری میں کسی قسم کی کوتاہی نہیں برت سکتے۔ ہمیں انہیں محبت، تحفظ اور احترام فراہم کرنا ہوگا تاکہ وہ اپنی زندگیوں میں کسی بھی قسم کے تشدد یا ناانصافی کا سامنا نہ کریں۔ اگر ہم اپنے خاندانوں میں اس طرح کی تبدیلی نہیں لا سکتے تو پھر ہم کس طرح ایک بہتر معاشرتی تبدیلی کی امید کر سکتے ہیں؟

اس سانحے سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ ہمیں اپنی بیٹیوں کی حفاظت کے لیے سختی سے قدم اٹھانے کی ضرورت ہے۔ ہمیں ان کی حفاظت کے لیے قوانین کی حمایت کرنی چاہیے، ان کے حقوق کا احترام کرنا چاہیے اور ان کے ساتھ ہر قدم پر کھڑے ہونا چاہیے۔ ہمیں انسانیت کے نام پر اپنی ذمہ داریوں کو سمجھنا ہوگا اور اپنی بیٹیوں کے لیے ایک محفوظ، خوشحال اور عزت دار زندگی فراہم کرنا ہوگی۔

افغانستان اور شام میں پیدا ہونے والی ہلچل

برملا
نصرت جاوید
nusrat.javeed@gmail.com

نقشے پر نگاہ ڈالیں تو افغانستان شام سے بہت دور نظر آتا ہے۔ ان دو ممالک کی ثقافت میں اسلام کے علاوہ مشترک باتیں ڈھونڈنا بھی بہت مشکل ہے۔ 1980ء کی دہائی نے مگر جغرافیائی اور ثقافتی شناختیں بھلا کر عرب دنیا کے تقریباً ہر ملک کے نوجوانوں کی اکثریت کو 'افغان جہاد' کی جانب متوجہ کیا۔ لطیفہ یہ بھی ہوا کہ مذکورہ 'جہاد' کو سرکاری سطح پر سب سے زیادہ مصر کی حکومت نے پروپیگنڈا ٹول کے طور پر استعمال کیا۔ بنیادی وجہ اس کی یہ تھی کہ مصر کے صدر سادات نے اسرائیل کے ساتھ امریکہ کے ایما پر کیمپ ڈیوڈ معاہدہ پر دستخط کیے تھے۔ اس کی جانب سے اسرائیل کو باقاعدہ ریاست کے طور پر تسلیم کیے جانے کو مسلم امہ کی بے پناہ اکثریت نے اسلام سے غداری مترادف ٹھہرایا۔

مصر میں کئی دہائیوں سے 'احیائے اسلام' کے لیے اخوان المسلمین نامی تنظیم بھی کام کر رہی تھی۔ یہ نہایت منظم جماعت تھی جو قدامت پرست حلقوں میں بہت مقبول تھی۔ سادات کی جانب سے اسرائیل کے ساتھ صلح کے معاہدے کے بعد اس کا اثر بہت تیزی سے مصر کے شہری متوسط طبقے میں بھی ردعمل کے طور پر پھیلنا شروع ہوا۔ مصر کی اشرافیہ کا اہم حصہ بھی اخوان سوچ سے متاثر ہونا شروع ہو گیا۔ خود کو اخوان المسلمین کے بڑھتے اثر سے 'محفوظ' رکھنے کے لیے سادات افغان جہاد کا کٹر حامی بن گیا۔ اس نے اپنی فوج کے لیے خریدی روسی کلاشنکوف کی کثیر تعداد بھی افغان مجاہدین کو تحفتاً بھجوانا شروع کر دی۔ افغان مجاہد مصر سے ملی ان بندوقوں کو ان کے ملک میں در آئی کیمونسٹ فوجوں سے چھینی بندوقیں بتاتے ہوئے اپنے جہادی کارناموں کی تشہیر کے لیے استعمال کرتے۔

سادات نے اس کے علاوہ نہایت مکاری سے مصر کے کئی دانشوروں اور جہاد کو بے چین نوجوانوں کو بھی افغانستان بھجوانے کے لیے اکسانا شروع کر دیا۔ اسے گماں تھا کہ جذباتی نوجوانوں کو افغان جہاد کی نذر کرنے کے بعد وہ اور اس کی حکومت محفوظ و مستحکم رہے گی۔ ایسا مگر ہوا نہیں۔ سادات کو ایک فوجی پریڈ میں اس کے سپاہیوں ہی نے قتل کر دیا۔ اس کے بعد آئے حسنی مبارک کی حکومت کو کئی برسوں تک افغان جہاد کی بدولت 'انقلابی' ہوئے مسلم انتہا پسندوں پر قابو پانے کے لیے جابرانہ ہتھکنڈے استعمال کرنا پڑے۔

مصر کے علاوہ شام کے بے شمار نوجوان بھی افغان جہاد میں شریک ہونے کو بے تاب رہے۔ مجھے خبر نہیں کہ حال ہی میں اسد راج کا خاتمہ کرنے والی تنظیم - ہیئت تحریر الشام - کا سربراہ ابو محمد الجولانی جہاد میں حصہ لینے کے لیے افغانستان آیا تھا یا نہیں۔ عراق پر امریکا کے قبضے کے بعد وہ مگر اپنے ملک سے وہاں چلا گیا تھا۔ عراق میں اس نے القاعدہ سے منسلک زرقاوی کی بنائی تنظیم میں شمولیت اختیار کی۔ اسامہ بن لادن کی ہلاکت کے بعد مصر سے ابھرے ڈاکٹر ایمن الظواہری سے بھی رابطے میں رہا۔ عراق ہی میں وہ امریکا کی قید میں چلا گیا۔ امریکا کی قید میں پانچ برس گزارنے کے بعد وہ 'معتدل مزاج' ہو گیا۔ اب پگڑی اور عبا نہیں فوجی کمانڈوز کی وردی پہنتا ہے اور شام کے عوام کو یقین دلانے کی کوشش میں مصروف کہ اس کی نگہبانی میں چلائی حکومت خواتین کے ساتھ افغان طالبان والا رویہ اختیار نہیں کرے گی۔

کالم کا آغاز شام اور افغانستان کے مابین اسلام کے علاوہ چند مشترکہ باتیں ڈھونڈنے سے ہوا تھا۔ ان کی نشاندہی مقصود نہ تھی۔ سچی بات یہ ہے کہ جب سے شام میں اسد راج کا خاتمہ ہوا ہے میرا وسوسوں بھرا دل نجانے کیوں جبلی طور پر یہ سوچنا شروع ہو گیا کہ اب افغانستان میں بھی کوئی 'بڑا واقعہ' ہوگا۔ بدقسمتی سے بدھ کے روز میرے دل میں امڈتے خدشات درست ثابت ہوئے۔ افغانستان کے مشہور زمانہ حقانی نیٹ ورک کے خلیل الرحمن حقانی جو مجاہدین کے معاملات دیکھنے والی وزارت کے مدار المہام تھے اپنے دفتر میں ایک اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے بم دھماکے کے ذریعے جاں بحق ہو گئے۔

سوشل میڈیا کی وجہ سے کنوئیں کے مینڈک ہوئے پاکستانیوں کی اکثریت کے لیے یہ سوچنا بہت دشوار ہوگا کہ خلیل الرحمن حقانی کا قتل افغانستان کے لیے بھونچال ثابت ہوگا۔ افغان طالبان نظر بظاہر کٹر اسلامی ہونے کی وجہ سے ہمیں متحد اکائی کی صورت نظر آتے ہیں۔ 'نظریات' مگر افغانوں کو متحد اکائی کی صورت دینے میں اکثر ناکام رہے ہیں۔ طالبان سے پہلے وہاں کیمونسٹ ابھرے تھے۔ 'کٹر کیمونسٹ' بھی لیکن خلق اور پرچم دھڑوں میں منقسم رہے۔ اپریل 1978ء کا 'انقلاب ثور' خلق دھڑے نے اپنے کھاتے میں ڈال لیا۔ اس کے سربراہ کا تعلق قندھار سے تھا۔ 'پرچم' دھڑے والوں نے مگر اس کی 'انقلابی' سوچ پر سوال اٹھانا شروع کر دیے۔ اس دھڑے میں شامل بیشتر افراد کابل کے معتدل طبقے سے تعلق رکھتے تھے۔ وہاں کی مشہور یونیورسٹیوں کے طالب علم رہے تھے۔ ایک حوالے سے وہ افغان اشرافیہ کے نمائندے بھی تھے۔ ان کے برعکس نور محمد ترکی جیسے 'خلقی' قندھار کی دہقانی سوچ کے نمائندہ سمجھے جاتے تھے۔ خلق اور پرچم دھڑوں کے مابین جاری رہی کش مکش نے بالآخر سوویت یونین کو مجبور کیا کہ وہ اپنے ہمسائے میں آئے 'انقلاب' کو بچانے کے لیے اپنی افواج دسمبر 1979ء میں کابل پر قابض فوج کی صورت بھیج دے۔

کٹر اسلام پسند ہونے کے باوجود طالبان بھی قندھار اور افغانستان کے مشرق سے ابھرے حقانی جیسے گروہوں میں تقسیم ہیں۔ حقانی پاکستان کے بے شمار وجوہات کی بدولت قریب شمار ہوتے ہیں۔ اس دھڑے کی حقیقی قیادت خلیل الرحمن کے پاس تھی جو ایک مشہور مجاہد جلال الدین حقانی کے برادر خورد ہیں۔ حقانی دھڑے کو پس منظر میں رہتے ہوئے منظم رکھنا ان کی ذمہ داری تھی۔ موصوف ایک کائیاں سفارت کار بھی تھے جو عالمی دنیا کو یہ سمجھانے میں مصروف رہتے کہ طالبان کو 'معتدل مزاج' ہونے کے لیے وقت درکار ہے۔ ان کے قتل کے بعد کابل میں انتہا پسند دھڑے توانا تر محسوس کریں گے جو افغانستان کے پاکستان جیسے ہمسایوں کے لیے اچھی خبر نہیں ہے۔

معاف کرنا اور آگے بڑھنا ہے!

صدائے سحر
شاہد ندیم احمد
sadaaysehar@gmail.com

اہل سیاست مذاکرات کی باتیں تو بہت کرتے رہتے ہیں، مگر جب مذاکرت کرنے کی بات آتی ہے تو ادھر اُدھر دیکھنے لگتے ہیں ،جبکہ مذاکرات ہی سیاسی مسائل کے حل اور درپیش بحران کے خاتمے کا واحد راستہ ہے ،پچھلے تین برس سے جاری بحران میں جتنا زور مل بیٹھ کر مسائل کے حل پر دیا گیا' کسی اور معاملے پر نہیں دیا گیا، حکومت اور حزب اختلاف ایک دوسرے پر ہی ڈالتے چلے آ رہے ہیں، اب جبکہ پی ٹی آئی مذاکرات کیلئے آمادگی دکھائی ہے تو حکومت کی جانب سے سرد مہری کا تاثر دیا جا رہا ہے، یوں ایک بار پھر مذاکرات کے ذریعے سیاسی مسائل کے حل کی خواہش پر اوس پڑتی دکھائی دیے رہی ہے، اگر یہ صورتحال ایسے ہی برقرار رہی تو سیاسی مسائل' جو پہلے ہی شدت اختیار کر تے جا رہے ہیں' آنے والے دنوں میں مزید شدت اختیار کر جائیں گے۔

اگر دیکھا جائے تو اس وقت ملک کو ایک نہیں کئی چیلنجز درپیش ہیں۔، ایک طرف سیاسی انتشار بڑھتا جا رہا ہے تو دوسری جانب دہشت گردی کا عفریت بار بار سر اٹھا رہا ہے، اس دہشت گردی میں جوانوں کی شہادتیں بھی ہو رہی ہیں، اگر ملک میں سیاسی طور پر بے چینی نہیں ہو گی ،کاروبار مملکت تمام سیاسی جماعتوں کی شمولیت سے بخیر و خوبی چل رہا ہوگا تو پھر دہشت گردی کے ایشو سے نمٹنا بھی آسان ہوگا۔ اس مسئلے سے مستقل نجات کے لیے آپریشن کے ساتھ کوئی دوسرا متفقہ طریق کار بھی اختیار کیا جائے تو اس کی کامیابی کے امکانات زیادہ روشن ہو سکتے ہیں، لیکن سب سے پہلے سیاسی انتشار کا خاتمہ ڈیلاگ کے ذریعے بہت ضروری ہے۔

اس حکومت پر لازم ہے کہ مذاکرات کی پیشکش پر سنجیدگی دکھائے ،یہ سیاست اور معیشت کیلئے ہی نہیں ، قیام امن کیلئے بھی انتہائی ضروری ہے، لیکن یہ سب کچھ تب ہی ممکن ہو گا ، جبکہ مذاکرات کیلئے فضا سازگار بنائی جائے گی ، کیونکہ مذاکرات کی کامیابی کے لیے سازگار فضا ایک بنیادی تقاضا ہے، اس کیلئے دونوں ہی بڑی پارٹیوں پی ٹی آئی اور مسلم لیگ (ن) کو اپنے سوشل میڈیا کو فوری طور پر بریک لگانا ہوگی، اس کے علاوہ مسلم لیگ (ن) کے عطا تارڑ اور طلال چودھری' کی دوران مذاکرات زبان بندی کرنا ہوگی تو ہی سیاسی ماحول خوشگوار ہو سکتا ہے اور مذکراتی عمل کامیابی سے ہمکنار ہو سکتا ہے ،سیاسی مسائل ترجیحی بنیادوں پر' جلد از جلد اور پر امن طریقے سے حل ہونے چاہئیں، قومی اتحاد اور سیاسی استحکام کی ضرورت یوں تو ہمیشہ سے ہی رہی ہے، مگر موجودہ حالات میں قومی یکجہتی کی کہیں زیادہ ضرورت ہے۔

اس میں اہل سیاست کو اپنا مثبت کردار ادا کرنا ہوگا ، سیاسی انتقام وانتشار کی سیاست کو خیر باد کہہ کر جمہوری اصولوں سے رجوع کر نا ہوگا ، ایک دوسرے کو قبول کرنا ہوگا اور ایک دوسرے کو راستہ دینا ہوگا ، اگر ہم ماضی کو ہی کھنگالتے رہیں گے اور ایک دوسرے کو راستے سے ہٹانے میں ہی لگے رہیں گے تو یہ زخم کبھی مندمل نہیں ہو پائیں گے، اگر ہم نے کوئی نئی شروعات کرنی ہے تو پھر ماضی کو بھلانا ہی پڑے گا ، ایک دوسرے کو معاف کر کے بات کو آگے بڑھنا ہی پڑے گا، اس ملک کے حالات بھی معاف کرنے اور مل جل کر آگے بڑھنے کا ہی تقاضا کر رہے ہیں۔

اگر ہم نے ماضی کو بھلانے اور آگے بڑھنے کا ارادہ کر ہی لیا ہے تو اس کا راستہ بات چیت سے ہی نکلے گا، لیکن بات چیت خلا میں نہیں ہو سکتی' اس کیلئے زمین ہموار کرنا پڑتی ہے، یہ اب حکومت اور اپوزیشن کی ذمہ داری ہے کہ بات چیت کو عملی شکل دینے کیلئے مناسب ماحول بنائے، اس کیلئے جس فریق کے ذمہ جو کچھ ہے، وہ خلوص دل سے انجام دیے، حزب اختلاف کو ایسا تاثر رد کرنا ہوگا کہ اس کے سیاسی دباؤ کے آگے بے بس ہو کر حکومت مذاکرات قبول کرنے پر مجبور ہے، حکومت کو بھی چاہیئے کہ لیت ولعل سے کام لینے اور مذاکرات کی آفر کو فریق مخالف کی کمزوری ثابت کرنے کی کوشش سے گریز کرے ، سیاسی تصادم سے کچھ حاصل ہونے والا نہیں، بلکہ دونوں فریق کا مزید نقصان ہی ہوگا۔

اس کا ادراک جتنا جلد کر لیا جائے ،اُتنا ہی سب کیلئے بہتر ہے ، دوسری صورت میں بے اعتمادی بڑھتی چلی جائے گی ،اس مذاکراتی عمل میں بے اعتمادی ہی آڑے آ رہی ہے، حکومت کو بے یقینی ہے کہ اس مذاکرات کو بانی تحریک انصاف کسی بھی دن سبوتاژ کر سکتے ہیں اور مذاکراتی کمیٹی کو کسی وقت چارج شیٹ کر سکتے ہیں، دوسری جانب تحریک انصاف کو بھی مکمل یقین نہیں ہے کہ ان مذاکرات کے نتیجے میں اسے کوئی ریلیف ملے گا، تحریک انصاف قائد تو چاہتے تھے کہ طاقت ور حلقوں سے براہ راست مذاکرات ہوں، مگر مقتدرہ کے مسلسل انکار سے تحریک انصاف کی مایوسی میں اضافہ ہوا ہے، تحریک انصاف کو اعتبار قائم کرنا ہوگا اور حکومت کو اعتماد دینا ہوگا ، ورنہ ہر مذاکرات کا نتیجہ صفر جمع صفر ہی نکلے گا۔

صنم تم کو بھی لے ڈوبیں گے

مکتوب امریکہ
طیبہ ضیا

فیض حمید کے خلاف چارج شیٹ جاری کر دی گئی۔ ہم تو ڈوبے ہیں صنم تم کو بھی لے ڈوبیں گے۔ 12 اگست 2024ء کو پاکستان آرمی ایکٹ کی متعلقہ دفعات کے تحت لیفٹیننٹ جنرل (ر) فیض حمید کے خلاف فیلڈ جنرل کورٹ مارشل کی کارروائی شروع کی گئی، فیلڈ جنرل کورٹ مارشل کے اگلے مرحلے میں فیض حمید کو باضابطہ طور پر چارج شیٹ کر دیا گیا ہے، ان چارجز میں سیاسی سرگرمیوں میں ملوث ہونا، آفیشل سکریٹ ایکٹ کی خلاف ورزیاں کرتے ہوئے ریاست کے تحفظ اور مفاد کو نقصان پہنچانا، اختیارات اور سرکاری وسائل کا غلط استعمال اور افراد کو ناجائز نقصان پہنچانا شامل ہیں، آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ جنرل کورٹ مارشل کے عمل کے دوران ملک میں انتشار اور بدامنی سے متعلق پرتشدد واقعات میں لیفٹیننٹ جنرل فیض حمید (ر) کے ملوث ہونے سے متعلق علیحدہ تفتیش بھی کی جا رہی ہے، ان پرتشدد اور بدامنی کے متعدد واقعات میں 9 مئی سے جڑے واقعات بھی شامل تفتیش ہیں، ان متعدد پرتشدد واقعات میں مذموم سیاسی عناصر کے ساتھ ملی بھگت کا الزام بھی شامل ہے، فیلڈ جنرل کورٹ مارشل کے عمل کے دوران فیض حمید کو قانون کے مطابق تمام قانونی حقوق فراہم کیے جا رہے ہیں۔۔۔ عمران خان نے مشرف سے لے کر جنرل قمر جاوید باجوہ تک سب کے خوب بوٹ پالش کیے۔ اور جب ان کی دس سالہ منصوبہ بندی کا بھانڈہ بیچ چوراہے پھوٹ گیا تو اداروں کے لئے وہ شرمناک زبان اور رویہ اپنایا کہ ایسی سوچ سے شیطان بھی پناہ مانگ رہا ہے۔ اس سے بڑا خود غرض احسان فراموش بے مروت تاریخ نے کوئی سیاستدان نہیں دیکھا۔ تکبر اور انا پرستی نے اسے وہاں پہنچا دیا ہے جہاں سے شاید ہی کوئی بچ پایا ہو۔ کنٹینر پر کھڑے امیر زادوں کو کئی گولیاں لگیں لیکن سب محفوظ رہے؟ نیچے کھڑے ایک غریب ورکر کو صرف ایک گولی لگی اور وہ چل بسا۔ مگر یہ حقائق ہوشمندوں کے لئے ہیں۔ جہاں شخصیت پرستی آ جائے وہاں شعور رخصت ہو جاتا ہے اور برین واشنگ جگہ لے لیتی ہے۔ عمران خان صاحب کے مشیران اور چلوں وظائف سے قطع نظر، کانوں کے کچے اور مقبولیت کے زعم میں گرفتار تمام کارڈز استعمال کر چکے ہیں۔ اب فقط شناختی کارڈ بچا ہے۔ پی ٹی آئی کی حکومت میں خان نے سیاست ،طارق جمیل نے تبلیغ ،پیرنی نے چلہ ،فیض حمید نے فوج ،ثاقب نثار نے عدلیہ اور بول اے آر وائی ٹی وی چینلز اور سوشل میڈیا نے مورچے سنبھال رکھے تھے مگر تبدیلی، انقلاب، نیا پاکستان، ریاست مدینہ، حقیقی آزادی، کچھ بھی نصیب نہ ہو سکا۔۔۔۔؟ پہلوں نے جس ملک کو اگر تباہ کرنے میں چالیس برس لگائے اس ایک نے صرف ساڑھے تین سال میں وہ کام کر دکھایا کہ دوسری باری لینے کے لئے مقبولیت بھی ساتھ نہیں دے رہی۔ اس دیوداس کی پاروتے نے کہا تو ڈوب اس نے اپنی ٹانگ توڑ دی، اسمبلی توڑ دی مگر مقبولیت کا دیوداس آج جیل میں پڑا ہے۔ بھلے لاکھ ایاک نعبد وایاک نستعین پڑھتے رہو، اگلی آیت مبارکہ بھی پڑھ لیا کرو کہ رب ہدایت بھی دے۔ نوجوانوں اور عورتوں کی جو کھیپ رنگیلے نے تیار کر دی ہے اس ملک کو اب دشمن کی ضرورت نہیں رہی۔ نواز شریف کو مدت پوری نہ کرنے دی اور غیر آئینی طریقے سے نکلوا دیا۔ تب اس نے سوچا تھا کہ جیسا کرو گے ویسا بھرو گے؟۔ نواز شریف کہتے رہے مجھے کیوں نکالا کیوں نکالا؟ پھر رنگیلا بھی جب نکالا گیا تو جیل سے بھی چیخوں کی بازگشت سنائی دے رہی ہے کہ مجھے کیوں نکالا۔ وہ محسن جو کل آپ کے مائی باپ تھے آج ان کے خلاف غلیظ مہم چلا رہا ہے؟ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے برحق فرمایا""جس کم ظرف پر احسان کرو اس کے شر سے بچو" جو کھچڑی اندر پک رہی تھی اس پر بروقت قابو پانے کے لئے سابق آرمی چیف کو آپ کی نظروں میں برا تو بننا پڑا مگر انہوں نے ملک اندرونی سازش سے بچا لیا۔ جب نواز شریف نے جنرل قمر جاوید باجوہ کو آرمی چیف بنایا تو اس وقت ایک سابق مقتدر شخصیت کے دستخط سے منظور شدہ عمران خان پروجیکٹ آخری مراحل میں تھا جسے مقدس ڈاکٹرائن سمجھ کر آگے بڑھایا گیا۔ پانامہ میں نواز شریف اور ان کی بیٹی کو الیکشن سے پہلے جیل میں ڈال کر عمران خان کو وزیر اعظم بنانے کا فائنل راونڈ شروع ہوا۔ بیساکھیاں مہیا کی گئیں اور عمران خان وزیر اعظم بن گئے۔ سب کچھ ٹھیک چل رہا تھا لیکن 2019ء میں جب عمران خان نے جنرل باجوہ سے کہا کہ ڈی جی آئی ایس آئی جنرل عاصم منیر کو ہٹایا جائے۔ جس پر جنرل باجوہ صاحب نے پہلی مرتبہ خطرے کی لائن کراس ہوتے دیکھی مگر خاموشی اختیار کر لی۔ عمران خان بضد رہے اور جنرل باجوہ کو نہ چاہتے ہوئے بھی ان کا فیصلہ ماننا پڑا۔ عمران خان نے اس کے چند ہفتوں کے اندر ساری پی ڈی ایم قیادت کو جیل میں ڈال دیا۔ ملک میں سیاسی بحران پیدا ہو گیا اپوزیشن پر عرصہ دراز تنگ کر دیا گیا ملک کی ساری انتظامی مشینری اور دولت اپوزیشن کو دیوار سے لگانے پر صرف ہو گئی جس کے نتیجے میں ملک کی معیشت بیٹھ گئی۔ فروری 2021ء میں فیصلہ ہوا کہ پاک فوج کا سیاست سے پیچھے ہٹ جانا ہی ملک کے مفاد میں ہے۔ تمام آفیسرز کو ہدایات جاری کر دی گئیں کہ ہم نیوٹرل ہو رہے ہیں لیکن عمران خان کچھ اور ہی پلان بنا رہے تھے۔ آرمی چیف کو وزیر اعظم عمران خان کی اگلے دس سال کی پلاننگ کی بمع ثبوت فائل پیش کی گئی۔ اسی دوران جنرل ندیم انجم کو ڈی جی آئی ایس آئی بنانے کا فیصلہ کیا گیا۔ عمران خان درست فرمایا کرتے تھے کہ آرمی چیف جنرل قمر باجوہ میں بہت برداشت اور صبر ہے۔ جب خان کے دس سالہ پلان پر پانی پھر گیا تو وہ جنرل باجوہ سے بگڑ گئے جس سے اس مقولہ کی حقانیت سامنے آ گئی کہ "جس پر احسان کرو اس کے شر سے بچو"..... خدارا، اپنی افواج کی قدر کرنا سیکھیے، آج فلسطین، لیبیا، لبنان اور اب شام میں جو کچھ ہو رہا ہے کیا وہ ہماری آنکھیں کھولنے کے لئے کافی نہیں ہے؟؟؟ اندرونی اور بیرونی دشمن ملکر اس وقت پاکستان پر حملہ آور ہیں۔ ہمارا حال بھی ان ملکوں سے مختلف نا ہوگا اگر ہم نے ہوش کے ناخن نا لئے تو۔ اپنی اور اپنے ملک کی حفاظت کے لئے اپنی روزانہ کی بنیادوں پر قربانیاں دینے والی افواج کو کمزور مت کریں کیونکہ اس میں نقصان صرف پاکستان کا ہے۔

قوت
SPORTS
PAKISTAN
PAKISTAN

ٹیم میں میں کا نہیں ہم کا لفظ ہوتا ہے محمد رضوان

ٹی ٹوئنٹی میں نتائج توقعات کے مطابق نہیں تھے۔ چیمپئنز ٹرافی کی تیاری کیلئے ہمارا سارا فوکس ون ڈے پر مرکوز ہے۔ ون ڈے میں ہمارا اچھا ردھم ہے، اس کو برقرار رکھنے کی کوشش کریں گے، کپتان پاکستان کرکٹ ٹیم

پارل (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان محمد رضوان نے کہا ہے کہ ٹیم میں ’میں‘ کا لفظ نہیں، ’ہم‘ کا لفظ ہوتا ہے۔ پارل میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محمد رضوان کا کہنا تھا کہ جو ماضی کی ناکامی ہوتی ہے اس کو ماضی میں رکھتے ہیں مگر اس سے سبق سیکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹی ٹوئنٹی میں نتائج توقعات کے مطابق نہیں تھے۔ چیمپئنز ٹرافی کی تیاری کیلئے ہمارا سارا فوکس ون ڈے پر مرکوز ہے۔ ون ڈے میں ہمارا اچھا ردھم ہے، اس کو برقرار رکھنے کی کوشش کریں گے۔ محمد رضوان نے کہا کہ ٹی ٹوئنٹی میں ہم نوجوان پلیئرز کو موقع دے کر تجربات کر رہے ہیں۔ ون ڈے سیریز میں ہم چیمپئنز ٹرافی کی تیاری ذہن میں رکھ کر میدان میں اتریں گے۔ انکا کہنا تھا کہ ٹیم میں تمام پلیئرز کپتان ہی ہیں، ٹیم میں ’میں‘ کا لفظ نہیں، ’ہم‘ کا لفظ ہوتا ہے۔ ٹیم ورک بہترین ہے، ہم سب متحد ہیں، جونیئر ہو یا سینیئر سب کا فوکس ٹیم کی جیت پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ کنڈیشنز دیکھ کر ٹیم بنانے کی کوشش کرتے ہیں ہر جگہ الگ کنڈیشنز میں کھیل رہے ہیں۔ ملک سے باہر کھیلنے میں ہمیشہ چیلنج کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ قومی ٹیم کے کپتان کا کہنا تھا کہ جنوبی افریقہ کو مومینٹم ملا ہوا ہے، وہ بھی جیت کر آ رہے ہیں۔ ہم نے بھی آسٹریلیا میں آسٹریلیا کو ہرایا جبکہ زمبابوے میں بھی سیریز جیتی۔ ون ڈے سیریز میں اچھا مقابلہ ہوگا۔

بھارتی فاسٹ باؤلر جسپریت بمرا نے کپل دیو کا ریکارڈ توڑ دیا

آسٹریلیا کے خلاف تیسرے ٹیسٹ میں 72 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کیں

برسبین (این این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولر جسپریت بمرا نے سابق کپتان کپل دیو کا ریکارڈ توڑ دیا۔ برسبین میں کھیلے جانیوالے تیسرے ٹیسٹ میں بھارتی فاسٹ بولر جسپریت بمرا نے آسٹریلیا کے خلاف تیسرے ٹیسٹ کے دوسرے دن شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا، انہوں نے 72 رنز دے کر 5 وکٹیں حاصل کیں۔ جسپریت بمرا نے 12 ویں مرتبہ پانچ وکٹیں حاصل کیں جبکہ جنوبی افریقہ، انگلینڈ، نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا (سینا ممالک) کے خلاف شاندار بولنگ کرتے ہوئے بمرا نے 8 ویں مرتبہ 5 وکٹیں لینے کا کارنامہ انجام دیا ہے۔ بھارتی کرکٹ ٹیم کے فاسٹ بولر جسپریت بمرا نے اس اعزاز کے ساتھ بھارت کے سابق ا?ل راؤنڈر اور 1983 کے ورلڈکپ کی فاتح ٹیم کے کپتان کپل دیو کا ریکارڈ بھی توڑ دیا ہے، جنہوں نے سینا ممالک میں 7 مرتبہ پانچ یا اس سے زیادہ وکٹیں حاصل کی تھیں۔ بمراہ نے اس اعزاز کے ساتھ بھارت کے لیجنڈری آل راؤنڈر کپل دیو کا ریکارڈ توڑ دیا، جو اس فہرست میں 7 پانچ وکٹوں کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہیں۔

انگلینڈ کی سابق کرکٹر ایسا گوہا کی جسپریت بمرا سے آن ایئر معذرت

لندن (این این آئی) انگلینڈ کی سابق کرکٹر ایسا گوہا نے بھارت کے فاسٹ بولر جسپریت بمرا سے آن ایئر معذرت کر لی۔ ایسا گوہا نے گزشتہ روز کمنٹری کے دوران جسپریت بمرا کے لیے نامناسب لفظ کا چناؤ کیا تھا۔ سابق خاتون کرکٹر اور کمنٹیٹر نے بمرا کو ’موسٹ ویلیو ایبل پرائمیٹ‘ کہا تھا۔ بھارتی بولر کے لیے ’پرائمیٹ‘ کے لفظ کو نامناسب اور تعصبی قرار دیا گیا تھا۔ آن ایئر معذرت کرتے ہوئے ایسا گوہا نے کہا ہے کہ جسپریت بمرا کی تعریف کرتے ہوئے مجھ سے غلط لفظ کا انتخاب ہوا تھا۔ انہوں نے کہا ہے کہ اپنی غلطی پر معذرت خواہوں۔

اے ایس بی کلاسک ٹینس ٹورنامنٹ 30 دسمبر سے نیوزی لینڈ میں شروع ہوگا

آکلینڈ (این این آئی) ایسوی ایشن آف ٹینس پروفیشنلز (اے ٹی پی) 250 اور ویمنز ٹینس ایسوی ایشن (ڈبلیو ٹی اے) 250 کے زیر اہتمام اے ایس بی کلاسک ٹینس ٹورنامنٹ 30 دسمبر سے نیوزی لینڈ میں شروع ہوگا۔ ٹورنامنٹ منتظمین کے مطابق ٹورنامنٹ کے کامیاب انعقاد کے لئے تیاریاں جاری ہیں۔ ٹورنامنٹ میں مینز سنگلز، ویمنز سنگلز، مینز ڈبلز اور ویمنز ڈبلز مقابلے ہوں گے۔ یہ مردوں کے سنگلز اور ڈبلز مقابلوں کا 47واں جبکہ خواتین کے سنگلز اور ڈبلز مقابلوں کا 38واں ایڈیشن ہوگا۔ مردوں کے سنگلز مقابلوں میں چلی کے ٹینس کھلاڑی الیجینڈرو ٹیبیلو اپنے اعزاز کا دفاع کریں گے جبکہ خواتین کے سنگلز مقابلوں میں امریکی ٹینس سٹار کوکو گف دفاعی چیمپئن ہیں۔ خواتین کا ایڈیشن 30 دسمبر 2024 سے 5 جنوری 2025 تک کھیلا جائے گا جبکہ مردوں کا ایونٹ 6 جنوری سے 11 جنوری 2025 تک کھیلا جائے گا۔

سال بعد راشد خان کی ٹیسٹ کرکٹ میں واپسی ہوگئی

زمبابوے کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں حشمت اللہ شہیدی ٹیم کی قیادت کریں گے

AFGHANISTAN

ہرارے (این این آئی) زمبابوے کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے لیے افغانستان کرکٹ ٹیم کا اعلان کر دیا گیا۔ لیگ اسپنر راشد خان کی 3 سال بعد ٹیسٹ اسکواڈ میں واپسی ہوئی ہے۔ زمبابوے کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں حشمت اللہ شہیدی ٹیم کی قیادت کریں گے۔ انہوں نے آخری ٹیسٹ میچ مارچ 2021ء میں زمبابوے کے خلاف ہی کھیلا تھا۔ دو ٹیسٹ میچز کی سیریز کا پہلا ٹیسٹ 26 دسمبر سے بلاوایو میں شروع ہوگا۔ ٹیسٹ سیریز کا دوسرا ٹیسٹ میچ 2 جنوری سے بلاوایو میں ہی کھیلا جائے گا۔ زمبابوے کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے لیے افغانستان کرکٹ ٹیم کا اعلان کر دیا گیا۔ لیگ اسپنر راشد خان کی 3 سال بعد ٹیسٹ اسکواڈ میں واپسی ہوئی ہے۔ زمبابوے کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں حشمت اللہ شہیدی ٹیم کی قیادت کریں گے۔

قومی ون ڈے سکواڈ جوہانسبرگ سے کیپ ٹاؤن پہنچ گیا

کیپ ٹاؤن (این این آئی) قومی ون ڈے سکواڈ جوہانسبرگ سے کیپ ٹاؤن پہنچ گیا، پاکستان اور جنوبی افریقہ کے درمیان تین ون ڈے میچز کی سیریز کھیلی جائے گی، ون ڈے سیریز کا پہلا میچ 17 دسمبر کو کھیلا جائے گا، ون ڈے میچز پارل، کیپ ٹاؤن اور جوہانسبرگ میں ہوں گے، ٹی ٹوئنٹی سکواڈ میں شامل کھلاڑی وطن واپس جائیں گے، عباس آفریدی، جہانداد خان اور عمیر بن یوسف براستہ دوبئی وطن واپس ہونگے۔

چیمپئن بولر اور چیمپئن کھلاڑی کا میں فائنل میں میچ ونر اسپیل کبھی نہیں بھولوں گا

کراچی (این این آئی) قومی ٹیم کے کرکٹرز عماد وسیم اور محمد عامر کی ریٹائرمنٹ کے بعد سرفراز احمد کا پیغام وائرل ہوگیا۔ پاکستان کو چیمپئنز ٹرافی میں کامیابی دلوانے والے سابق کپتان سرفراز احمد نے سوشل میڈیا پیغام میں عامر اور عماد کی ریٹائرمنٹ پر پیغام شیئر کیا ہے۔ انہوں نے لکھا کہ میرے ساتھی اور بھائیوں دونوں کو ریٹائرمنٹ کی مبارکباد، آپ کے مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتا ہوں۔ سرفراز نے لکھا کہ عماد اور میں نے انڈر 19 ورلڈکپ فائنل اور چیمپئنز ٹرافی فائنل جیت کر بہت اچھی یادیں شیئر کیں۔

سندھ باکسنگ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام باکسنگ ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام میں شرکت کرنے والے حیدر آباد کے باکسرز اور کوچز کو مہمان خصوصی سید فیاض علی شاہ لکیاری، سیکرٹری پیپلز لیبر بیورو سندھ، اعزازی مہمان عمیر مولا بخش چانڈیو، احمد علی راجپوت، پرویز شیخ، مریم کیریو، سردار عطا محمد بلوچ کٹس و ٹرافی تقسیم کر رہے ہیں۔

پاک، چین دوستی کا رنگ کھیل میں بھی نمایاں، سابق ٹیسٹ کرکٹر چینی ٹیم کے کوچ مقرر

کراچی (این این آئی) پاکستان اور چین کے درمیان گہرے اور دیرینہ تعلقات میں کھیل بھی نمایاں کردار ادا کرنے لگا ہے اور قومی کرکٹ ٹیم کے سابق ٹیسٹ کرکٹر محمد رمضان کو ایک مرتبہ پھر چین کی کرکٹ ٹیم کا ہیڈ کوچ مقرر کر دیا گیا ہے۔ چین کی حکومت کی جانب سے محمد رمضان کو دوسری مرتبہ اپنی قومی کرکٹ ٹیم کی تربیت کے لیے ذمہ داری ادا کرنے کی پیش کش کی گئی ہے، سابق ٹیسٹ کرکٹر نے قومی جذبہ کے تحت دوست ملک کی پیش کش کو بصد احترام قبول کرلیا ہے۔ چینی حکومت اور محمد رمضان کے درمیان ایک سالہ مدت کے لیے بطور ہیڈ کوچ ذمہ داری ادا کرنے کا معاہدہ ہوگیا، اس حوالے سے ایک سادہ تقریب میں معاہدے پر دستخط ہوئے۔ واضح رہے کہ محمد رمضان 2023 میں چین کی قومی کرکٹ ٹیم کی کوچنگ کے فرائض انجام دے چکے ہیں۔ فیصل آباد سے تعلق رکھنے والے محمد رمضان نے 1997 میں راولپنڈی میں جنوبی افریقہ کے خلاف واحد ٹیسٹ میچ میں مجموعی طور پر 36 رنز بنائے تھے، فرسٹ کلاس کرکٹ میں 10 ہزار 478 رنز بنانے والے محمد رمضان نے ڈومیسٹک کرکٹ میں مختلف اداروں کی نمائندگی کی۔ محمد رمضان نے ڈومیسٹک کرکٹ میں پی این ایس سی، کے آر ایل، پاکستان ریلویز، پاکستان کسٹمز اور یو بی ایل کی نمائندگی کر رکھی ہے۔

شاہین آفریدی سوئنگ کے سلطان وسیم اکرم کا ریکارڈ توڑنے کے قریب

محض 4 وکٹیں لیکر جنوبی افریقا کے خلاف پاکستان کے تیسرے کامیاب ترین بولر بن سکتے ہیں

جوہانسبرگ (این این آئی) قومی ٹیم کے فاسٹ بولر شاہین شاہ آفریدی سابق لیجنڈری کرکٹر اور سوئنگ کے سلطان وسیم اکرم کا ریکارڈ توڑنے کے قریب پہنچ گئے۔ پاکستان اور جنوبی افریقا کی ٹیمیں پارل کرکٹ گراؤنڈ میں تین میچز کی ون ڈے سیریز کے پہلے مقابلے کیلیے ایک دوسرے کیخلاف میدان میں اُتریں گی، اس میچ میں شاہین شاہ آفریدی کے پاس لیجنڈری کرکٹر اور سوئنگ کے سلطان وسیم اکرم کا جنوبی افریقا کیخلاف قائم کردہ ریکارڈ توڑنے کا بھی سنہری موقع ہوگا۔ وسیم اکرم انٹرنیشنل کرکٹ میں جنوبی افریقا کے خلاف پاکستان کے تیسرے کامیاب ترین بولر ہیں جنہوں نے 31 اننگز میں 48 وکٹیں حاصل کر رکھی ہیں، قابل ذکر بات یہ ہے کہ شاہین آفریدی بھی ایلیٹ لسٹ میں پانچویں نمبر پر موجود ہیں۔

ماسٹر ہاکی ورلڈکپ 2024ء فائنل، الائنس انٹرنیشنل نے سلور میڈل حاصل کرلیا

HOCKEY
WORLD CUP
Baaghi
AUCKLAND

آکلینڈ (این این آئی) ماسٹر ہاکی ورلڈ کپ 2024ء کے فائنل میچ میں الائنس انٹرنیشنل ہاکی ٹیم نے سلور میڈل کا اعزاز حاصل کرلیا۔ نیوزی لینڈ کے شہر آکلینڈ میں ہونے والے ماسٹر ہاکی ورلڈ کپ 2024ء کے فائنل میچ میں آسٹریلیا ہاکی ٹیم نے الائنس انٹرنیشنل ہاکی ٹیم مین 45 آئی ایم سی کو ہرا کر فائنل میچ جیت لیا اور گولڈ میڈل کا اعزاز حاصل کیا الائنس انٹرنیشنل ہاکی ٹیم سلور میڈل حاصل کر سکی الائنس انٹرنیشنل ہاکی ٹیم کے کپتان رانا محمد نواز اور دیگر کھلاڑیوں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ پیش کیا جبکہ الائنس انٹرنیشنل ہاکی ٹیم کی کوچنگ کے فرائض دنیائے ہاکی کے عالمی شہرت یافتہ کھلاڑی سابق کپتان شہباز احمد نے سرانجام دیئے۔ الائنس انٹرنیشنل ٹیم کے کپتان رانا محمد نواز نے ہمارے نمائندہ سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ماسٹر ہاکی ورلڈ کپ 2024 کے دوران ہماری ٹیم کے کھلاڑیوں کی کارکردگی تسلی بخش رہی ٹیم کے کھلاڑیوں نے بڑی ہمت اور لگن کے ساتھ ہاکی کھیلی اور ورلڈ کپ کے فائنل میچ میں سلور میڈل کا اعزاز حاصل کیا۔

قائداعظم گیمز‘ نوجوان کھلاڑیوں کو ماسٹر ہاکی ورلڈکپ 2024ء فائنل‘ الائنس انٹرنیشنل ہاکی ٹیم نے سلور میڈل کا اعزاز حاصل کرلیا

الائنس انٹرنیشنل ہاکی ٹیم کے کپتان رانا محمد نواز اور دیگر کھلاڑیوں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ پیش کیا

آکلینڈ (این این آئی) ماسٹر ہاکی ورلڈ کپ 2024ء کے فائنل میچ میں الائنس انٹرنیشنل ہاکی ٹیم نے سلور میڈل کا اعزاز حاصل کرلیا۔ نیوزی لینڈ کے شہر آکلینڈ میں ہونے والے ماسٹر ہاکی ورلڈکپ 2024ء کے فائنل میچ میں آسٹریلیا ہاکی ٹیم نے الائنس انٹرنیشنل ہاکی ٹیم مین 45 آئی ایم سی کو ہرا کر فائنل میچ جیت لیا اور گولڈ میڈل کا اعزاز حاصل کیا الائنس انٹرنیشنل ہاکی ٹیم سلور میڈل حاصل کر سکی الائنس انٹرنیشنل ہاکی ٹیم کے کپتان رانا محمد نواز اور دیگر کھلاڑیوں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ پیش کیا جبکہ الائنس انٹرنیشنل ہاکی ٹیم کی کوچنگ کے فرائض دنیائے ہاکی کے عالمی شہرت یافتہ کھلاڑی سابق کپتان شہباز احمد نے سرانجام دیئے۔ الائنس انٹرنیشنل ٹیم کے کپتان رانا محمد نواز نے ہمارے نمائندہ سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ماسٹر ہاکی ورلڈ کپ 2024 کے دوران ہماری ٹیم کے کھلاڑیوں کی کارکردگی تسلی بخش رہی ٹیم کے کھلاڑیوں نے بڑی ہمت اور لگن کے ساتھ ہاکی کھیلی اور ورلڈ کپ کے فائنل میچ میں سلور میڈل کا اعزاز حاصل کیا میں نے دوسری مرتبہ ورلڈ کپ میں بطور کپتانی کے فرائض سرانجام دیئے انہوں نے مزید کہا کہ کھیل ہار جیت کا ایک حصہ ہوتی ہے ہمارے لئے یہ بڑے اعزاز کی بات ہے کہ ہم نے فائنل میچ کے لئے کوالیفائی کیا اور ورلڈکپ کے فائنل میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔ قومی اور بین الاقوامی مقابلوں میں شرکت کے موقع ملیں گے۔ پی ایس بی

SHOWBIZ
قوت

اداکار عمران اشرف ایک بار پھر بڑی سکرین پر جلوہ گر ہونے کو تیار

کراچی کے گلی کوچوں کی عکاسی کرتی فلم ’’کٹر کراچی‘‘ 20 دسمبر کو سینما گھروں کی زینت بنے گی

کراچی (این این آئی) معروف اداکار عمران اشرف ایک بار پھر بڑی سکرین پر جلوہ گر ہونے کو تیار ہیں۔ ملک کے معروف اداکار عمران اشرف نے ڈراموں میں اہم کردار ادا کیا تو فلموں میں بھی چھائے، ہر دلعزیز شخصیت عمران اشرف اب اپنے مداحوں کو ایک بار پھر بڑی سکرین پر دکھائی دیں گے۔ عمران اشرف کو اداکاروں کا اداکار کہا جاتا ہے، ان کا کیریئر مختلف اور منفرد کردار ادا کرنے سے پروان چڑھا، عمران اشرف نے ڈرامے ’’رقص بسمل‘‘ میں موسیٰ کا کردار خوب نبھایا، ڈرامے ’’رانجھا رانجھا کر دی‘‘ میں بھولے کے کردار نے ناظرین کے دل جیت لئے۔ اب اداکار عمران اشرف ریپر طلحہ انجم کی ڈیبیو فلم ’’کٹر کراچی‘‘ میں مرکزی کردار ادا کر رہے ہیں، اداکارہ کنزہ ہاشمی ہیروئین ہیں اور سید جمیل بھی اہم کردار ادا کر رہے ہیں، کراچی کے گلی کوچوں کی عکاسی کرتی فلم ’’کٹر کراچی‘‘ 20 دسمبر کو سینما گھروں کی زینت بنے گی۔ فلم کا ٹریلر جاری کر دیا گیا ہے۔

’’باہوبلی‘‘ پہلی بھارتی فلم بنی جس نے 1000 کروڑ روپے کا ہندسہ عبور کیا

ممبئی (این این آئی) بھارتی سینما میں کئی اداکار اپنی پرفارمنس اور فلم کی شاندار کہانی کے ذریعے ناظرین کے دل جیتنے کی کوشش کرتے ہیں، لیکن کیا آپ جانتے ہیں کہ ایک وقت ایسا بھی آیا جب ایک اداکارہ کی فلم نے ریلیز کے پہلے ہفتے میں ہی 1000 کروڑ روپے کما لیے؟ جی ہاں، یہ کارنامہ دیپیکا پڈوکون، عالیہ بھٹ یا انوشکا شیٹی کا نہیں بلکہ اداکارہ رمیا کرشنن کا ہے۔ رمیا کرشنن، جو اپنی ورسٹائل اداکاری کے لیے مشہور ہیں، نے جنوبی بھارتی اور بولی وڈ فلموں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ رمیا کی فلمی زندگی کو نئی بلندیوں تک پہنچانے میں سب سے بڑا کردار ایس ایس راجامولی کی بلاک بسٹر فلم ’’باہوبلی‘‘ کا تھا، جہاں انہوں نے ’’شواجی دیوی‘‘ کا یادگار کردار ادا کیا۔

دلجیت دوسانجھ پر بھی ’پشپا 2‘ کا بخار چڑھ گیا، ویڈیو وائرل

ممبئی (این این آئی) دلجیت دوسانجھ، جو اپنی زبردست گائیکی اور عاجزی کی وجہ سے جانے جاتے ہیں، وہ اپنے کنسرٹ میں ایک بار پھر مداحوں کے دل جیتنے میں کامیاب رہے۔ ان کی "دل-لومناٹی" ٹور نے پورے ملک میں دھوم مچائی ہے، اور مداحوں کے ساتھ ان کا خاص تعلق ہر کنسرٹ کو یادگار بناتا ہے۔ چنڈی گڑھ کنسرٹ کے دوران دلجیت نے سپر اسٹار الو ارجن کی فلم "پشپا 2: دی رول" کے مشہور ڈائیلاگ "جھکے گا نہیں سالا" کو منفرد انداز میں پیش کیا۔ ایک وائرل ویڈیو میں دلجیت کو یہ ڈائیلاگ بدل کر کہتے ہوئے سنا گیا: "سالا نہیں جھکے گا تو کیا جیجا جھک جائے گا؟" یہ جملہ سن کر مداح خوشی سے جھوم اٹھے اور کنسرٹ کا ماحول مزید پُرجوش ہوگیا۔

شبانہ اعظمی نصیر الدین شاہ کیساتھ مزید کام کرنے کی خواہشمند

ممبئی (این این آئی) معروف فلم ساز شیام بینیگل نے ہفتے کے روز اپنی 90 ویں سالگرہ ایک ستاروں سے سجی تقریب کے ساتھ منائی، جس میں فلمی دنیا کی اہم شخصیات شریک ہوئیں۔ سینئر اداکارہ شبانہ اعظمی اور نصیر الدین شاہ نے بھی اس موقع پر اپنی شرکت سے تقریب کو یادگار بنا دیا۔ شبانہ اعظمی نے سوشل میڈیا پر شیام بینیگل کے ساتھ بیٹھے ہوئے ایک تصویر شیئر کی جس میں نصیر الدین شاہ ان کے پیچھے کھڑے نظر آ رہے ہیں۔ اپنی پوسٹ کے کیپشن میں شبانہ اعظمی نے نصیر الدین شاہ کو اپنا ’پسندیدہ اداکار‘ قرار دیتے ہوئے مزاحیہ انداز میں سوال کیا کہ انہیں مزید فلموں میں اکٹھے کیوں نہیں کاسٹ کیا جاتا؟

سپر اسٹار الو ارجن کو حالیہ گرفتاری کے بعد جیل میں خصوصی قیدی کے طور پر رکھا گیا

ممبئی (این این آئی) ساؤتھ انڈین تیلگو فلموں کے سپر اسٹار الو ارجن کو حالیہ گرفتاری کے بعد جیل میں خصوصی قیدی کے طور پر رکھا گیا۔ جیل حکام کے مطابق، اداکار نے رات کے کھانے میں چاول اور سبزی کری کھائی اور مکمل طور پر نارمل دکھائی دیے۔ الو ارجن کو 13 دسمبر کو حیدرآباد میں واقع ان کی رہائش گاہ سے گرفتار کیا گیا تھا۔ ان کی فلم ’’پشپا 2: دی رول‘‘ کی 4 دسمبر کو سندھیا تھیٹر حیدرآباد میں افتتاحی نمائش کے دوران بھگدڑ مچنے سے ایک خاتون کی موت کے واقعے کے بعد، اس کیس میں انہیں شامل کر کے گرفتار کیا گیا۔ تاہم بعد میں انہیں ضمانت پر رہا کر دیا گیا۔ ریاست تلنگانہ کے جیل حکام نے بھارتی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ الو ارجن نے جیل میں کسی خصوصی سلوک کی درخواست نہیں کی۔ عدالتی حکم کے تحت انہیں خصوصی قیدی کا درجہ دیا گیا، اور وہ مکمل طور پر پرسکون اور نارمل رہے۔ الو ارجن کے مداح ان کی گرفتاری کے بعد شدید غم و غصے کا اظہار کر رہے ہیں، جب کہ مخالفین کا کہنا ہے کہ یہ واقعہ سیکیورٹی کے ناقص انتظامات کا نتیجہ ہے۔

فلم فیسٹیول میں عالیہ بھٹ کی طبعیت خراب، بھابھی مدد کو آن پہنچی

ممبئی (این این آئی) لیجنڈری اداکار اور فلم ساز راج کپور کی پیدائش کی صد سالہ تقریبات کے موقع پر منعقدہ فلم فیسٹیول میں بالی ووڈ کی مشہور شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب میں عالیہ بھٹ اور ان کی بھابھی کرینہ کپور بھی شامل ہوئیں۔ اس ایونٹ کے دوران ایک ویڈیو سوشل میڈیا پر گردش کر رہی ہے جس میں عالیہ بھٹ تھوڑی تناؤ کا شکار نظر آ رہی ہیں۔ اس موقع پر کرینہ کپور نے اپنے پرسکون اور دوستانہ انداز میں عالیہ کے نزدیک جا کر ان کو مسکراہٹ کے ساتھ تسلی دیتی ہیں، جس کے بعد ان کے تناؤ میں کافی کمی آجاتی ہے۔ اس کے بعد دونوں نند بھابھی نے کپور خاندان کے دیگر افراد بشمول رنبیر کپور، کرشمہ کپور، سیف علی خان، رندھیر کپور اور ببیتا کپور کے ساتھ گروپ فوٹو کے لیے پوز دیا۔ یہ فیسٹیول آر کے فلمز، فلم ہیریٹیج فاؤنڈیشن اور نیشنل فلم آرکائیو آف انڈیا (NFDC) کے اشتراک سے منعقد کیا گیا، "راج کپور 100: سیلیبریٹنگ دی گریٹ شومین" کے تحت 13 سے 15 دسمبر تک بھارت کے 40 شہروں اور 135 مقامات پر راج کپور کی کلاسک فلموں کی نمائش کی جا رہی ہے۔ اس فیسٹیول میں "آوارہ"، "شری 420"، اور "میرا نام جوکر" جیسی مشہور فلمیں شامل ہیں۔ عالیہ بھٹ ان دنوں اپنے پروفیشنل کیریئر میں خاصی مصروف ہیں۔ وہ حال ہی میں وسان بالا کی فلم "جیگرا" میں نظر آئیں، جو ان کے پروڈکشن ہاؤس "ایٹرنل سنشائن پکچرز" کے بینر تلے بنائی گئی دوسری فلم تھی، ان کا اگلا پروجیکٹ "الفا و شروری" ہے۔

مایا علی کی گلابی جوڑے میں دلکش اداؤں پر مداح دل ہار بیٹھے

مایا علی اپنی دلکش تصاویر اور منفرد سٹائل کی وجہ سے بھی ہمیشہ خبروں میں رہتی ہیں

لاہور (این این آئی) خوبرو پاکستانی اداکارہ مایا علی کی گلابی جوڑے میں دلکش ادائیں مداحوں کے دلوں کو بھا گئیں۔ مایا علی کا شمار پاکستان کی ٹاپ اداکاراؤں میں ہوتا ہے، مایا علی اپنی دلکش تصاویر اور منفرد سٹائل کی وجہ سے بھی ہمیشہ خبروں میں رہتی ہیں۔ حال ہی میں اداکارہ مایا علی نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر چند نئی تصاویر شیئر کیں جو مداحوں کے دلوں پر بجلیاں گرا گئیں۔ مذکورہ تصاویر میں مایا علی نے گلابی جوڑا زیب تن کر رکھا ہے، جس میں وہ انتہائی دلکش اور خوبصورت نظر آ رہی ہیں، گلابی جوڑے پر سنہری کڑھائی لباس کو مزید حسین بنا رہی ہے۔ اس موقع پر اداکارہ نے بھاری جیولری کا بھی استعمال کیا ہے جبکہ بالوں کو مہارت سے باندھ رکھا ہے جس میں سفید موتیے کے گجرے بھی دکھائی دے رہے ہیں، کلائیوں میں زرد چوڑیاں، گہرا میک اپ اور دلکش ادائیں مایا کے حسن کو چار چاند لگا رہی ہیں۔ مایا علی کی اس تصویر میں ان کا دلکش انداز اور شرمیلا پن مداحوں کو بے حد پسند آ رہا ہے، تصویر پر محبت بھرے کمنٹس کا سلسلہ بھی جاری ہے جہاں صارفین ان کی خوبصورتی، معصومیت اور روایتی انداز کی دل کھول کر تعریف کر رہے ہیں۔

انجلینا جولی تنہائی سے پریشان، ہمسفر کی تلاش شروع کردی

لاہور (شوبز ڈیسک) عالمی شہرت یافتہ امریکی اداکارہ انجلینا جولی نے اپنی حالیہ گفتگو میں تنہائی سے نبرد آزما ہونے اور ایک جیون ساتھی کی تلاش کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔ ان کا یہ بیان ان کی نئی فلم ’ماریا‘ کی ریلیز سے قبل سامنے آیا ہے، جو مشہور اوپرا سنگر ماریا کالاس کی زندگی پر مبنی بائیوپک ہے اور وہ بھی اپنی زندگی میں بے حد تنہا ہوتی ہے۔ ک حالیہ انٹرویو میں انجلینا جولی نے 8 سال قبل بریڈ پٹ سے علیحدگی کے بعد پیش آنے والے چیلنجز اور اپنی موجودہ تنہائی کے بارے میں بات کی۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ وہ فلم ’ماریا‘ کے کس پہلو کو اپنی ذاتی زندگی سے قریب محسوس کرتی ہیں تو انہوں نے کہا کہ اگرچہ وہ اپنے بچوں سے بے حد محبت کرتی ہیں، لیکن وہ خود کو اکثر تنہا محسوس کرتی ہیں۔ انجلینا جولی نے مزید کہا کہ وہ اپنے آپ کو فلم کے کردار ماریا کی طرح اکیلا محسوس کرتی ہیں۔ انہوں نے یہ بھی تسلیم کیا کہ وہ ابھی تک یہ نہیں سمجھ پائی ہیں کہ اپنی موجودہ صورتحال میں زندگی کو کس طرح گزارنا ہے بس وہ اپنے بچوں کیلئے مضبوط ماں کے طور پر خود کو دیکھتی ہیں۔ اداکارہ نے کہا کہ زیادہ تر فنکار یہی محسوس کرتے ہیں کہ وہ ایک کھلے ماحول میں موجود ہیں، مگر وہ مکمل طور پر کسی ایک جگہ یا کیفیت میں سیٹل نہیں ہو پاتے، جس کے باعث بعض اوقات وہ عجیب کیفیت میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ واضح رہے کہ اس سے قبل انجلینا جولی کے اور معروف ریپر اکالا کے درمیان تعلقات کی خبریں زیر گردش تھیں، اور دونوں کو کئی مواقع پر ایک ساتھ دیکھا گیا تھا تاہم ان کی جانب سے اس تعلق کا باضابطہ طور پر اعلان نہیں کیا گیا۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

ڈی ایس پی ٹریفک کا موٹر وہیکل ایگزامینر آفیسر اور انچارج کے ہمراہ ای ٹیسٹ وسکلز ٹیسٹوں کا جائزہ

محکمانہ فرائض کی انجام کے اپنے روشن اصولوں پر کوئی کمپرومائز نہیں کروں گا، سربالی خان

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ایڈیشنل ٹریفک پنجاب اور ڈی پی او شیخوپورہ کی خصوصی ہدایت پر ڈی ایس پی ٹریفک سربالی خان نے موٹر وہیکلز ایگزیمنر آفیسر رانا احمد سعید اور انچارج ڈرائیونگ لائسنسنگ برانچ انسپکٹر محمد پرویز کے ہمراہ ای ٹیسٹ وسکلز ٹیسٹوں کا جائزہ لیا اور امیدواروں سے بات چیت کی انہوں نے ڈرائیونگ ٹریننگ سکول کا بھی دورہ کیا جہاں عملہ کی کارکردگی جانچنے اور ٹریننگ کے عمل کو مزید موثر بنانے کے حوالے سے افسران سے میٹنگ میں مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈی ایس پی ٹریفک سربالی خان نے کہا کہ ڈرائیونگ کی تربیت کے عمل میں مزید فعال بنایا جائے اور ٹریفک قوانین کے متعلق مکمل آگاہی فراہم کرنے سمیت روڈ سیفٹی کے اصولوں کو اجاگر کرنے پر بھرپور توجہ دی جائے جبکہ ڈرائیونگ سکلز میں مہارت کیلئے زیادہ سے زیادہ عملی مشقیں کروائی جائیں تاکہ امیدوار کی ڈرائیونگ کی تربیت میں کوئی کمی نہ رہ سکے خواتین کو بھی سازگار ماحول کی فراہمی کیلئے بھرپور اقدامات اٹھائے جائیں، انہوں نے کہا کہ عملہ کی کرپشن ورشوت ستانی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی فرض شناس افسران وملازمین ہی میرے ماتحت کام کرسکتے ہیں محکمانہ فرائض کی انجام کے اپنے روشن اصولوں پر کوئی کمپرومائز نہیں کروں گا، انہوں نے بتایا کہ امیدواروں کی سہولت کیلئے شیڈ جلد تعمیر کیا جائے گا جس پر آئندہ چندروز میں کام شروع ہوجائے گا۔

حافظ آباد: ڈی ایچ او کا ٹرانزٹ پوائنٹس اور دیہات کا دورہ

بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلانے کے انتظامات کا جائزہ لیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) سی ای او ہیلتھ حافظ آباد ڈاکٹر ظہیر احمد اور ڈی ایچ او ڈاکٹر فائق علی تارڑ نے مختلف ہسپتالوں میں قائم انسداد پولیو کاؤنٹرز اور ٹرانزٹ پوائنٹس کا دورہ کرتے ہوئے وہاں بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلانے کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر ظہیر احمد، ڈی ایچ او ڈاکٹر فائق علی تارڑ نے ڈی ایچ کیو ہسپتال، آر ایچ سی جلالپور بھٹیاں، آر ایچ سی رسول پور تارڑ اور مختلف بی ایچ یوز اور ضلع کے مختلف ٹرانزٹ پوائنٹس اور دیہات کا دورہ کیا۔ جہاں انہوں نے محکمہ صحت کی جانب سے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلانے کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ محکمہ صحت کے افسران نے شہریوں اور بالخصوص والدین سے بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے بارے فیڈ بیک بھی لیا۔ سی ای او ہیلتھ اور ڈی ایچ او کا کہنا تھا کہ محکمہ صحت کی تمام ٹیمیں اپنے ٹارگٹ اور مائیکرو پلان کے مطابق بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلارہی ہیں۔

شیخوپورہ: صحافی سید عمران شاہ کی والدہ محترمہ رضائے الہی سے وفات پاگئیں

ان کی نماز ادا کردی گئی، نماز جنازہ میں صحافی برادری کی شرکت اور سید عمران شاہ سے اظہار تعزیت

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) صحافی سید عمران شاہ کی والدہ محترمہ رضائے الہی سے وفات پاگئیں ان کی نماز جنازہ نماز عشاء کے بعد علی مسجد محلہ جہانگیر آباد شیخوپورہ میں ادا کی گئی جس میں تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد نے شرکت کی جبکہ صحافتی برادری نے سید عمران شاہ سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحومہ کیلئے جنت الفردوس اور پسماندگان سے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال لیفٹیننٹ (ر) احمد محی الدین کی ضلع چکوال کی صحافی برادری کے ساتھ تعارفی بیٹھک

میرے دور میں جھوٹی آیف آئی آرز اور بوگس کاروائیاں بلکل برداشت نہیں ہوں گی، احمد محی الدین (ڈی پی او چکوال)

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال لیفٹیننٹ (ر) احمد محی الدین کی ضلع چکوال کی صحافی برادری کے ساتھ تعارفی بیٹھک تفصیلات کے مطابق ڈی پی او چکوال نے آج ڈی پی او آفس چکوال میں میڈیا نمائندگان کے ساتھ تعارفی بیٹھک کی اور چکوال کے مسائل اور ان کے حل پر تفصیلی گفتگو کی تقریب کا باقاعدہ آغاز آئی ٹی برانچ (ترجمان ڈی پی او آفس اے ایس آئی شہزاد جہانگیر نے تلاوت کلام پاک سے کیا گیا۔ جس کے بعد مختلف صحافی حضرات نے چکوال کے مسائل پر ڈی پی او چکوال سے سوال کیے اور تعارف کروایا اور مسائل کے حل کے لیے بریفنگ لی۔ اس موقع پر خواجہ بابر سلیم، خواجہ دانیال سلیم، راجہ افتخار، راجہ ثاقب، محمد خان عاقل، ملک مہران ظفر (چکوال پریس کلب)، چوہدری عمران قیصر عباس، اظہر حسینی، قمر عباس، چوہدری عدنان عباس، توقیر انور، ریاض انجم (تحصیل پریس کلب)، چوہدری زاہد عباس، راجہ آصف، (عوامی پریس کلب)، راجہ شہزاد حمید، امجد کھوٹ، چوہدری ہارون، (فاسٹ میڈیا گروپ) غضنفر عباسی، آصف بٹ، روزنامہ قوت اخبار لاہور گروپ کے بیورو چیف چکوال چوآسیدن شاہ محمد ایوب سلطانی، سینئر صحافی سید طلحہ فاروق چوآ سیدن شاہ اور دیگر صحافیوں نے شرکت کی سینئر صحافی راجہ افتخار کے سوال کے جواب میں ڈی پی او چکوال سے شکایت کی گئی کہ آپ کے آنے کے بعد کھلی کچہری میں میڈیا کوریج پر پابندی لگائی گئی ہے جس پر ڈی پی او چکوال نے کہا کہ کچھ محکمانہ انٹرنل پرابلمز کی وجہ سے پابندی لگانی پڑی لیکن میں نے اب کھلی کچہری کی میڈیا کوریج کی اجازت دے دی ہے۔ سینئر صحافی ملک صفی الدین صفی کے سوال کے جواب میں ڈی پی او چکوال نے کہا کہ میں اس سے قبل کوئٹہ، راجن پور، ڈیرہ غازی خان، اور منڈی بہاوالدین بھی رہ چکا ہوں۔ لیکن چکوال آ کر کافی اچھا لگا ہے یہاں کافی سلجھے ہوئے اور تمیزدار لوگ ہیں۔ سینئر صحافی ریاض انجم کے سوال کے بعد بات کرتے ہوئے، ڈی پی او چکوال احمد محی الدین نے کہا کہ میرے دور میں جھوٹی آیف آئی آرز اور بوگس کاروائیاں بلکل برداشت نہیں ہوں گی۔ دوسرا یہ کہ تمام صحافیوں کے لیے میرے آفس کے دروازے ہر وقت کھلے ہیں ہر کوئی بلا جھجھک مسائل یا جرائم کی نشاندھی کے لیے کھل کر مجھ سے رابطہ یا ملاقات کرسکتا ہے۔

لاہور نارووال سیکشن پر چلنے والی ٹرینوں کی بوگیوں کی تعداد میں کمی

ریلوے کے اعلیٰ حکام سرد موسم میں سفر کی دشواری کو سمجھیں نوٹس لیں، اہل علاقہ

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) لاہور نارووال سیکشن پر چلنے والی ٹرینوں کی بوگیوں کی تعداد میں کمی انتہائی خستہ حالت ہونے کی وجہ سے مسافروں کو مشکلات کا سامنا مسافر دروازوں پر سفر کرنے پر مجبور کھڑکیاں ٹوٹی ہونے کی وجہ سے مسافر سخت سردی میں سفر کر رہے ہیں تفصیل کے مطابق پاکستان ریلوے نے لاہور نارووال سیالکوٹ سیکشن کے ساتھ ہمیشہ ہی سوتیلی ماں جیسا سلوک روا رکھا ہوا ہے اس سیکشن پر چلنے والی ٹرینوں کی بوگیوں کی تعداد انتہائی کم ہیں سخت سردی میں بھی مسافر دروازوں اور انجن کے ساتھ لٹک کر سفر کرنے پر مجبور ہیں بوگیوں کی حالت انتہائی خستہ حال ہے ٹوٹے دروازے کھڑکیاں لاہور نارووال سیکشن پر چلنے والی ٹرینوں کی پہچان بن چکی سرد موسم میں سفر کرنا انتہائی دشوار ہے مسافروں نے ریلوے کے اعلی حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ اس سیکشن پر چلنے والی ٹرینوں کی بوگیوں میں نا صرف اضافہ کیا جائے بلکہ خستہ حال بوگیوں کی جگہ نئی کوچز لگائی جائیں تاکہ سخت سردی کے موسم میں سفر کرنے والوں کیلئے آسانی رہے۔

کمشنر ساہیوال ڈویژن کا کارپٹنگ کے کام کو بغیر وجہ روکنے پر شدید اظہار ناراضگی

سڑکوں کی کارپٹنگ میں مزید تاخیر ناقابل برداشت ہے، شعیب اقبال سید

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید کا فرید ٹاؤن روڈ پر جاری کارپٹنگ کے کام کو بغیر وجہ روکنے پر شدید اظہار ناراضگی، متعلقہ ٹھیکیدار کو جرمانے کا نوٹس جاری کیا جائے، تعمیراتی کام کی وجہ سے عوام ذہنی اضطراب کا شکار ہیں۔ سڑکوں کی کارپٹنگ میں مزید تاخیر ناقابل برداشت ہے۔ کمشنر کی پسپ حکام کو وارننگ۔ وہ یہاں اپنے دفتر میں پسپ پروگرام اور میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے جس میں ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ، چیف آفیسر کارپوریشن شیخ اشفاق احمد سمیت متعلقہ محکموں نے افسران نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ کارپٹنگ کرنے والے ٹھیکیدار نے بغیر وجہ بتائے 3 روز سے کام بند کیا ہوا ہے جس کی وجہ سے ٹائم لائن متاثر ہورہی ہے۔ کمشنر شعیب اقبال سید نے شہر میں قائم تمام ہسپتالوں اور سکولوں کے باہر بڑی ڈسٹ بن نصب کروانے کے لئے مالکان کو نوٹسز جاری کرنے کی بھی ہدایت کی تاکہ ان کا کوڑا ایک جگہ اکٹھا ہو سکے۔ انہوں نے جہال روڈ فلائی اوور پر سٹریٹ لائٹس چلانے اور پاک پتن روڈ کی کارپٹنگ کے لئے محکمہ ہائی وے سے تعاون کی بھی ہدایت کی۔

ایریفائی سپارک فاؤنڈیشن (سرگودھا یونیورسٹی) کے زیراہتمام فضائی آلودگی پر سیمینار کا انعقاد

سٹوڈنٹس، وکیل اور سماجی شخصیات نے شرکت کی

سرگودھا (ڈسٹرکٹ رپورٹر سے) ایریفائی سپارک فاؤنڈیشن (سرگودھا یونیورسٹی) کے زیر اہتمام چیئرمین سوشیالوجی ڈیپارٹمنٹ پروفیسر ڈاکٹر غلام یاسین اور میڈم زیلش کی ہدایت کے مطابق پروبیشن آفس سرگودھا میں فضائی آلودگی پر سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں سٹوڈنٹس، وکیل اور سماجی شخصیات نے شرکت کی۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے پریذیڈنٹ پیپلز سوشل ویلفیئر سوسائٹی عبدالمنان چوہدری، میڈم زیلش، پروبیشن آفیسر کاشف مظفر، اقرا زاور اور پریذیڈنٹ ایکو گارڈین فاؤنڈیشن حافظ فرمان اللہ کا کہنا تھا کہ انسان کی دریافت اور ایجاد کے تاریک پہلو نے فضا کو دھندلا کر کے رکھ دیا ہے جس کے آج سنگین نتائج بھگتنے پڑ رہے ہیں لوگ کینسر، دل اور سانس کی بیماریوں کا شکار ہو چکے ہیں۔۔ پریزیڈنٹ ایریفائی سپارک فاؤنڈیشن زینب صغیر، احمد عباس ودیگر کا کہنا تھا کہ ہم سب مل کے اس فضا کو صاف کریں تا کہ ہماری آنے والی نسلیں ہمیں محفوظ زمین اور صاف فضا میں یاد رکھ سکے۔

پی ٹی سی ایل کی سروس سست ہونے کے باعث صارفین نجی کمپنیوں کا انٹرنیٹ استعمال کرنے لگے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) تمام تر دعووں کے باوجود پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ سروس بہتر کرنے میں ناکام، پی ٹی سی ایل کی سروس سست ہونے کے باعث نجی کمپنیوں کا انٹرنیٹ استعمال کرنے لگے، پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ استعمال کرنے والے صارفین بھی سروس بہتر نہ کرنے پر پی ٹی سی ایل سے نالاں نظر آتے ہیں تفصیلات کے مطابق پی ٹی سی ایل کی جانب سے سسٹم میں جدت لانے کے دعوے تو کیے جاتے ہیں مگر عملی اقدامات نہیں کیے جاتے، پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ سروس بہتر بنانے میں ناکام ہے پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ کے عام صارفین بھی سروس سے مطمئن نظر نہیں آتے شہریوں کا کہنا ہے کہ پی ٹی سی ایل کو چاہیے کہ سسٹم میں جدت لائے تاکہ صارفین سرکاری سروس کے استعمال کو ترجیح دیں۔

ایس ایچ او تھانہ صدر مرید کے ثمر عباس ڈوگر کی کارروائی: دو ملزمان گرفتار کر لئے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ایس ایچ او تھانہ صدر مرید کے ثمر عباس ڈوگر کی اپنی ٹیم کے سربراہی میں پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے 2 ملزمان کو گرفتار کرکے دیسی شراب اور ناجائز اسلحہ برآمد کرلیا ملزمان مان اور الیاس کے قبضہ سے 50 لیٹر دیسی شراب اور کلاشنکوف برآمد ہوئی ایس ایچ او ثمر عباس ڈوگر کے مطابق گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے ہیں اور مزید تفتیش جاری ہے۔

فوڈ سیفٹی ٹیموں کا ضلع بھر میں خوراک سے منسلک 113 کاروباروں کا معائنہ

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف، ڈائریکٹر جنرل فوڈ اتھارٹی پنجاب محمد عاصم جاوید اور ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ کی ہدایات پر پنجاب فوڈ اتھارٹی شیخوپورہ کی فوڈ سیفٹی ٹیمیں معیاری خوراک کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے فیلڈ میں مکمل متحرک، ضلع بھر میں خوراک سے منسلک 113 کاروباروں کا معائنہ کیا گیا، حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی اور صفائی کے ناقص انتظامات پر 1 لکھ 30 ہزار روپے سے زائد کا جرمانہ عائد کیا گیا، معیاری دودھ کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے ضلع شیخوپورہ کے مختلف علاقوں میں چیکنگ کے دوران 64 ہزار 260 لٹر دودھ کو چیک کیا گیا۔ مضر صحت غیر معیاری اور ممنوع زائد المعیاد اشیاء جن میں 204 کلو مردہ مرغیاں، 1 کلوگرام کیچپ سمیت دیگر بیکری آئٹمز کو موقع پر تلف کیا گیا 1 فوڈ پوائنٹ کے خلاف مقدمہ درج کروایا گیا اور متعدد فوڈ پوائنٹس کو اصلاحی نوٹس بھی جاری کیے گئے۔

نادرا آفس: شہری شناختی کارڈ، ب فارم ودیگر دستاویزات کیلئے پریشان

وزیر اعلیٰ پنجاب اور وزیر داخلہ نوٹس لیں، رہائشیوں کی حکام بالا سے اپیل

NADRA
REGISTRATION CENTER
MURIDKEY
NADRA PAKISTAN
www.nadra.gov.pk
نادرا
رجسٹریشن سینٹر
مرید کے

مریدکے (تحصیل رپورٹر) نادرا آفس میں شناختی کارڈ، ب فارم سے لیکر دستاویزات کی انٹری سمیت ہر کام کے لیے شہری پریشان روزانہ آفس میں عورتوں، اور بزرگ شہریوں کی لمبی قطاریں دیکھنے کو ملتی ہیں جبکہ شہریوں نے وزیر داخلہ اور وزیر اعلیٰ پنجاب سے فوری نوٹس لینے کی اپیل کی ہے تفصیلات کے مطابق نادرا آفس مرید کے نااہل سٹاف کے حوالے کر دیا گیا ہے جہاں شہریوں کو قطاروں میں لگا کر کئی کئی گھنٹے ذلیل خوار کیا جانے لگا ہے نہ کوئی انفارمیشن کاؤنٹر لگایا گیا ہے اور نہ شہریوں کی رہنمائی کی جاتی ہے بلکہ الٹا ان کی تذلیل کی جاتی ہے انچارج آفس اور سب انچارج کا رویہ تو بلکل غیر اخلاقی ہونے کے سبب شہری مشکلات کا شکار ہو چکے ہیں تصدیق شدہ فارم جمع کرانے آئے لوگ بھی گھنٹوں انتظار کرنے لگے ہیں انچارج اور سب انچارج کا وقت پر آفس نہ آنا بھی روزانہ کا معمول ہو چکا ہے، جس سے مرید کے نادرا آفس سہولیات فراہم کرنے میں بلکل ناکام ہوگیا ہے نادرا آفس مرید کے کے باہر شہریوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ نادرا میں موجود سٹاف ہمارے مسائل کم کرنے کی بجائے دھتکار دیتا ہے۔ لمبی قطاریں اس بات کا ثبوت ہیں نادرا آفس کے سست اہلکار ذمے داریاں نبھانے کے قابل نہیں تاہم سہولت صرف اسے ملتی ہے جو سفارش کروائے شہریوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ روزانہ کی بنیاد پر سی سی ٹی وی فوٹیج کا جائزہ لیا جائے جس سے پتہ چل جائے گا کہ دفاتر کے باہر اور اندر کام میں سست رفتاری معمول بن چکی ہے۔ ضعیف اور کمزور شہری تو اپنی شناخت بنوانے کے چکر میں اپنی صحت کھو رہے ہیں۔ قطار انتظار معمول بن چکا ہے، اس لئے سستی میں ملوث اہلکاروں کو صوبے کے دور دراز علاقوں میں ٹرانسفر کیا جائے وقت پر آفس نہ آنے والے سٹاف کے خلاف کاروائی کی جائے اس بارے میں انچارج اور سب انچارج سے موقف لینے کی کوشش کی گئی لیکن موقف دینے سے انکار کر دیا گیا شہریوں نے وزیر اعلی پنجاب، وزیر داخلہ محسن نقوی، اور ارباب اختیار سے فوری نوٹس لینے کی اپیل کی ہے

یوم قائد، کرسمس اور نیو ایئر پر محکمے اپنے انتظامات مکمل رکھیں، ڈپٹی کمشنر

تمام چرچز کی صفائی کا شیڈول جاری کیا جائے، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی بورڈ اجلاس میں ہدایات

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے کہا ہے کہ یوم قائد، کرسمس اور نیو ایئر کی تقریبات کے حوالے سے تمام محکمے اپنے انتظامات مکمل رکھیں اور سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کیے جائیں۔ وہ یہاں اپنے دفتر میں ڈسٹرکٹ ایمرجنسی بورڈ کے اجلاس کی صدارت کر رہے تھے جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل غلام سرور اور اسسٹنٹ کمشنر ساہیوال رانا اورنگزیب سمیت تمام متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے کہا کہ کرسمس کے موقع پر مسیحی بھائیوں کو بہترین ماحول فراہم کرنے کے لئے تمام چرچز کی صفائی کا شیڈول جاری کیا جائے اور روزانہ کی بنیاد پر ان کے راستوں اور اطراف پر صفائی کی جائے اور لائٹس لگائی جائیں۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ سڑکوں کے پیچ ورک کو بھی جلد مکمل کیا جائے اور صوبائی حکومت کی ہدایات کے مطابق مسیحی ملازمین کو 20 دسمبر تک تنخواہیں ادا کردی جائیں اور اس سلسلہ میں کسی قسم کی شکایت نہیں ہونی چاہیے۔ انہوں نے دونوں تحصیلوں کے اسٹنٹ کمشنرز کو فیلڈ میں نکلنے اور انتظامات کی خود مانیٹرنگ کی ہدایت کی۔ انہوں نے پی ایچ اے حکام کو ان تہواروں کے موقع پر شہر کے پارکوں میں سپیشل صفائی مہم چلانے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے محکمہ ہیلتھ کو ادویات کی وافر مقدار اور دیگر سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے میپکو حکام پر زور دیا کہ اس موقع پر بجلی کی لوڈ شیڈنگ نہ کی جائے اور کسی بھی ایمرجنسی سے نمٹنے کے لئے ٹیمیں تشکیل دی جائیں۔ سول ڈیفنس تمام چرچز اور اہم مقامات کی سویپنگ کا کام جلد مکمل کرے جبکہ ٹریفک پولیس چرچز کے اطراف آمد ورفت کی روانی برقرار رکھنے کے لئے پلان تشکیل دے۔

CRIME
& COURT
جرم وسزا

تھانہ ہیڈ مرالہ: ایس ایچ او نے علاقے کو امن کا گہوارہ بنا دیا

علاقہ میں جرائم پیشہ عناصروں نے عوام کا جینا محال، قبضہ مافیا بھی بھاگنے لگے

کوٹلی لوہاراں (انور سجاد شیخ نمائندہ قوت) تفصیلات کے مطابق سیالکوٹ تھانہ ہیڈ مرالہ میں ایس ایچ او انسپکٹر گلزار احمد کی تعیناتی سے علاقہ میں جرائم پیشہ عناصروں کا جینا محال ہوگیا علاقہ میں چور ڈکیت منشیات فروش قبضہ مافیا خوف میں مبتلا علاقہ کی عوام ایس ایچ او انسپکٹر گلزار احمد کی تعیناتی پر خوشحال دکھائی دینے لگے علاقائی افراد کا کہنا تھا کہ ایس ایچ او انسپکٹر گلزار احمد سے قبل علاقہ میں جرائم پیشہ عناصروں نے عوام کا جینا محال کر رکھا تھا چوری ڈکیتی راہزنی منشیات فروشی ناجائز قبضہ مافیا جسم فروشی کے دھندے جیسے جرائم پیشہ عناصر بھی متحرک ہو چکے تھے لیکن ایس ایچ او انسپکٹر گلزار احمد کی تعیناتی کا سنتے ہی جرائم پیشہ عناصر آپنے آپنے بلوں میں گھس گئے ہیں کہیں جرائم پیشہ عناصر تو علاقہ چھوڑ کر رفو چکر ہو چکے ہیں۔

واپڈا ڈیفالٹر کا لائن مین پر تشدد، رائفل کا بٹ مار کر ناک کی ہڈی توڑ دی

ایس ڈی او للیانی سب ڈویژن سلمان سموئیل کی مدیت میں مقدمہ درج

مصطفی آباد (علی ملک) بجلی چوری کرتے پکڑے جانے پر محکمہ کے ڈیفالٹر شخص اور اس کے بیٹوں نے مل کر واپڈا کے لائن مین کو شدید تشدد کا نشانہ بنایا، رائفل کا بٹ مار کر ناک کی ہڈی توڑ دی، تفصیل کے مطابق لیسکو واپڈا للیانی سب ڈویژن میں بطور لائن مین ڈیوٹی سرانجام دینے والا اللہ دتہ گزشتہ روز نواحی گاؤں وڈانہ میں ریکوری کے سلسلہ میں ڈیڈ ڈیفالٹر اصغر علی سے محکمہ کے واجبات 41 ہزار وصول پانے گیا تو اس نے دیکھا کہ بجلی کا میٹر کاٹے جانے کے باوجود گھر کی تمام لائٹ آن ہے، چیکنگ کرنے پر پتہ چلا کہ صارف نے مین کیبل پر ڈائریکٹ کنڈا ڈالہ ہوا ہے، جس کی ویڈیو بنانے پر اصغر علی اور اس کے بیٹوں فرحان اور سفیان نے اللہ دتہ کو شدید تشدد کا نشانہ بنا کر زخمی کر دیا اور رائفل کا بٹ مار کر اس کے ناک کی ہڈی توڑ دی، پولیس نے ایس ڈی او للیانی سب ڈویژن سلمان سموئیل کی مدیت میں مقدمہ درج کرلیا۔

تھانہ صدر وزیر آباد پولیس کی کاروائی: تین منشیات فروش گرفتار کر لئے

پولیس نے ملزمان کے قبضہ سے 02 کلو 60 گرام چرس برآمد کر لی

ملزمان کی گرفتاری پر سماجی وسیاسی تنظیموں اور علاقے کے مکینوں کا پولیس کو خراج تحسین

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف سخت کاروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں انہی احکامات کے پیش نظر اے ایس پی وزیر آباد حسن بلال کی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ صدر وزیر آباد انسپکٹر گوہر عباس ودیگران پر مشتمل پولیس ٹیم نے دوران گشت وناکہ بندی اور تلاش بدرویہ گان اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے منشیات فروشی کے دھندے میں ملوث 03 کس منشیات فروشوں کو گرفتار کرکے ملزمان کے قبضہ سے 02 کلو 60 گرام چرس برآمد کر لی۔ گرفتار کیے گئے ملزمان میں محمد افضال، ذیشان اور اجمل شامل ہیں۔ دوران تفتیش ملزمان نے انکشاف کیا کہ وہ ضلع بھر میں نوجوانوں کو منشیات فروخت کرتے تھے۔ ملزمان سے مزید تفتیش جاری۔ سماجی وسیاسی تنظیموں اور علاقے کے مکینوں کا پولیس کو خراج تحسین۔ اس موقع پر سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے کہا ہے کہ نوجوان نسل کے محفوظ مستقبل کیلئے منشیات فروشوں کے گرد گھیرا تنگ کرنا ناگزیر ہے۔ سی پی او نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر ایس ایچ او تھانہ صدر وزیر آباد انسپکٹر گوہر عباس اور انکی پولیس کی ٹیم کو شاباش دی۔

مسلح ڈاکوؤں نے نقدی، موبائل فونز اور موٹر سائیکل چھین لی

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مسلح ڈاکوؤں نے نقدی، موبائل فونز اور موٹر سائیکل چھین لی تھانہ موترہ کے علاقہ کھوکھکی کا عثمان اپنی موٹر سائیکل پر جا رہا تھا کہ اس کو دو مسلح ڈاکوؤں نے روک لیا اور اس سے موٹر سائیکل چھین کر فرار ہو گئے جبکہ موضع دھدو بسرا کے محسن سے تین مسلح ڈاکوؤں نے نقدی ساٹھ ہزار روپے اور موبائل فونز چھین لیے پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

کرسمس میں چند روز باقی صوبائی وزیر بلدیات پنجاب کے حلقہ میں سینٹری ورکرز تنخواہوں سے محروم

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) کرسمس میں چند روز باقی صوبائی وزیر بلدیات پنجاب کے حلقہ میں سینٹری ورکرز تنخواہوں سے محروم۔ تفصیلات کے مطابق کرسمس کی آمد آمد ہے اور مسیحی برادری اس تہوار کو منانے کیلئے خرید وفروخت اور تیاریوں میں مصروف ہیں مگر میونسپل کمیٹی ڈسکہ میں کام کرنے والے سینٹری ورکرز تاحال گزشتہ اور رواں ماہ کی تنخواہوں سے محروم ہیں جس سے انکی کرسمس کی خوشیاں ماند ہوتی نظر آرہی ہیں سراپا احتجاج سینٹری ورکرز نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

اے ایس پی سرکل کے تمام ایس ایچ او کو ٹھیکری پہرہ لگوانے کا پابند بنا دیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اے ایس پی سرکل کے تمام ایس ایچ او کو ٹھیکری پہرہ لگوانے کا پابند بنا دیا، جدید سائنسی ٹیکنالوجی کے ساتھ ٹھیکری پہرے کے سسٹم کی موثر مانیٹرنگ کا فیصلہ۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او محمد راشد ہدایت کے احکامات کی روشنی میں اے ایس پی رینالہ سید دانیال حسن نے سرکل کے پانچوں تھانوں کے ایس ایچ اوز کو اس بات کا پابند بنا دیا ہے کہ وہ اپنے مضافاتی علاقوں میں پولیس گشت کے علاوہ عوام کے جان ومال کے تحفظ کے لئے ٹھیکری پہرہ بھی لگوائیں گے اس کے لئے تمام ایس ایچ اوز کو مختلف دیہاتوں کے نمبرداروں کے ساتھ قریبی رابطے کا پابند بنا دیا گیا ہے۔

کوئی بچہ پولیو ویکسین کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے، محمد راشد ہدایت



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ میں 5 روزہ پولیو مہم کا آغاز کوئی بچہ پولیو ویکسین کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے۔ پولیو ورکر ٹیموں نے گلی گلی محلہ محلہ۔ گاؤں گاؤں اور دور دراز کے علاقوں میں بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلانے کے لئے اپنے فرائض سرانجام دینا شروع کر دیئے۔ ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت ان پولیو کے خاتمے لے لئے پولیس اہلکاروں کو پولیو ٹیموں کے شانہ بشانہ چلنے کا حکم دے رکھا ہے۔ اوکاڑہ پولیس کے اہلکار ضلع بھر میں پولیو ٹیموں کے لئے سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کر رہے ہیں تاکہ پولیو ٹیمیں بلا خوف وخطر بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلاسکیں اور ضلع بھر میں کوئی بچہ قطرے پینے سے محروم نہ رہ سکے۔ ڈی پی او اور ڈی سی اوکاڑہ کا کہنا ہے کہ عوام اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں۔ پولیو ٹیمیں گھر گھر جا کر مستقبل کے معماروں کو پولیو جیسے موذی مرض سے بچنے کے لئے بہت ضروری ہے۔

جلالپور بھٹیاں: چوری وراہزنی کی وارداتوں میں اضافہ ہوگیا

چور 15 سو روپے اور موٹر سائیکل مالیتی 80 ہزار روپے چھین کر فرار ہو گئے

جلالپور بھٹیاں (روز نامہ قوت رستم علی) جلالپور بھٹیاں تھانہ ونیکے تارڑ کی حدود میں چوری اور راہزنی کی وارداتوں میں اضافہ۔ غریب عوام چوروں اور راہزنوں کے نرغے میں بے بس اور لاچار نواحی گاؤں مڑھ باشی کے قریب حافظ آباد کا رہائشی محنت کش مبشر عالم جو مزدوری کی نیت سے مڑھ باشی آرہا تھا کہ سڑک پر کھڑے نامعلوم دو کس راہزنوں نے زبردستی روکا اور ایک عدد موبائل فون مالیتی 3 ہزار، نقدی رقم مبلغ 15 سو روپے اور موٹر سائیکل مالیتی 80 ہزار روپے چھین لیے اور فرار ہو گئے۔ جبکہ دوسری واردات میں چور نواحی گاؤں بہک احمدیار میں غریب محنت کش گھریلو ملازمہ مسمات ساجدہ بی بی کے گھر بیرونی دیوار پھلانگ کر گھسے اور گھر میں رکھے ٹرنک سے نقدی رقم 30 ہزار اور سلے نئے سوٹ مالیتی 5 ہزار روپے چوری کر کے لے گئے۔

گرفتار ملزموں کو فرار کروانے کا جرم: پولیس اہلکاروں کی ضمانت منظور

سب انسپکٹر محمد افضل اور کانسٹیبلان محمد زمان اور محمد اسلم پر مقدمہ درج کرلیا گیا تھا

وزیر آباد (نامہ نگار) ڈکیتی وراہزنی کے 6 مختلف مقدمات میں گرفتار ملزمان کو عدالت سے پیشی کے موقع پر فرار کروانے کے جرم میں گرفتار سب انسپکٹر اور دو سپاہیوں کی عدالت سے ضمانت منظور ہوگئی وزیر آباد کے علاقہ تھانہ احمد نگر میں ہیڈ خانکی روڈ اور دیگر ملحقہ سڑکوں پر ڈکیتی وراہزنی کے 6 مختلف مقدمات میں گرفتار ملزمان امیر حمزہ اور گلفام کو دو روز قبل جوڈیشل کمپلیکس وزیر آباد میں بطور راہداری پہنچانے سینٹرل جیل گوجرانوالہ پولیس سب انسپکٹر محمد افضل اور ان کے ہمراہ کانسٹیبلان محمد زمان اور محمد اسلم پر مقدمہ درج کرلیا گیا تھا ملزمان پر الزام تھا کہ انہوں نے دوران ڈیوٹی غفلت ولاپرواہی کا ثبوت دیا اور غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کیا جس کی وجہ سے ڈکیتیوں میں ملوث گرفتار ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہوئے ملزمان پولیس ملازمین کو عدالت سول جج فضل الہی میں پیش کیا گیا جنہوں نے تینوں پولیس ملازمین ملزمان کی ضمانت منظور کرلی۔

وزیر آباد: ڈاکہ زنی اور چوری کی وارداتوں میں روز بروز اضافہ

عوام شدید خوف وہراس اور عدم تحفظ کا شکار، نوٹس لیا جائے، عوامی حلقوں کا مطالبہ

وزیر آباد (نامہ نگار) وزیر آباد شہر اور اس کے ملحقہ علاقوں ڈسکہ، احمد نگر، اور سیالکوٹ روڈز پر ڈاکہ زنی اور چوری کی وارداتوں میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے، جس سے عوام شدید خوف وہراس اور عدم تحفظ کا شکار ہو چکے ہیں۔ جرائم پیشہ عناصر دن دیہاڑے دیدہ دلیری کے ساتھ شہریوں کو لوٹ رہے ہیں، جبکہ موٹر سائیکل، موبائل فونز، اور نقدی چھیننے کی وارداتیں معمول بن چکی ہیں۔ گزشتہ چند دنوں کے دوران ان علاقوں میں ہونے والی وارداتوں میں لاکھوں روپے کا نقصان ہوا ہے۔ وزیر آباد شہر میں صرف دو وارداتوں میں ستر لاکھ روپے سے زائد کی رقم لوٹ لی گئی۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ پولیس کی غیر فعالیت اور غیر سنجیدگی کے باعث یہ صورتحال دن بہ دن خراب ہو رہی ہے۔ گشت کا مؤثر نظام نہ ہونے کے باعث جرائم پیشہ عناصر نڈر ہو چکے ہیں، اور عوام اپنی جان و مال کے تحفظ کے لیے شدید پریشان ہیں۔ علاقے کی سماجی، دینی، اور صحافتی تنظیموں نے پولیس کی کارکردگی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیس صرف ایف آئی آر درج کرنے تک محدود ہے اور عملی اقدامات کا فقدان واضح نظر آتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ روایتی طریقوں سے ہٹ کر جدید اور مؤثر حکمت عملی اپنائے بنائے بغیر حالات پر قابو پانا مشکل ہے۔ عوامی حلقوں نے پولیس کے اعلیٰ حکام سے اپیل کی ہے کہ علاقے کی صورتحال پر فوری نوٹس لیا جائے اور ایسے افسران کو تعینات کیا جائے جو جرائم کے خاتمے کے لیے خصوصی تجربہ رکھتے ہوں۔ ان کا کہنا ہے کہ گشت کو مؤثر بنانے کے ساتھ ساتھ اہم شاہراہوں پر سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف بھرپور کارروائی کی جائے۔ شہریوں نے خبردار کیا ہے کہ اگر پولیس اور انتظامیہ نے فوری اقدامات نہ کیے تو عوام بڑھتے ہوئے جرائم کے خلاف احتجاج پر مجبور ہو جائیں گے، جس سے انتظامیہ کو مزید مسائل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

اندراج کے بغیر مکان کرایہ پر دینے پر دو ملزمان کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) تھانہ میں اندراج کروائے بغیر مکان کرایہ پر دینے پر دو ملزمان کیخلاف مقدمہ درج پولیس کو مخبر خاص نے اطلاع دی کہ رب نواز کالونی ڈسکہ کے عثمان نے اپنا مکان تھانہ میں اندراج کروائے بغیر ہی شفیق کو کرایہ پر دے دیا ہے پولیس نے چھاپہ مار کر دونوں ملزمان کو گرفتار کرکے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

پولیس کا گھر پر چھاپہ آتش بازی کا سامان اور پتنگیں برآمد

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) پولیس کا گھر پر چھاپہ آتش بازی کا سامان اور پتنگیں برآمد ملزم گرفتار پولیس نے مخبر خاص کی اطلاع پر رب نواز کالونی میں ذوالفقار علی عرف بھٹو کے گھر چھاپہ مارا تو ملزم کے قبضہ سے 106 ڈبی پٹاخے اور 2 کارٹن پتنگیں برآمد کرکے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

خاتون کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے پر مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) خاتون کو سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے پر مقدمہ درج موضع پڈالی کی خاتون صمیقہ نے پولیس کو درخواست دی کہ ملزم شفاقت ان کے گھر کے سامنے آکر گالیاں دیتا ہے اور سنگین نتائج کی دھمکیاں دیتا ہے چند روز قبل ملزم نے فائرنگ بھی کی تھی پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

مقامی تاجر و کاروباری شخصیت کو نامعلوم شخص کی موبائل سے سنگین نتائج و قتل کی دھمکیاں ملزم موبائل فون کال پر مغلظات بکتا رہا

وزیر آباد (نامہ نگار) مقامی تاجر و کاروباری شخصیت کو نامعلوم شخص کی موبائل سے سنگین نتائج و قتل کی دھمکیاں ملزم موبائل فون کال پر مغلظات بکتا رہا۔ پولیس نے مقدمہ درج کرکے تحقیقات شروع کر دی وزیر آباد اندرون سیالکوٹ روڈ پر واقع نجی موٹر سائیکل کمپنی کے شوروم کے مالک ومعروف کاروباری شخصیت عثمان ریاض کو نامعلوم ملزم نے موبائل فون سے کال کی اور گالیاں نکالنے لگا ملزم کو منع کرنے پر وہ مزید طیش میں آگیا اور سنگین نتائج و قتل کی دھمکیاں دیتا رہا ملزم نے کاروباری شخصیت عثمان ریاض کو وزیر آباد سے کاروبار سمیٹ کر غائب ہو جانے کا کہا نامعلوم ملزم کی فون کال پر سنگین نتائج کی دھمکیوں اور مغلظات بکنے پر پولیس نے ملزم کے خلاف زیر دفعہ 25D ٹیلیگراف ایکٹ مقدمہ درج کر کے تحقیقات شروع کر دیں ہیں۔

سول سیوور فار کرائسٹ چرچ کے پادری نے اوکاڑہ جیل میں کرسمس کیک کاٹا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈسٹرکٹ جیل اوکاڑہ کے مسیحی ملازمین کے لیے سول سیوور فار کرائسٹ چرچ کے پادری عوبید کرامت نے سپرنٹنڈنٹ جیل کاشف رسول اور ضلعی صدر مسلم لیگ (ن) شعبہ خواتین مس صائمہ رشید ایڈووکیٹ، صدر سماجی تنظیم ماڈا محمد مظہر رشید چودھری ودیگر کے ہمراہ کیک کاٹا اور گفٹس تقسیم کیے، اس موقع پر سول سیوور فار کرائسٹ چرچ کے پادری عوبید کرامت نے کہا کہ میں شکر گزار ہوں ڈسٹرکٹ جیل کے سپرنٹنڈنٹ کاشف رسول اور انتظامیہ کا جن کے تعاون سے آج مسیحی ملازمین کے ہمراہ کرسمس کا کیک کاٹا اور گفٹس تقسیم کر سکا۔

منشیات فروشی کے مقدمے میں ملزم کو 9 سال قید کی سزا

تھانہ حویلی لکھا پولیس نے 2023 میں ملزمہ کے خلاف مقدمہ درج کیا تھا

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) دیپالپور حویلی لکھا کی تحصیل دیپال پور کے ایڈیشنل سیشن جج دیپالپور کی عدالت نے تھانہ حویلی لکھا کہ مقدمہ میں نامزد ملزمہ نجمہ بی بی کو منشیات فروشی کے مقدمے میں ملزمہ کو 9 سال قید کی سزا اور 80000 روپے جرمانے کی سزا سنائی ایڈیشنل سیشن جج دیپالپور کی عدالت کے جج نے منشیات فروشی کے مقدمہ میں ملزمہ نجمہ کو جرم ثابت ہونے پر مجرم کو 9 سال قید اور 80000 روپے جرمانے کی سزا سنائی تفصیلات کے مطابق تھانہ حویلی لکھا پولیس نے 2023 میں ملزمہ کے خلاف مقدمہ درج کیا تھا۔ عدالت کی جانب سے سزا سنائی جانے کے بعد پولیس نے ملزمہ کو گرفتار کر کے جیل بھیج دیا حویلی لکھا: پولیس کی پروفیشنل تفتیش، محنت اور ٹھوس شہادتوں کی بدولت منشیات فروشی کے مقدمہ میں ملوث مجرمہ پر جرم ثابت ہونے پر معزز عدالت کی جانب سے 9 سال قید اور 80000 روپے جرمانے کی سزا۔ جرمانہ ادا نہ کرنے کی صورت میں 6 ماہ مزید قید کاٹنا ہوگی ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت نے پاکستان پریس کلب لکھا گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں تھانہ حویلی لکھا کی تفتیشی آفیسر اور لیگل ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشی کرنے والا قانون کی گرفت میں ہوگا اور منشیات فروشوں کے خلاف بلاامتیاز کاروائیاں جاری رہیں گی

چور مختلف واقعات میں پانچ افراد کی موٹر سائیکلیں چرالے گئے

موٹر سائیکلیں چرائے جانے کے باوجود سٹی پولیس تاحال نہ تو کسی ملزم کا سراغ لگا سکی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد شہر سے نامعلوم چور مختلف واقعات میں پانچ افراد کی موٹر سائیکلیں چرالے گئے۔ چند ہفتوں کے دوران بیسیوں موٹر سائیکلیں چرائے جانے کے باوجود سٹی پولیس تاحال نہ تو کسی ملزم کا سراغ لگا سکی ہے اور نہ ہی کسی کو گرفتار کرسکی ہے۔ موٹر سائیکل چرانے کی پہلی واردات کلمہ چوک کے قریب ہوئی جہاں پر محمد احمد سکنہ کولو تارڑ نے اپنا موٹر سائیکل کھڑا کیا جہاں سے نامعلوم چور موٹر سائیکل چرالے گیا۔ دوسری واردات میں محلہ قادر آباد میں ہوئی جہاں سے نامعلوم ملزمان محمد شہزاد کا موٹر سائیکل چرالے گئے۔ تیسری واردات میں نامعلوم چور محمد منیر کو موٹر سائیکل گڑھی اعوان سے چرالے گئے۔ چوتھی واردات میں چور علی حشتم سکنہ حاجی پورہ کا موٹر سائیکل ڈی ایچ کیو ہسپتال کے باہر سے چرالے گئے۔ پانچویں واردات بھی ڈی ایچ کیو ہسپتال کے قریب ہوئی جہاں پر نامعلوم چور ریاست علی سکنہ تاجپورہ کا موٹر سائیکل چرالے گئے۔ پولیس سٹی نے الگ الگ مقدمات درج کر لئے۔

ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد کی چیچہ وطنی سرکل میں کھلی کچہریاں

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) عوامی شکایات ومسائل کے حل اور فوری انصاف کی فراہمی کا مشن، ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد کی چیچہ وطنی سرکل میں کھلی کچہریاں۔ ساہیوال عوامی شکایات ومسائل کے حل اور فوری انصاف کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد نے چک نمبر 31 گیارہ ایل علاقہ تھانہ غازی آباد، چک نمبر 87 بارہ ایل علاقہ تھانہ اوکانوالہ بنگلہ اور 15 موڑ پرانی چیچہ وطنی علاقہ تھانہ صدر چیچہ وطنی میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا جہاں 30 سے زائد شہریوں نے مختلف نوعیت کی شکایات ومسائل سے ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد کو آگاہ کیا جن کے حل کے لیے موقع پر احکامات جاری کیے گئے۔

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ بقیہ جات 1

سے پاس ہوئی تھی، کوشش یہ ہیکہ تمام معاملات افہام وتفہیم سے حل ہوں، سیاست میں مذاکرات ہوتےہیں، دونوں فریق ایک دوسرے کو سمجھاتے ہیں۔ مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ 2004 میں مدارس کے حوالے سوالات اٹھائے گئے، پہلا سوال یہ تھا کہ دینی مدارس کا مالیاتی نظام کیا ہے؟ دوسرا سوال تھا کہ مدارس کا نظام تعلیم کیا ہے؟ تیسرا سوال تھا کہ دینی مدارس کا تنظیمی ڈھانچہ کیا ہوتا ہے؟ انہوں نے کہا کہ ان سوالات پر مذاکرات ہونے کے بعد جب حکومت مطمئن ہوگئی تو اس وقت ایک قانون سازی ہوئی اور اس میں کہا گیا کہ دینی مدارس محتاط رہیں گے کہ ان میں کسی طرح بھی فرقہ وارانہ تعلیم نہ ہو، شدت پر آمادہ کرنے والا کوئی مواد پیش نہ کیا جائے، البتہ تقابل ادیان کے حوالے سے استاد کی علمی بحث کو استثنٰی دیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ بعد میں کچھ مشکلات آتی رہیں، ہماری خفیہ ایجنسیاں مدارس میں براہ راست جاتی تھیں، وہاں ڈرانے، دھمکانے اور پریشان کرنے کا ایک سلسلہ چل رہا تھا، جس پر سنجیدہ شکایت اٹھی اور 2010 میں ایک مرتبہ پھر معاہدہ ہوا کہ کسی بھی مدرسے کے حوالے سے کوئی بھی شکایت براہ راست مدرسے میں جا کر نہیں کی جائے گی بلکہ اس تنظیم سے کی جائے گی جس کا اس مدرسے سے الحاق ہے۔ مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ ہمارے نزدیک تو معاملات طے تھے لیکن اس کے بعد 18 ویں ترمیم پاس ہوئی، تو خود حکومت نے سوال اٹھایا کہ مدارس 1860 کے سوسائٹیز ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ہوتے ہیں، اب چونکہ وہ صوبائی مسئلہ بن گیا ہے لہذا آپ وفاقی وزارت تعلیم کے ساتھ خود کو وابستہ کرلیں۔

بقیہ بقیہ جات 2

حکومت آئینی اور اخلاقی فرض پورا کرنے کے لئے تیار ہے، پاراچنار میں سیاسی مسئلہ بگڑ کر سنگین ہو چکا ہے۔ وہ منگل کو ایوان میں صدر نشین عبدالقادر پٹیل کی جانب سے اٹھائے گئے معاملے پر اظہار خیال کر رہے تھے۔ صدر نشین عبدالقادر پٹیل نے کہا کہ میرے علم میں آیا ہے کہ پارا چنار میں ادویات کی قلت کے باعث 19 بچے انتقال کر گئے ہیں، پارلیمانی سیکرٹری صحت اس کی تفصیلات حاصل کر کے اصل صورتحال سے ایوان کو آگاہ کریں۔ منگل کو اجلاس کے دوران صدر نشیں عبدالقادر پٹیل نے وفاقی پارلیمانی سیکرٹری کو آگاہ کیا کہ نجی اخبار میں خبر شائع ہوئی ہے کہ پارا چنار میں ادویات کی قلت کے باعث 19 بچے انتقال کر گئے ہیں۔ وزیر قانون وانصاف اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ آئین کے مطابق امن وامان صوبائی حکومت کا فرض ہے، وفاق الگ نہیں رہ سکتا، کسی حصے میں ایسا معاملہ ہو حکومت فرض ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ گورنر خیبر پختونخوا نے گرینڈ جرگہ کا انعقاد کیا۔ وزیراعلی کے پی اس جرگے میں شریک ہوتے تو یہ پیغام ملتا کہ عوام کے لئے مل بیٹھنے کو تیار ہیں۔ ادویات کی قلت حوالے سے ہدایات جاری کی ہیں، یہ معاملہ کابینہ کے سامنے بھی رکھوں گا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت گہرائی سے اس معاملے کو دیکھ رہی ہے، وزیر اعظم، وزیر داخلہ سے یومیہ کی بنیاد پر رپورٹ لے رہے ہیں، صوبائی حکومت سے رابطے میں ہیں، معاونت کے کسی اقدام کا تقاضا کیا جائے گا تو پورا کیا جائے گا۔ اس حوالے سے وفاقی پارلیمانی سیکرٹری نے بتایا کہ حکام سے رابطہ کر کے تفصیلات حاصل کر کے ایوان کو آگاہ کرتا ہوں۔ اس حوالے سے مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ پارا چنار میں سالوں سے فسادات ہو رہے ہیں، ہزاروں زندگیاں چھین لی گئیں، دیہات تباہ ہو چکے ہیں، اب کانوائے پر فائرنگ، بازار بند، غذائی اور ادویات قلت ہے، مجموعی قیام امن کے لئے کچھ کرنا ہوگا۔ صدر نشیں نے کہا کہ میں سپیکر قومی اسمبلی سے درخواست کروں گا کہ ایک دن رکھا جائے جس میں صرف پارا چنار کے مسائل، تنازعات اور ان کے حل پر بات کی جا سکے۔

بقیہ بقیہ جات 3

شرابا بھی ہوا۔ وفاقی وزیر رانا تنویر نے تحریک انصاف کو فاشسٹ قرار دیتے ہوئے کہا کہ انہوں نے تو ہٹلر اور مسولینی کو بھی پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ انہوں نے سرکاری وسائل کے ذریعے وفاق پر چڑھائی کی، ان کو غلط اطلاع دی جاتی ہے کہ پنجاب حکومت چھاپے مار رہی ہے، پنجاب کے ایم این ایز آپ کے ساتھ فراڈ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے اپنے دور میں مسولینی اور ہٹلر جیسے کام کیے، 4 سال تباہی کرنے پر آپ کو شرم آنی چاہیے، پنجاب حکومت چاہے تو 10 لاکھ لوگ لاسکتی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ آپ پنجاب سے 5 بندے بھی نہیں نکال سکے، ان کے دور میں ڈی سی اور ڈی پی اوز کے فون چیک ہوتے تھے، اگر ان کو تنگ کیا جا رہا ہے تو تحریک استحقاق لائیں، اسد قیصر اچھے آدمی ہیں ان کے ساتھ غلط بیانی ہو رہی ہے۔ اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا کہ زبردستی استعفیٰ لیا گیا تو اسمبلی نہیں چلے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ایوان میں خصوصی کمیٹی بنائی تھی، اس کمیٹی نے ابھی تک کیا نتیجہ نکالا، پنجاب میں ہمارے اراکین کے گھروں پر چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ اسد قیصر نے کہا کہ کہا جا رہا ہے اسپیکر سے بات کی گئی ہے، آپ استعفیٰ دے دیں، کہا جا رہا ہے آپ کا استعفیٰ منظور کر لیا جائے گا۔ پی ٹی آئی کے رہنما نے کہا کہ کس قانون کے تحت ایم این ایز کو تنگ کیا جا رہا ہے، اراکین کو خود حکومت اور انتظامیہ سے خطرہ ہے۔

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب دیپالپور / ADLR صاحب دیپالپور

عنوان: انتقال وراثت محمد طفیل (متوفی) ولد محمد رفیق ساکن موضع قلعہ تارا سنگھ تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ ہرگاہ عنوان بالا میں انتقال وراثت اراضی واقع موضع قلعہ تارا سنگھ تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ دفتر ہذا میں درج کیا گیا ہے۔ محمد طفیل (متوفی) بقضائے الہی سے وفات پا چکا ہے۔ جس کے دیگر وارثان بازگشت یہ بیانی ہوئے ہیں۔

صغراں بی بی (بیوہ)، محمد آصف طفیل، محمد کاشف طفیل، محمد ساجد طفیل، سمیہ پروین پسران ودختر متوفی محمد طفیل ساکنان موقع قلعہ تارا سنگھ تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ شجرہ نسب میں درج شدہ ہیں۔ لہذا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا انتقال وراثت محمد طفیل (متوفی) کے بابت کسی شخص یا ادارے کو کوئی اعتراض ہو تو وہ زیر دستخطی کے اندر 7 یوم بمعہ ثبوت دفتر ہذا رابطہ کرے ورنہ حسب ضابطہ منظور وتصدیق کر دیا جائے گا اور بعد ازاں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 4

ہوئی۔ سعودی وزیر شہزادہ عبدالعزیز بن سعود نے اپنے پاکستانی ہم منصب محسن نقوی اور وفد کے دیگر ارکان کا خیر مقدم کیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ سعودی عرب سے ہر پاکستانی کا مذہبی عقیدت و احترام کا رشتہ ہے، سعودی عرب نے ہر مشکل میں ہمیشہ پاکستان کا ساتھ دیا، سعودی عرب کی ویژنری قیادت اور عوام کیلئے نیک خواہشات رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کی بے پایاں سپورٹ پر دل سے شکریہ ادا کرتے ہیں۔ سعودی عرب کے نائب وزیر داخلہ ناصر الداؤد، وزارت داخلہ کے انڈر سیکرٹری ڈاکٹر خالد الباطل، پبلک سیکورٹی کے ڈائریکٹر لیفٹیننٹ جنرل محمد البسامی، ڈرگ کنٹرول کے ڈائریکٹر جنرل میجر جنرل محمد القرنی بھی ملاقات کے موقع پر موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 5

سپورٹ کرنا ہے، وزیر اعظم ڈی ایٹ کے نظریات کے لئے پاکستان کے مضبوط عزم کا اظہار کریں گے، نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور مالیاتی ترقی کے لئے پاکستان کی ترغیبات پر بھی روشنی ڈالیں گے۔ وزیر اعظم کے ترجمان کا کہنا تھا کہ شہباز شریف ڈی 8 کے خصوصی اجلاس برائے انسانی کرائسز میں بھی شرکت ہوں گے اور مشرق وسطٰی میں اسرائیلی جارحیت کے نتیجے میں پیدا ہونے والی صورتحال پر غور کریں گے۔ اسی طرح محمد شہباز شریف فلسطین کی صورتحال پر پاکستان کا اصولی موقف پیش کریں گے اور مشرق وسطٰی میں قیام امن پر زور دیں گے۔ خیال رہے سربراہی اجلاس کے موقع پر وزیر اعظم کی شرکت کرنے والے رہنماؤں سے دوطرفہ ملاقاتیں متوقع ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 6

وفاقی وزرا کی ایوان میں غیر حاضری سے احتساب کے اصولوں اور شفافیت کے عمل کو نقصان پہنچتا ہے، وزرا کی ایوان میں حاضر نہ ہونے سے عوام کے جمہوری اداروں پر اعتماد کو بھی نقصان پہنچے کا خدشہ ہے۔ انہوں نے اپنے خط میں کہا کہ وزرا کا اپنے ماتحت افسران کو آئینی ذمہ داریاں دینا قابل قبول نہیں، یہ عمل وزرا کی جانب سے گورننس میں غیر سنجیدگی بھی ظاہر کرتی ہے۔ شہباز شریف نے آفیشل معاملات کے لیے پارلیمنٹ میں موجود وزرا کے چیمبر میں موجودگی یقینی بنانے کی ہدایت کردی جبکہ وزرا کو وقفہ سوالات اور ایوان میں بحث کے دوران دیگر میٹنگز میں عدم شرکت کی ہدایت بھی کی۔ واضح رہے کہ 12 دسمبر کو قومی اسمبلی کے اجلاس سے مسلسل دوسرے روز بھی وفاقی وزرا غائب رہے جس پر اپوزیشن لیڈر عمر ایوب کے علاوہ پیپلز پارٹی کے رہنماؤں نے بھی تنقید کی تھی۔ اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ حکومت کے احتساب کے لیے ہمارے پاس ایک فورم ہے، یہ سوالات کا وقت ہے اگر وہ اسے سنجیدگی سے نہیں لیتے ہیں، تو پھر کیا حکمرانی اور کیا احتساب؟ ڈپٹی اسپیکر سید غلام مصطفی شاہ نے اجلاس ملتوی کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا تھا کہ اس طرح ایوان نہیں چلے گا، وزرا آئندہ ہفتے نہیں آئے تو ہاؤس نہیں چلائیں گے۔ ڈپٹی اسپیکر نے کہا تھا کہ گزشتہ روز بھی ہم نے رولنگ دی تھی کہ ہم وزیر اعظم کو لکھیں گے، حکومت غیر سنجیدہ ہے، اس طرح ایوان نہیں چلے گا۔

بقیہ بقیہ جات 7

بھی ٹریڈنگ کے دوران سٹاک ایکسچینج میں زبردست تیزی دیکھنے میں آئی، 800 سے زائد پوائنٹس اضافے کے ساتھ پاکستان سٹاک مارکیٹ میں ہنڈرڈ انڈیکس 1 لاکھ 17 ہزار 039 پوائنٹس کی سطح کو چھو گیا۔ واضح رہے کہ کاروباری ہفتے کے پہلے روز آغاز پر ہی سٹاک ایکسچینج میں زبردست تیزی دیکھنے میں آئی، ٹریڈنگ کے اختتام پر پاکستان سٹاک مارکیٹ میں ہنڈرڈ انڈیکس 1876 پوائنٹس اضافے کے ساتھ 1 لاکھ 16 ہزار 169 پوائنٹس کی بلند ترین سطح پر بند ہوا تھا۔ دوسری جانب انٹر بینک میں ڈالر مزید گراوٹ کا شکار ہے۔ کاروباری ہفتے کے دوسرے روز انٹر بینک میں امریکی کرنسی 7 پیسے سستی ہوگئی جس کے بعد انٹر بینک میں ڈالر 17.278 روپے سے کم ہو کر 10.278 روپے پر ٹریڈ ہو رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 8

کی معیشت کو فائدہ ہوگا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اس وقت ملک میں مہنگائی 2018 کے بعد کم ترین سطح پر ہے، اب ہمارے لیے موقع ہے کہ مل کر پاکستان کی معیشت کے پہیے کو تیزی سے گھمائیں تاکہ ان دنوں مضبوط ہوتی معیشت کا فائدہ اٹھائیں، پہلے اندرون ملک سرمایہ کاری کو فروغ دیں اور پھر بیرونی سرمایہ کاری بھی خود بخود آئے گی۔ شہباز شریف نے کہا کہ اس کے لیے ہمارا ہوم گرون پروگرام تقریبا مکمل ہو چکا ہے اور اسی مہینے میں ہم ایک تقریب میں اس کا اعلان کریں گے، اس پر ہم مل کر کوشش کریں گے تاکہ پاکستان کی معیشت آگے بڑھے۔

بقیہ بقیہ جات 9

انہوں نے ڈی جی پی آر میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلی مریم نواز 8 سے 15 دسمبر تک چائنہ کے سرکاری دورے پر تھیں۔ وزیر اعلی نے چائنہ کے 4 شہروں کا دورہ کیا جہاں ان کی مختلف میٹنگز تھیں۔ چین کے گورننس سسٹم کے لحاظ سے مسلم لیگ ن کو بطور پارٹی زیادہ ہائی لائٹ کیا گیا۔ عظمٰی بخاری کا کہنا تھا کہ چائنہ کے صدر شی جن پنگ کے بعد وائس چیئرمین کا عہدہ سب سے بڑا ہے، وائس چیئرمین نے وزیر اعلی مریم نواز سے آدھے گھنٹے کی ملاقات شیڈول کی لیکن انہوں نے ایک گھنٹے کا وقت دیا۔ مریم نواز کے بارے میں کہا گیا وہ آنے والے وقت میں بڑی لیڈر کے طور پر شمار ہوں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلی مریم نواز نے زرعی آلات بنانے والے کمپنی کا دورہ بھی کیا۔ چین کے ٹریکٹرز روبوٹکس ہیں۔ اب ہمارے کسانوں کے پاس بھی وہ آلات ہوں گے جو پوری دنیا میں استعمال ہوتے ہیں۔ وزیر اعلی نے چائنہ کو پنجاب میں ٹرانسپورٹ پر کام کرنے کہ دعوت دی ہے۔ ہمیں 700 کے قریب چائنہ سے الیکٹرک بسیں خریدنی ہیں۔ بہت جلد الیکٹرک بسوں کا پہلا فلیٹ لاہور پہنچنے والا ہے۔ وزیر اطلاعات کا کہنا تھا کہ ہم نے 5 سالہ منصوبہ بنایا ہے جس میں ہمیں ساری ٹرانسپورٹ کو الیکٹرک پر شفٹ کرنا ہے۔ وزیر اعلی نے چینی کمپنی جنکو کو پنجاب میں سولر پلانٹ لگانے کی اجازت دی ہے۔ پنجاب میں سرمایہ کاری کے حوالے سے 60 سے زیادہ کمپنیوں کا ریسپانس بہت اچھا تھا۔ 50 کروڑ ڈالر سے پنجاب میں کچھ منصوبے چلائے جائیں گے۔ انکا مزید کہنا تھا کہ سیکورٹی کے حوالے سے کچھ خدشات رہتے ہیں، وزیر اعلی نے چینی سرمایہ کاروں کی سیکورٹی کو یقینی بنانے کا وعدہ کیا ہے، آپ جلد پنجاب میں چینی کمپنیوں کو کام کرتا دیکھیں گے، مریم نواز نے لاہور کو جدید ترین سمارٹ سٹی بنانے کا پلان بنایا ہے، لاہور جلد جدید ترین سمارٹ سٹی ہوگا۔ اراکین صوبائی اسمبلی کی تنخواہوں پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 2019 میں اراکین صوبائی اسمبلی کی تنخواہیں بڑھی تھیں۔ اور میرے علم کے مطابق وزرا کی تنخواہوں میں ساڑھے 3 لاکھ روپے ٹیکس دینا ہے۔ اب اگر ایک لاکھ 90 ہزار تنخواہ میں گزارا ہوتا ہے تو بتائیں۔ اگر کوئی اور ذرائع آمدن نہیں تو اچھی تنخواہ ملنا بری بات نہیں۔ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز تنخواہ نہیں لیتیں۔ ان کا کہنا تھا کہ آپ کو جلد لاہور کی سڑکوں پر چارجنگ اسٹیشن بھی نظر آئیں گے، بچوں کو دی جانے والی الیکٹرک بائیکس کیلئے جلد چارجنگ اسٹیشنز بنیں گے۔ مریم نواز چین سے کینسر کے علاج کی جدید ٹیکنالوجی لیکر آرہی ہیں۔ نواز شریف کینسر اسپتال ایک ہزار بستروں پر مشتمل ہو گا۔ وزیر اعلی مریم نواز نے پنجاب کو جدید ترین صوبہ بنانے کا عہد کیا ہے۔

بعدالت جناب مس نادیہ علی صاحب فیملی جج درجہ اول بھلوال

دعویٰ: خرچہ نان ونفقہ

عنوان: فاخرہ نورین وغیرہ بنام محمد اعجاز

بنام محمد اعجاز ولد نیاز محمد قوم راجپوت سکنہ چک نمبر 75 جنوبی تحصیل وضلع سرگودھا۔۔ ہرگاہ کے مقدمہ مندرجہ بالا میں مدعا علیہ مذکور کی تعمیل آسان طریقے سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ بتقرری 06-01-25 اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت حاضر آئیں۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 10

جہاں پر انہوں نے میڈیا سے مختصر گفتگو کی۔ عمر ایوب کا کہنا تھا کہ مذاکرات کے حوالے سے کسی سے کوئی رابطہ نہیں ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب تک یہ لوگ سنجیدہ نہیں ہوں گے مذاکرات نہیں ہوں گے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز پی ٹی آئی کے رہنما شوکت یوسفزئی نے کہا تھا کہ پارٹی قیادت نے بانی پی ٹی آئی کو درخواست کی کہ پہلے مذاکرات کا موقع دیا جائے، بدقسمتی سے حکومت کا رویہ انتہائی بچگانہ ہے۔ انہوں نے کہا تھا کہ حکومت شاید سمجھ رہی ہے کہ پی ٹی آئی کمزور پڑ گئی ہے، اس لیے مذاکرات کی باتیں ہو رہی ہیں۔ پی ٹی آئی کے رہنما نے کہا تھا کہ چاہتے ہیں کہ ملک مزید مشکل میں نہ ہو لیکن حکومتی رویے نے مایوس کر دیا، مذاکرات کی وجہ سے سول نافرمانی کی تحریک کی تاریخ فائنل نہیں ہوئی تھی۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ مذاکرات نہیں ہوتے تو شاید بانء پی ٹی آئی کی طرف سے لائحہ عمل کا اعلان ہو جائے، لائحہ عمل سے ملک کو نقصان ہوگا تو ذمے داری حکومت پر عائد ہو گی، حکومت کے پاس بہت کم وقت رہ گیا ہے، سنجیدہ مذاکرات کی بات کرے۔

بقیہ بقیہ جات 11

دائر درخواست پر سماعت کی۔ وکیل درخواست گزار نے موقف اپنایا کہ شبلی فراز سینیٹر ہیں اور مقدمات کی تفصیلات کے لئے درخواست دائر کی ہے، درخواست گزار کے خلاف مقدمات کی تفصیل فراہم کی جائے۔ عدالت نے سینیٹر شبلی فراز کی 16 جنوری تک حفاظتی ضمانت دے دی اور وفاقی حکومت اور متعلقہ اداروں سے درخواست گزار کیخلاف درج مقدمات کی رپورٹ طلب کر لی۔

بقیہ بقیہ جات 12

ضمانت کی درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت ڈپٹی اٹارنی نے عدالت میں رپورٹ جمع کرائی، جس کے مطابق وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کے خلاف اسلام آباد میں 32 اور پنجاب میں 33 مقدمات درج ہیں۔ عدالت نے علی امین گنڈاپور کی حفاظتی ضمانت منظور کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کو 16 جنوری تک کسی بھی مقدمے میں گرفتار نہ کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کو متعلقہ عدالتوں میں پیش ہونے کی بھی ہدایت کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 13

نہیں ہوا بلکہ کھڑے کیے گئے ہیں۔ حافظ حمد اللّٰہ کا کہنا ہے کہ مدارس رجسٹریشن پر حکومت کے ساتھ ایک ماہ سے مذاکرات کرتے رہے، 26 ویں آئینی ترمیم اور دینی مدارس رجسٹریشن پر اتفاق ہوا، بل پارلیمنٹ میں گیا۔ انہوں نے کہا کہ پی ڈی ایم کی حکومت میں مدارس رجسٹریشن بل لایا گیا تھا۔ جے یو آئی ف کے رہنما کا کہنا ہے کہ پارلیمنٹ سے بل پاس کرایا گیا، کسی نے شور نہیں مچایا تھا، ہماری ناراضگی علماء سے نہیں حکومت سے ہے، حکومت کی حمایتی جماعتوں سے ہے۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ بل دونوں ایوانوں سے پاس ہوا، پھر کیوں روکا گیا، دینی مدارس رجسٹریشن بل کی ہم پارلیمنٹ میں جنگ لڑیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 14

اتھارٹی کو ٹیک اپ کیا، پاکستان کی آئینی عدالتیں انوائرمنٹ کے معاملہ کو دیکھ رہی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ملک کو شدید ترین موسمیاتی تبدیلی کے مسائل کا سامنا ہے، پاکستان کے جج کو کلائمیٹ چینج پر بہت کچھ دیکھنا ہوتا ہے، ڈیزاسٹر مینجمنٹ و دیگر مسائل کو دیکھنا ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کلر کہار میں سیمنٹ پلانٹ کا کیس سامنے آیا، اس میں کلائمیٹ چینج کا مسئلہ نہیں اٹھایا گیا، اس سے پانی کا مسئلہ بن رہا تھا۔ جسٹس منصور علی شاہ نے کہا کہ سی ڈی اے کیس میں کہا کہ پلاننگ ماحول دوست ہونی چاہیے، ماربل کرشنگ پلانٹس کو ری لوکیٹ کرنے یا اس میں جدید ٹیکنالوجی استعمال کرنے کا کہا۔ سپریم کورٹ کے سینئر جج نے کہا کہ کلائمٹ فائنانس بہت ہی لازم ہو چکا ہے، کلائمیٹ فائنانس پاکستان کی جانب نہیں آرہا، کلائمیٹ فائنانس پبلک پرائیویٹ سیکٹرز سے کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 15

مینڈیٹ ہے، اس حوالے سے صدر مملکت کی ہدایات بھی ہیں، ہم اس حوالے سے احتیاط کرتے ہیں۔ منگل کو قومی اسمبلی کے اجلاس میں حنیف عباسی نے تحریک پیش کی کہ ویسٹ منسٹر یونیورسٹی برائے جدید علوم وٹیکنالوجیز بل 2024 پیش کرنے کی اجازت دی جائے جبکہ ثمینہ خالد گھرکی کی جانب سے گھرکی ادارہ برائے علوم وٹیکنالوجی بل 2024 پیش کرنے کی اجازت دیئے جانے سے متعلق تحریک پیش کی گئی۔ ان پر وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کی رائے تھی کہ صوبوں میں جامعات کا قیام صوبوں کا آئینی حق ہے۔ پارلیمنٹ کی طرف سے تحقیقی ادارے کا قیام آئینی سکیم میں شامل ہے جبکہ صدر مملکت نیبھی اس حوالے سے ہدایت نامہ جاری کیا ہے کہ وفاق کسی صوبے میں یونیورسٹی کے قیام کے بل لانے سے پہلے حدود کا تعین کرلیا جائے۔ سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے بتایا کہ صدر مملکت کی جانب سے ایسے 12 منظور کئے گئے بلز واپس بھجوائے گئے ہیں۔ ان کی رائے ہے کہ جو وفاق سے متعلق جامعات ہیں اس کے قیام سے متعلق بل کی وفاق منظوری دے باقی صوبے خود کریں۔ تاہم اراکین کے کہنے پر یہ دونوں بل ایوان میں پیش کئے گئے جنہیں متعلقہ قائمہ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 16

کے تمام ذمہ داران ایک دوسرے کو قبول کریں۔ انہوں نے کہا کہ وزارت تعلیم سے منسلک نظام کا خاتمہ کسی صورت قبول نہیں کریں گے، ایک طرف 5، دوسری طرف 10 بورڈ ہیں، لاکھوں طلباء کا مستقبل خطرے میں نہ ڈالیں۔ چیئرمین پاکستان علماء کونسل کا کہنا تھا کہ اتحاد تنظیمات و وزارت صنعت یا زراعت جس کے ساتھ منسلک ہونا ہے ان کا مسئلہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 17

معاملات اٹھائے ہیں۔ رانا احسان افضل کا کہنا ہے کہ حکومت اتفاق رائے پر یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی کوشش ہوگی کہ دونوں فریقین کو ایک پلیٹ فارم پر بٹھایا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 18

ریگولیٹرز منجمد ہو چکے ہیں۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ گیس لائن ریگولیٹرز منجمد ہونے کے باعث کام نہیں کر رہے، کوئٹہ کے کچھ حصے، کچلاک، پشین، بوستان اور زیارت میں گیس کی فراہمی متاثر ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ تکنیکی ٹیمیں صبح 6 بجے سے مسئلے پر کام کر رہی ہیں، متبادل پائپ لائن کے ذریعے گیس کی فراہمی کے لیے کوششیں جاری ہیں۔ دوسری جانب محکمہ موسمیات کے مطابق کوئٹہ میں کم سے کم درجہ حرارت منفی 4 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق قلات میں درجہ حرارت منفی 6، نوکنڈی میں 4، سبی میں 8، گوادر، تربت اور جیوانی میں 10 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 19

برائے ہاؤسنگ اینڈ ورکس کے اجلاس میں شرکت کے موقع پر وفاقی وزیر نے کہا کہ وزارت ہاؤسنگ سے ہزاروں عام شہریوں کے مفادات وابستہ ہیں، پارلیمنٹ اور قائمہ کمیٹی کی اجتماعی کوششوں پر یقین رکھتا ہوں، خواہش ہے کہ وزارت کے معاملات میں سب کا تعاون حاصل کریں۔ انہوں نے کہا کہ اجتماعی سوچ سے شفافیت یقینی بنائی جا سکتی ہے۔ ریاض حسین پیرزادہ نے کہا کہ ان ایک لاکھ چالیس ہزار عام افراد کیلئے فکر مند ہوں جنہوں نے ہاؤسنگ پراجیکٹس میں سرمایہ کاری کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزارت ہاؤسنگ کے متعدد پراجیکٹس تعطل کا شکار ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 20

ضمانت کی درخواستوں پر سماعت کی۔ عدالت نے پانچ پانچ لاکھ کے مچلکوں کے عوض 5 مقدمات میں زرتاج گل کی 9 جنوری تک عبوری ضمانت منظور کرلی۔ جج طاہر عباس سپرا نے کہا کہ زرتاج گل اگر کسی اور مقدمہ میں بھی نامزد ہیں تو آج کی تاریخ میں ہی فائل کردیں۔ ذرائع کے مطابق زرتاج گل کیخلاف تھانہ رمنا، سیکرٹیریٹ، کوہسار، ترنول اور آبپارہ میں مقدمات درج ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 21

ذاکر حسین ولد عبدالرزاق ضلع گوادر کے علاقے برز کپر کا رہائشی اور پبلک ہیلتھ کی واٹر سپلائی اسکیم میں سرکاری ملازم تھا۔ ذاکر حسین ڈیوٹی کے بجائے بلوچ یکجہتی کمیٹی کے مظاہروں میں شرکت کرتا رہا۔ ذاکر حسین بلوچ یکجہتی کمیٹی کی ذہن سازی کی بدولت خودکش حملہ آور بننے کیلئے پہاڑوں پر گیا۔ ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ ذاکر حسین شروع سے ہی دہشت گرد تنظیم میں شامل تھا۔ یہاں تک کہ اس نے اپنی بیوی کو طلاق دے دی جبکہ اس کا ایک سال کا بیٹا بھی ہے۔ ذاکر حسین رواں سال اپریل میں پہاڑوں سے واپس آیا تو مہرنگ کی بلوچ یکجہتی کمیٹی نے اس کی واپسی کو بچاؤ کے طور پر پیش کرکے سیکیورٹی فورسز کو بدنام کرنے کی کوشش کی۔ دفاعی ماہرین کے مطابق بلوچ نوجوانوں کی ذہن سازی سے لے کر ان کو دہشت گردوں میں شامل کرنا بلوچ یکجہتی کمیٹی کا مکروہ دھندا ہے جس سے متعدد بلوچ نوجوان جان سے گئے۔ بلوچ یکجہتی کمیٹی کا ایجنڈا بلوچستان کی نوجوان نسل کو تباہ کرنا اور سیکیورٹی فورسز کو بدنام کرنا ہے۔ دفاعی ماہرین نے کہا کہ لاپتہ افراد کیمپین اور جھوٹے پروپیگنڈے سے ریاست مخالف عناصر کا جھوٹ کھل کر سامنے آچکا ہے۔ بلوچ یکجہتی کمیٹی جھوٹی داستانیں بنا کر نوجوان بلوچوں کو دہشت گرد بننے پر مجبور کرتی ہے۔ بلوچوں کو نقصان پہنچانے کے اصل مجرم نام نہاد بلوچ یکجہتی کمیٹی جیسی تنظیموں میں شامل لوگ ہیں۔ یہ لوگ نوجوانوں کو سبز باغ دکھا کر دہشت گرد بنا دیتے ہیں۔ ذاکر حسین کی موت نے ثابت کیا کہ بلوچ یکجہتی کمیٹی نے یہ ڈرامہ سیاسی کھیل اور ملک کو بدنام کرنے کے لیے کیا۔

بقیہ بقیہ جات 22

چیمہ کی منظوری کے بعد سیکرٹری اقتصادی امور ڈاکٹر کاظم نیاز نے پاکستان کی جانب سے معاہدے پر دستخط کئے، جبکہ جاپان کی جانب سے پاکستان میں موجود قائم مقام سفیر تاکانو شوگچی نے دستخط کئے۔ جاپانی حکومت جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (جائیکا) کے ذریعے مذکورہ گرانٹ ان ایڈ پراجیکٹ کے لیے 1.503 بلین جاپانی ین (91.9 ملین امریکی ڈالر) فراہم کرے گی۔ اس منصوبے کا مقصد صوبہ خیبر پختونخوا کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں تشخیصی اور علاج کے نظام کو مضبوط بنانا ہے۔ گرانٹ کی اس رقم سے زچہ بچہ کی صحت کے ساتھ ساتھ حاملہ خواتین اور نوزائیدہ بچوں کے لیے طبی خدمات فراہم کرنے کے لیے ضروری طبی آلات کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی، جس سے علاقائی سطح پر صحت کے نظام کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ سیکرٹری ڈاکٹر کاظم نیاز نے اس موقع پر کہا کہ وفاقی وزیر اقتصادی امور احد چیمہ اس منصوبے پر جاپانی حکومت کے مشکور ہونے کے ساتھ ساتھ پر عزم ہیں کہ زچہ بچہ کی صحت کی دیکھ بھال میں بہتری کا منصوبہ صوبہ خیبر پختونخوا میں سیلاب سے متاثرہ اور آس پاس کے علاقوں میں ماں اور بچوں کے لیے صحت کی دیکھ بھال کی خدمات کے معیار کو بہتر بنائے گا۔ علاوہ ازیں، سیکرٹری اقتصادی امور نے منصوبے کے کامیاب نفاذ کو یقینی بنانے اور دونوں فریقوں کے درمیان مزید بامعنی تعاون کے لیے تمام ضروری سہولت فراہم کرنے کی یقین دہانی کے ساتھ ساتھ جاپانی حکومت اور عوام کی گرانقدر حمایت کو سراہا۔ قائم مقام جاپانی سفیر تاکانو شوگچی نے دوستانہ تعلقات اور دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے لیے حکومت پاکستان کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے اپنی حکومت کے عزم کا یقین دلایا۔

بقیہ بقیہ جات 23

میرا اور میرے قائد کا احترام کا رشتہ ہے، ہمارے اکابرین نے اجتماعی دانش سے 1973 کا آئین متفقہ پاس کیا۔ انہوں نے کہا کہ 26 ویں ترمیم کے ساتھ اس بل کو دونوں ایوانوں نے پاس کیا، آئین کا آرٹیکل 50 پارلیمنٹ کی تعریف کرتا ہے، صدر مملکت اس ایوان کا حصہ ہیں، کوئی بھی قانون سازی صدر کے دستخط کے بغیر مکمل نہیں ہوتی۔ وزیر قانون نے کہا کہ آرٹیکل پچیتر کہتا ہے کہ صدر دس دن کے اندر رضا دیتا ہے یا پھر مجلس شوریٰ کو واپس بھیجتے ہیں، جب صدر بل واپس کرتا ہے تو آئین کے مطابق بل کو مشترکہ اجلاس میں رکھا جاتا ہے، مشترکہ اجلاس بل کو ترامیم کے ساتھ یا ترامیم کے بغیر پاس کر دیتا ہے۔ وفاقی وزیر قانون نے کہا کہ وفاقی حکومت اپنی ذمہ داریوں سے آگاہ ہے، امن و امان کیلئے وفاق صوبوں کو مکمل معاونت فراہم کرنے کیلئے پرعزم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کرم کے مسئلے پر خیبر پختونخوا حکومت کو مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گورنر نے وفاق کے نمائندے کی حیثیت سے وہاں جرگہ کیا، خوشی ہوتی اگر وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا بھی اقدامات کرتے، یقین دلاتا ہوں وفاقی حکومت اس معاملے کو دیکھ رہی ہے اور وزیر داخلہ کو ہدایات ہیں کہ وہ اس پر نظر رکھیں۔

بقیہ بقیہ جات 24

نہیں چل سکتا، سیاسی استحکام سمیت اس کے سوا کوئی حل نہیں کہ سیاسی لوگ بیٹھ کر جمہوری انداز میں مسائل حل کریں۔ انہوں نے کہا کہ شیر افضل مروت نے جو بات کی، اس بات پر وزیر دفاع خواجہ آصف نے کا کہ یہ ٹھنڈی ہوا کا جھونکا محسوس ہوا ہے، یہ کوئی معمولی بات نہیں ہے، وزیر دفاع نے یہ بھی کہا کہ میں نے ایک تلخ بات کو دوہرا رہا ہوں، تاکہ یہ ماحول خراب نہ ہوجائے۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ شیر افضل مروت نے بتایا کہ بانی پی ٹی آئی نے مذاکرات کے لیے کمیٹی بنائی، لیکن کمیٹی کو فعال ہونے نہیں دیا گیا، کچھ دن قبل وزیر اعظم شہباز شریف ایوان میں آئے اور سیدھے اپوزیشن کے پاس گئے اور اپنی نشست پر آکر کہا کہ ہم مذاکرات کے لیے تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہر مسئلے پر بات کی جاسکتی ہے، اس پر عمر ایوب نے جس لہجے میں جواب دیا، میرا خیال ہے شیر افضل کو سب پتا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اسی طرح 25 نومبر کی رات جب کہا جا رہا تھا کہ ڈی چوک کے بجائے آپ سنگجانی جا کر اپنا احتجاج یا جلسہ، جو بھی کرنا ہے کرلیں، تو وہ بات بھی مذاکرات کا ہی حصہ تھی کہ آپ وہاں چلے جائیں اور یہاں بیٹھ کر بات کرلیں، لیکن اسے تسلیم نہیں کیا گیا۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ یہ بات درست ہے کہ خواہ کسی نے وردی پہنی تھی، یا وردی کے بغیر تھا، اور ان ہنگاموں میں اس کی جان گئی ہے، تو دونوں کے لیے اناللہ وانا الیہ راجعون، ہونا چاہیے تھا، لیکن ایسا نہیں ہوسکا۔

بقیہ بقیہ جات 25

نافرمانی کرنی ہے تو کریں، دھمکیوں سے کام نہیں چلتا۔ قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما اور وزیر دفاع نے کہا کہ میں نے گزشتہ روز بھی اس بات کی تصدیق کی تھی لیکن ابھی تک باضابطہ مذاکرات شروع نہیں ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ یہ باتیں کمیٹی بن گئی ہے اور یہ ہو گیا ہے، اس سلسلے میں مثبت ردعمل تب ہی آسکتا ہے جب کوئی پیش قدمی ہوگی جبکہ شیر افضل مروت نے جو بات کی وہ خوشگوار ہوا کا جھونکا ہے، پہلی بار ادھر سے خوشگوار ٹھنڈی ہوا کا جھونکا آیا۔ انہوں نے کہا کہ اگر آپ تلخی سے بات کریں گے تو تلخی ہی بڑھے گی، گن پوائنٹ پر مذکرات نہیں ہوسکتے، یہ نہیں ہوسکتا کہ حملہ کریں، سول نافرمانی تحریک چلائیں اور مذاکرات بھی ہوں۔

بقیہ بقیہ جات 26

ادارہ شماریات کے مطابق اکتوبر میں صنعتی ترقی کی رفتار 2.0 فیصد رہی جبکہ رواں سال کے پہلے چار ماہ میں صنعتی ترقی کی رفتار 6.0 فیصد رہی ہے۔ مشیر خزانہ کے پی نے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت کے خاتمے کے وقت صنعتی ترقی 12 فیصد کی رفتار سے چل رہی تھی۔ مزمل اسلم نے کہا کہ اس وقت برآمدات دوڑ رہی تھی اور روزگار عروج پر تھا جبکہ اب معیشت کا پہیہ جام ہے، بے روزگاری انتہا پر ہے اور لوگ ملک چھوڑ رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 27

ہوائیں چلنے سے نظام زندگی مفلوج ہو گیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق وادی زیارت، شیلا باغ، خواجہ عمران رینج میں درجہ حرارت منفی 10 ریکارڈ کیا گیا ہے۔ چمن، قلعہ عبداللہ، پشین، توبہ اچکزئی، توبہ کاکڑی میں پارہ منفی 6 ریکارڈ رہا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ملک کے بیشتر علاقوں میں آج موسم سرد جبکہ پہاڑی علاقوں میں شدید سرد رہے گا۔

بقیہ بقیہ جات 28

ایکٹ 1956ء میں ترمیم کی سفارش کر دی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ بورڈ، مانیٹری پالیسی کمیٹی اور ڈپٹی گورنر کی تعیناتی کی شرائط میں نرمی کی سفارش کی گئی ہے۔ کابینہ ارکان نے ڈپٹی گورنر اور افسران کے لیے دہری شہریت کی شرط ختم کرنے کی مخالفت کر دی۔ ذرائع کے مطابق کابینہ ارکان نے موقف اختیار کیا کہ دہری شہریت والے فرد کو اسٹیٹ بینک اور دیگر اداروں میں تعینات نہیں ہونا چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 29

مقاصد کے لئے استعمال نہیں کرتا۔ پی ٹی آئی نے ملک کو تقسیم کیا انکے ساتھ مذاکرات کرنا مشکل ہو چکا ہے۔ اگر پی ٹی آئی بحیثیت سیاسی جماعت کے آگے بڑھنا چاہتی ہے تو سب سے پہلے سنجیدگی سے 9 مئی کے حوالے سے قوم سے معافی مانگے۔ اس کے بغیر معاملات آگے نہیں بڑھ سکتے۔ احسن افضل کھوکھر نے کہا کہ اسٹیٹ بینک کی طرف سے شرح سود میں کمی پاکستانی معیشت کے لیے ایک مثبت پیش رفت ہے۔ اس سے سرمایہ کاروں کا اعتماد بڑھے گا اور زیادہ سرمایہ کاری کو فروغ ملے گا، جس سے معاشی ترقی ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 30

میں اے ایس آئی سمیت 2 اہلکار شہید جب کہ محرر سمیت 2 زخمی ہوگئے۔ پولیس کا بتانا ہے کہ شہید اہلکاروں میں اے ایس آئی حسن خان اور سپاہی نثار خان جب کہ زخمیوں میں محرر ارشد خان، سپاہی ارشد خان اور رفعت شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق زخمی اہلکاروں کو بٹ گرام اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 31

پلائے۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ پولیو کے قطرے بچوں کے صحت مند مستقبل کو یقینی بناتے ہیں۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ مہم میں شامل ہونا پولیو ٹیم کو خراج تحسین پیش کرنا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 32

جاری ہیں۔ پاکستان ٹیلی کام حکام کے مطابق ایک سال میں دھوکا دہی میں ملوث 5 ہزار 294 موبائل نمبرز بلاک کیے گئے۔ پی ٹی اے کے مطابق فراڈ اور دھوکا دہی میں ملوث 4 ہزار 507 آئی ایم ای آئی (IMEI) بلاک کیے گئے جب کہ گزشتہ مالی سال فراڈ میں ملوث 113 افراد کے شناختی کارڈز بھی بلاک کیے گئے۔

بقیہ بقیہ جات 33

اے ایس آئی حسن خان اور ہیڈ کانسٹیبل نثار خان کی شہادت پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے انکے خاندانوں سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ زخمی ہونے والے 3 پولیس اہلکاروں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا گو ہیں۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ خیبر پختونخوا پولیس کے اے ایس آئی حسن خان اور ہیڈ کانسٹیبل نثار خان نے شہادت کا اونچا رتبہ پایا، شہداء ہمارا سرمایہ افتخار ہیں، ان کے خاندانوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا ہے کہ خیبر پختونخوا پولیس کے افسروں اور جوانوں نے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں ہراول دستے کا کردار ادا کیا ہے، اس جنگ میں کے پی کے پولیس کی قربانیوں کو فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا پولیس کے بہادر سپوتوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 34

سے اسلحہ اور بارودی مواد برآمد کیا گیا ہے، دہشت گرد کا تعلق شمالی وزیرستان سے ہے۔ کارروائیاں بہاولپور، منڈی بہاؤالدین، میانوالی، ٹوبہ ٹیک سنگھ، رحیم یار خان، چنیوٹ اور وہاڑی میں کی گئیں۔ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق دہشت گردوں سے دھماکہ خیز مواد آئی ای ڈی بم اور ڈیٹونیٹر برآمد ہوئے ہیں۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ دہشت گرد مختلف مقامات پر کارروائیاں کرنا چاہتے تھے۔ گرفتار دہشت گردوں سے مزید تفتیش بھی جاری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 35

ضمانت کی درخواستوں پر ایڈیشنل سیشن جج محمد افضل مجوکا نے سماعت کی۔ ملزمان کی جانب سے جونیئر وکیل عدالت میں پیش ہوئے۔ جونیئر وکیل نے عدالت کو بتایا کہ سینئر کونسل جیل اڈیالہ کیس میں مصروف ہیں، آج پیش نہیں ہوسکتے۔ جس کے بعد عدالت نے کیس کی سماعت 7 جنوری تک ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 36

سیاست پر یقین نہیں رکھتے، کسی سے نہیں کہا یہ دشمن ہے، اس کی خوشی غمی میں شریک نہیں ہونا، نواز شریف نے سیاست میں ہمیشہ دور اندیشی کا مظاہرہ کیا، بانی چیئرمین پی ٹی آئی کو بھی خان صاحب کہہ کر پکارتے ہیں، ہمارا فوکس معیشت پر ہے، آج شرح سود 13 فیصد پر آگئی ہے، زرمبادلہ کے ذخائر 12 ارب ڈالر ہو چکے ہیں، معیشت درست سمت میں گامزن ہے۔

بقیہ بقیہ جات 37

لیس ہیومن ریسورس مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم میں اپ گریڈ کیا جا چکا ہے جس سے پیشہ ورانہ امور کی انجام دہی میں سہولت ہو رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آج سنٹرل پولیس آفس میں مطالعاتی دورے پر آئے اے ایس پیز سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے نوجوان پولیس افسران کو جدید پولیسنگ، عوامی خدمت اور اوپن ڈور پالیسی کو شعار بنانے کی ہدایت کی۔ تفصیلات کے مطابق 52 ویں کامن میں شامل زیر تربیت اے ایس پیز نے سنٹرل پولیس آفس کا مطالعاتی دورہ کیا۔ وفد میں 08 خواتین افسران سمیت 40 زیر تربیت اے ایس پیز شامل تھے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے زیر تربیت افسران سے خطاب کیا، سوالات کے جوابات دیئے جبکہ ایم ڈی پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی احسن یونس، ڈی آئی جی آپریشنز پنجاب وقاص نذیر نے وفد کو پنجاب پولیس کے پیشہ ورانہ امور اور ورکنگ بارے بریفنگ دی۔ سی ٹی او لاہور عمارہ اطہر نے نوجوان پولیس افسران کو سنٹرل پولیس آفس میں ہونے والے اپ گریڈیشن ورک بارے آگاہ کیا۔ اے ایس پیز کو سنٹرل پولیس آفس کے میوزیم، کانسٹیبلری لاونج اور درسگاہ سمیت مختلف شعبوں کا دورہ کروایا گیا۔ زیر تربیت افسران کا سی ٹی او آفس، ڈی آئی جی VVIP سکیورٹی اور آبشار پولیس خدمت مرکز کا تفصیلی دورہ بھی کروایا گیا۔ آئی جی پنجاب اور زیر تربیت افسران کے مابین یادگاری سووینئرز کا تبادلہ کیا گیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز پنجاب وقاص، نذیر، ایم ڈی سیف سٹیز اتھارٹی احسن یونس، سی ٹی او لاہور عمارہ اطہر، ایس ایس پی سیف سٹیز اتھارٹی مستنصر فیروز، ایس پی سکیورٹی، منزہ کرامت اور اے ایس پی ڈیفنس، شہر بانو ہمراہ تھے۔

بقیہ بقیہ جات 38

سیکرٹری نے ایل ڈی اے سیٹیزن فیسلیٹیشن سینٹر اور آئی ڈی ٹیفکیشن سیل کا معائنہ بھی کیا۔ ڈائریکٹر جنرل ایل ڈی اے طاہر فاروق نے چیف سیکرٹری کو فیسلیٹیشن سنٹر میں کی گئی اصلاحات اور زیر تعمیر سنٹرل مانیٹرنگ سسٹم (کنٹرول روم) بارے بریفنگ دی۔ آرٹیفیشل انٹیلیجنس اور ڈرون کیمروں پر مشتمل کنٹرول روم ٹاؤن پلاننگ، انجینئرنگ، ہاؤسنگ اور میٹرو پولیٹن کی ورکنگ کی سرویلنس کرے گا۔ بعد ازاں چیف سیکرٹری نے ایل ڈی اے کے امور سے متعلق اہم اجلاس کی صدارت کی جس میں ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے ریونیو جنریشن اور جاری ومجوزہ منصوبوں بارے بریفنگ دی۔ چیف سیکرٹری نے ایل ڈی اے کی 850 کنال قیمتی پراپرٹی واگزار کرانے کے اقدام کو سراہا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ ایل ڈی اے اپنی سکیموں میں ٹائٹل اونرشپ یقینی بنائے اور ایل ڈی اے سٹی ہاؤسنگ سوسائٹی میں ترقیاتی کاموں کو تیز کیا جائے۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈی جیز، چیف انجینئر ایل ڈی اے، چیف انجینئر ٹیپا، ایم ڈی واسا، چیف ٹاؤن پلانرز، چیف میٹرو پولیٹن پلاننگ اور متعلقہ افسران نے اجلاس میں شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 39

پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ فورمز انکلیوسو گورننس کی ضمانت دینے میں ایک اہم کردار ادا کرتے ہیں اور اقلیتی کمیونیٹیز کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کرتے ہیں تاکہ وہ حکومت کے ساتھ مل کر فیصلوں میں حصہ لے سکیں۔ شاہد رحمت نے یہ بھی کہا کہ ضلعی گورننس فورمز مقامی حکومتی اداروں اور اقلیتی کمیونیٹیز کے درمیان تعاون کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں تاکہ ہر فرد کی آواز سنی جا سکے۔ پارلیمانی سیکرٹری سونیا آشر نے یوتھ ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن کی کوششوں کی تعریف کی اور ضلعی گورننس فورمز کی حمایت کی۔ انہوں نے کہا، ضلعی گورننس فورمز اقلیتی کمیونیٹیز کو بااختیار بنانے اور مقامی گورننس میں ان کی موثر شرکت کو یقینی بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 40

ہے۔ وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے زخمی ہونے والے 3 پولیس اہلکاروں کی جلد صحتیابی کیلئے دعاء کی۔ انہوں نے کہا کہ امن کی بحالی کے لیے پولیس فورس کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت وقت اور وسائل ضائع کرنے کی بجائے امن پر توجہ دے۔

بقیہ بقیہ جات 41

مہم کے دوران صوبہ بھر میں 60 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے پشاور میں 8 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے تاہم کرم میں سکیورٹی خدشات کے پیش نظر پولیو مہم نہیں چلائی جائے گی۔ چیف سیکریٹری خیبر پختونخوا ندیم اسلم چوہدری کے مطابق پولیو مہم کیلئے 42 ہزار ٹیمیں تشکیل دیدی گئی ہیں جبکہ پولیو ٹیموں کی سکیورٹی کیلئے 54 ہزار پولیس اہلکار تعینات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ خیبر پختونخوا کے ضلع کرم میں حالیہ سکیورٹی خدشات کے پیش نظر پولیو مہم ملتوی کی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 42

کو بتایا گیا کہ شہر کے مصروف ترین پوائنٹس پر ٹریفک انجینئرنگ کو بہتر کیا جارہا ہے۔ شہر میں غیر قانونی سائن بورڈز کے خلاف جاری خصوصی مہم بارے بریفنگ دی گئی۔ ڈی جی ایل ڈی اے نے ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ شہر میں لگے ٹریفک سائن بورڈ کی صفائی ومرمت کو یقینی بنایا جائے۔ ٹیپا ٹریفک قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانے و بلا امتیاز کارروائیوں کے لیے آئی ٹی بیسڈ اقدامات کرے۔ اجلاس میں ڈائریکٹر انفورسمنٹ، ڈائریکٹر انجینئرنگ، ڈائریکٹر ایڈمن و متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ بعد ازاں ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا کے ہمراہ ٹھوکر انٹری پوائنٹ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر پراجیکٹ ڈائریکٹر نے ٹھوکر انٹری پوائنٹ پر جاری کاموں بارے بریفنگ دی۔ ڈی جی ایل ڈی اے نے کہا کہ ٹھوکر انٹری پوائنٹ کی ری ماڈلنگ اور توسیع سے شہریوں کو بڑی سہولت مل رہی ہے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ٹھوکر انٹری پوائنٹ پر جاری کام رواں ماہ مکمل کرنے کی ہدایت کی۔☆☆☆☆☆

بقیہ بقیہ جات 43

بحیثیت سیاسی اور جمہوری جماعت قومی ایشوز پر کسی سے بھی بات چیت کیلئے تیار رہنا چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 44

لاہور، بہاولپور، منڈی بہاالدین، میانوالی، ٹوبہ ٹیک سنگھ، رحیم یار خان، چنیوٹ اور وہاڑی میں کی گئیں۔ ترجمان نے بتایا کہ لاہور سے فتنہ الخوارج کا ایک خطرناک دہشتگرد عمر اسلحہ اور بارودی مواد سمیت گرفتار کیا گیا، دہشت گرد کا تعلق شمالی وزیرستان سے ہے۔ دہشتگردوں سے دھماکہ خیز مواد، ایک آئی ای ڈی بم، 3 ڈیٹونیٹرز، 12 فٹ حفاظتی فیوز تار، پمفلٹ اور نقدی برآمد کی گئی، دہشتگردوں کی شناخت طفیل، صدیق، شبیر الحق، محمد ابراہیم، عبدالرشید، عمر، صدام حسین، وقار مرتضی اور عدنان وغیرہ کے نام سے ہوئی۔ حکام کے مطابق دہشت گرد مختلف مقامات پر کارروائیاں کر کے عوام میں خوف وہراس پھیلانا چاہتے تھے۔ رواں ہفتے میں 4 ہزار 480 کومبنگ آپریشنز کے دوران 431 مشتبہ افراد گرفتار کیے گئے۔

بقیہ بقیہ جات 45

بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ مذاکرات کا فیصلہ بھی اسی لیے کیا گیا کہ اہل اقتدار کو موقع دیا جائے کہ وہ پاکستان کو ایک بحران سے دوسرے بحران میں لے جانے کی بجائے آگے چلنے کا سوچیں، موجودہ حکمران جعلی مینڈیٹ کے ساتھ سرکاری عمارتوں پر قابض تو رہ سکتے ہیں لیکن عوام کا اعتماد حاصل نہیں کر سکتے، اس وقت پاکستان کے آگے بڑھنے کا واحد راستہ سیاسی ڈائیلاگ اور نئے انتخابات کی تاریخ کا اعلان ہے، اسی طرح پاکستان میں حالات معمول پر آسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملاقات میں عمران خان نے مشکل ترین حالات میں ہونے کے باوجود اپنے کارکنان کو حوصلہ دیا، ان شااللہ عمران خان جلد اپنے اگلے لائحہ عمل کا اعلان کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 46

متعلق رولز غیر قانونی ہیں، بورڈ قوانین کے مطابق پیپر کے نمبر ری کاؤنٹ کیے جاتے ہیں، ری چیک نہیں۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ کنیئرڈ کالج کی طالبہ نے اوبجیکٹو میں تمام سوالوں کے ٹھیک جواب دیئے، ٹھیک جوابات کے باوجود پیپر میں صفر نمبر دیئے گئے، درخواست میں استدعا کی گئی کہ مارک شیٹ میں ترمیم کر کے نمبر ایڈ کیے جائیں۔ بعد ازاں عدالت نے انٹرمیڈیٹ بورڈ کے لیگل ایڈوائزر کو آج (بدھ) طلب کرتے ہوئے سماعت ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 47

ادریس نے 17 دسمبر 1985ء کو تھانہ نیو انارکلی تعیناتی کے دوران قانون شکن عناصر کے خلاف کارروائی کے دوران جام شہادت نوش کیا۔ سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ نے لاہور پولیس کے شہداء کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پولیس ہیروز کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ فرض کی راہ میں جانیں قربان کرنے والے شہداء ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں۔ بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ شہید سب انسپکٹر محمد ادریس کی جرات اور بہادری پوری فورس کیلئے مشعل راہ ہے۔ سی سی پی او لاہور نے شہدائے پولیس کے اہل خانہ کی ویلفیئر کیلئے بھرپور اقدامات اٹھانے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ لاہور پولیس ہر خوشی اور غم کے موقع پر شہداء کے ورثا کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ لاہور پولیس کا ہر جوان سماج دشمن عناصر کے خلاف سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 48

نے درخواست پر سماعت کی، درخواست گزاروں کی جانب سے چودھری ابرار ایڈووکیٹ عدالت پیش ہوئے۔ وکیل درخواست گزار کی جانب سے موقف اختیار کیا گیا کہ 1986ء میں سرکاری پالیسی کے تحت پلاٹس نہیں دیئے گئے، عدالتی حکم کے باوجود ڈی جی ایل ڈی اے پلاٹس کی بیلٹنگ نہیں کر رہے۔ ایل ڈی اے کے وکیل نے کہا کہ ایل ڈی اے اس معاملے پر میٹنگز کر رہا ہے، جواب جمع کرانے کے لیے مہلت دی جائے۔ بعد ازاں عدالت نے سردیوں کی تعطیلات کے بعد کیس سماعت کے لیے مقرر کرنے کی ہدایت کر دی اور واسا کے ملازمین کو سرکاری سکیم کے تحت پلاٹس نہ دینے کے خلاف توہین عدالت کی درخواستوں پر ڈی جی ایل ڈی اے کو آئندہ سماعت پر ذاتی حیثیت میں طلب کر لیا۔

بقیہ بقیہ جات 49

کچھ نہیں دیا ڈی چوک میں جس طرح ملک کا مذاق اڑایا گیا ان کا وطیرہ تخریب کاری اور لاشوں کی سیاست کے سوا کچھ نہیں ان کو 20 لاشیں چاہیے جو حکومت کسی صورت نہیں ہونے دے گی، نوجوان نسل کو بدتمیزی اور ملک دشمنی کا درس دیا گیا، سول نافرمانی تحریک ملک کی تباہی کا باعث ہے ملک کو موجودہ حالات میں میاں نواز شریف کے ویژن پر چلتے ہوئے آگے لے جانے کا وقت ہے مسلم لیگ ن جب بھی ملکی ترقی کی بات کرتی ہے تحریک انصاف روڑے اٹکانے کے لیے دھرنوں اور سول نافرمانی جیسی تحریکیں لے کر آجاتی ہے جو ملک سے سراسر دشمنی کے مترادف ہے چوہدری برجیس طاہر کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما صدیق الفاروق کی وفات سے پارٹی اپنے دیرینہ ساتھی اور محب وطن شخصیت سے محروم ہو گئی ہے انہوں نیکہا صدیق الفاروق کی پارٹی کے لیے خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا انہوں نے اہل خانہ سے دلی دکھ اور ہمدردی کا اظہار کیا وہ مرکزی سیکرٹریٹ سانگلہ ہل میں گزشتہ روز صحافیوں سے گفتگو کر رہے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 50

عمران خان کی گواہوں کو تحریری گواہی کی اجازت دینے کے خلاف درخواست نا قابل سماعت قرار دیدی۔ واضح رہے کہ پیر کے روز ہائیکورٹ میں وزیر اعظم شہباز شریف کی جانب سے عمران خان کے خلاف ہرجانے کے دعوے کے کیس میں بانی پی ٹی آئی کی ٹرائل کورٹ میں گواہوں کو تحریری گواہی دینے کی اجازت کیخلاف درخواست پر سماعت ہوئی۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا تھا کہ ٹرائل کورٹ نے ہتک عزت کے دعوے میں گواہوں کو تحریری صورت میں گواہی دینے کی اجازت دی ہے، ٹرائل کورٹ کا یہ فیصلہ حقائق کے برعکس ہے، گواہ کمرہ عدالت میں پیش ہو کر گواہی دیں۔ عمران خان کی جانب سے عدالت سے استدعا کی گئی تھی کہ ٹرائل کورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دیا جائے تاہم عدالت نے درخواست کو نا قابل سماعت قرار دے دیا۔

بقیہ بقیہ جات 51

آئی سے بے مقصد مذاکرات سے معاملات حل نہیں ہوسکتے حکومتی ٹیم کے پاس کوئی اختیارات نہیں۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ عوامی مینڈیٹ سے محروم حکومت ملکی ترقی وعوامی خوشحالی یقینی نہیں بنا سکتی حکمرانوں کے مہنگائی ختم کرنے اور معاشی بحالی کے دعوے بے بنیاد ہیں آمرانہ طرز عمل اپنا کر ملک کی خدمت نہیں کی جاسکتی نہ ہی جمہوریت کو فروغ دیا جاسکتا ہے حکمرانوں کی تمام تر توجہ پی ٹی آئی کو سیاسی منظر نامے سے ہٹانے پر مرکوز ہے جس کیلئے ہر اوچھا ہتھکنڈا اپنایا جا رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 52

لغاری کی ڈویلپمنٹ ڈائریکٹر برائے برٹش ہائی کمیشن سے ملاقات ہوئی، جس میں انہوں نے پاور ڈویژن میں کیے گئے تمام اصلاحات کا جائزہ پیش کیا۔ ڈویلپمنٹ ڈائریکٹر برائے برٹش ہائی کمیشن نے کہا کہ توانائی کا شعبہ معیشت کی کامیابی اور استحکام کیلئے نہایت اہم ہے، توانائی میں بہتر گورننس کیلیے مدد دینا چاہتے ہیں۔ وفاقی وزیر توانائی نے کہا کہ پاکستان کی 55 فیصد توانائی صاف توانائی پر مبنی ہے، حکومت ملک میں الیکٹرک گاڑیوں کی پالیسی متعارف کروانے جا رہی ہے۔ اویس لغاری نے کہا کہ کم آمدنی والے طبقوں کیلیے الیکٹرک گاڑیاں سستی اور مؤثر بنانے کیلیے ترقیاتی شراکت دار کردار ادا کر سکتے ہیں، الیکٹرک وہیکل (ای وی) پالیسی کے تحت چارجنگ اسٹیشنز اور بیٹری تبدیل کرنے کے اسٹیشنز بنائے جائیں گے، ان اسٹیشنز کو سستی بجلی فراہم کی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 53

مریضوں میں مفت تقسیم کرنے والی تھیں۔ ذرائع کے مطابق ملزم پنجاب حکومت کی جانب سے ملنے والی مفت ادویات سرکاری اسپتالوں کے ڈاکٹرز اور عملے کی مبینہ ملی بھگت سے میڈیکل اسٹورز کو سپلائی کرتا تھا۔ ملزم سے برآمد ہونے والی ادویات کی قیمت 30 لاکھ روپے سے زائد بنتی ہے۔ صوبائی وزیر صحت عمران نذیر نے پولیس کو ہدایت کی ہے کہ گرفتار ملزم اور ملوث ڈاکٹرز سمیت دیگر عملے کے خلاف بھی قانونی کارروائی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ مریضوں کی ادویات کو فروخت کرنے والے گروہ کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 54

ہوئے ہیں۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر پولیس نے جائے وقوع پر پہنچ کر لاشوں اور زخمیوں کو اسپتال منتقل کیا جب کہ ملزم کو آلہ قتل سمیت گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ۔ ملزم نے اس سے قبل بھی فائرنگ کر کے اپنے ایک بھائی کو قتل اور والدہ کو زخمی کر چکا ہے۔ ملزم سراج منشیات آئس کا عادی بتایا جاتا ہے۔ پولیس نے واقعے کے محرکات جاننے کے لیے تفتیش شروع کر دی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 55

نے کہا کہ آج کل روایت چل پڑی ہے کہ لوگ سخت سوالوں سے ڈر جاتے ہیں۔ انوار الحق کاکڑ نے کہا کہ میں سوال کو نہیں روکتا، سوال کا مقصد سمجھانا ہے الجھانا نہیں، کیا فزکس یا کیمیا میں ترقی سے حکومت نے روکا ہے، کیا منع کیا گیا ہے کہ کیوں نیا مالیکیول دریافت کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کیا صرف گالیاں دینا تنقید ہے، ہم صرف تنقید پر توجہ دیتے ہیں تنقید کے ماحول سے نکلنا ہوگا، ہم شارٹ کٹ کی تلاش میں رہتے ہیں، ہمیں مکالمے کی ضرورت ہے۔ سابق نگراں وزیر اعظم نے کہا کہ دوسری عالمی جنگ عظیم میں 5 کروڑ لوگ ہلاک ہوئے، تبدیلی انارکی کے خلاف ہونی چاہیے، چوائس ہمارے پاس موجود ہے۔

بقیہ بقیہ جات 56

لیڈر شہید محترمہ بینظیر بھٹو کو خراج عقیدت، شہید محترمہ بینظیر بھٹو نہ صرف ایک تاریخی شخصیت بلکہ ایک زندہ تحریک اور مشعل راہ ہیں۔ شہید بینظیر پاکستان میں جمہوری جدوجہد کی معمار تھیں جنہوں نے مشکلات کے باوجود جمہوریت کے لئے مزاحمت جاری رکھی۔ رانا جمیل منج نے کہا کہ بینظیر بھٹو نے ہمیشہ ملک کے عام آدمی اور پسماندہ طبقات کی آواز بن کر حقیقی عوام کی نمائندگی کی۔ پیپلز پارٹی اپنی شہید قیادت کے فلسفے پر سختی سے کاربند رہے گی، پیپلز پارٹی شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے خواب کو حقیقت کا روپ دینے کیلئے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خاتمے اور ملک بھر میں رواداری، تعلیم اور امن کو فروغ دینے کے لیے پاکستان پیپلز پارٹی پرعزم ہے۔

بقیہ بقیہ جات 57

بیان میں کہا ہے کہ اتحاد تنظیمات مدارس دینیہ کے مطالبہ پر فوری عمل کیا جائے، حکومت دینی مدارس کی رجسٹریشن معاملہ کو متنازعہ بنانے کی بجائے جید علماء کی رائے کا احترام کرے، اتحاد تنظیمات مدارس دینیہ کے اجلاس میں جو فیصلے ہوئے حکومت کو انہیں فوری تسلیم کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان جس نظریاتی اساس کی بنیاد پر وجود میں آیا وہ دوقومی نظریہ ہے جس کا موجد مدارس ہے قومی وحدت میں مدارس اور اہل مدارس کا کلیدی کردار رہا ہے سرکاری گماشتے جمعیت کو آئین اور جمہوریت کا درس نہ دیں آئین کی دفعات کی خود ساختہ تشریح سے گریز کیا جائے مدارس رجسٹریشن بل آئینی لحاظ سے قانون بن چکا ہے، وزیر قانون کے تیار بل پر حکومت کے اعتراضات سمجھ سے بالاتر ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 58

لائیو سٹاک اثاثہ جات کی تقسیم کے منصوبے پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ سیکرٹری لائیو سٹاک پنجاب ثاقب علی عطیل جبکہ صدر بینک آف پنجاب ظفر مسعود نے آن لائن شرکت کی۔ صوبائی وزیر لائیو سٹاک وزراعت نے اس موقع پر کہا کہ لائیو سٹاک کارڈ وزیر اعلی پنجاب کا ایک شاندار منصوبہ ہے جس سے مویشی پال کسان مستفید ہوں گے۔ لائیو سٹاک کارڈ کے ذریعے جانوروں کے لیے ونڈا، سائلج اور منرل مکسچر خریدا جا سکے گا۔ لائیو سٹاک کارڈ سے مویشی پال فارمرز کو 27 ہزار فی جانور بلا سود قرضے کی سہولت ہوگی۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ وزیر اعلی لائیو سٹاک کارڈ کی تقسیم کا آغاز 5 دسمبر سے ہو گیا ہے اور اب تک 3000 لائیو سٹاک کارڈ ڈلیور ہو چکے ہیں جبکہ ایک لاکھ 17 ہزار درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔ بینک اف پنجاب نے لائیو سٹاک کارڈ کیلئے اب تک 9 ہزار 6 سو درخواستوں کی منظوری دے دی ہے۔ جن کے پاس مجموعی طور پر 68 ہزار جانور موجود ہیں ابھی مزید درخواست گزاروں کی تصدیق کا عمل جاری ہے۔ سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ لائیو سٹاک کارڈ کے پنجاب بھر میں 942 رجسٹرڈ مارچنٹس ہیں۔ کارڈ کے ذریعے خریداری کا عمل 16 دسمبر سے شروع ہو گیا ہے اور اب تک 16 لائیو سٹاک فارمرز نے 3 لاکھ 50 ہزار روپے کی خریداری کر لی ہے صوبائی وزیر نے چیف سیکرٹری پنجاب کی سربراہی میں لائیو سٹاک کارڈ کے لیے 30 فیصد کیش کی سہولت اور دوسرے متعلقہ امور کی انجام دہی کے لیے سٹیرنگ کمیٹی بنانے کے احکامات بھی جاری کئے۔ صوبائی وزیر لائیو سٹاک نے مزید کہا کہ جنوبی پنجاب کی دیہی بیوہ اور مطلقہ خواتین میں لائیو سٹاک اثاثہ جات کی تقسیم کا منصوبہ غریب خواتین کی خوشحالی کے لئے سنگ میل ثابت ہوگا۔ یہ منصوبہ وزیر اعلی پنجاب کا خواتین کی خودمختاری کا بہت بڑا پروگرام ہے۔ انہوں نے کہا کہ دیہی خواتین میں اثاثہ جات کی تقسیم کے لیے وصول درخواستوں میں سے 12 اضلاع کے مقرر کردہ کوٹہ کے مطابق پہلے سال میں 5 ہزار بیوہ ومطلقہ خواتین کے نام ڈسٹرکٹ کوٹہ کے مطابق الیکٹرانک قرعہ اندازی کے ذریعے نکالے جائیں گے بعد میں بہترین جانوروں (گائیوں/بھینسوں) کی خواتین میں تقسیم مینؤل قرعہ اندازی سے ہوگی۔ سید عاشق حسین کرمانی نے مزید کہا کہ اب تک ایک لاکھ 10 ہزار سے زیادہ خواتین نے درخواستیں جمع کروائی ہیں جبکہ پی آئی ٹی بی نے تقریباً 14 ہزار درخواستیں فزیکل ورفیکیشن کیلئے اربن یونٹ کو بھیج دی ہیں۔ اربن یونٹ نے اب تک 31 سو درخواستوں کی ورفیکیشن کر دی ہے۔ اہل خاتون کا بینک آف پنجاب میں اکاؤنٹ کھولا جائے گا اور ہرا کاؤنٹ میں بینک آف پنجاب 5 ہزار روپے کی سہولت فراہم کرے گا۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری لائیو سٹاک عثمان طاہر، ڈائریکٹر جنرلز توسیع، پروڈکشن (لائیو سٹاک)، ایگزیکٹو نائب صدر بینک آف پنجاب رائے عثمان مجاہد، گروپ چیف کارپوریٹ اینڈ انوسٹمنٹ بنک آف پنجاب نوفل داؤد کے علاوہ پی آئی ٹی بی، اربن یونٹ اور پنجاب سوشل پروٹیکشن اتھارٹی کے نمائندگان نے بھی شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 59

سیکرٹری آسیہ گل نے صوبائی وزیر کو کنٹرول روم کے امور پر بریفنگ دی۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے ہدایت کی کہ تمام سی ای اوز باقاعدگی کے ساتھ کارکردگی کی رپورٹ کنٹرول روم کو جمع کرائیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبے میں صفائی کے لئے وزیر اعلی مریم نواز کے مقرر کردہ اہداف کا حصول یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 60

کہا کہ پارلیمنٹ کے اندر اور باہر اپوزیشن جماعتوں کا اکٹھا ہونا ضروری ہے۔ مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا نے کہا کہ تمام اپوزیشن جماعتوں کو ایک پلیٹ فارم پر متحد ہونا پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی جمہوریت بچانے کے لیے جدوجہد کر رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 61

کے تحت پلاٹس نہیں دیئے گئے، عدالتی حکم کے باوجود ڈی جی ایل ڈی اے پلاٹس کی بیلٹنگ نہیں کر رہے۔ ایل ڈی اے کے وکیل نے کہا کہ ایل ڈی اے اس معاملے پر میٹنگز کر رہا ہے، جواب جمع کرانے کے لیے مہلت دی جائے۔

اشتہار نیلامی ٹھیکہ برائے سال 2025-2024

گورنمنٹ جونیئر ماڈل ہائی سکول ماڈل ٹاؤن لاہور ٹھیکہ کنٹین برائے عرصہ 2025-2024 مورخہ 24 دسمبر 2024 بوقت سکول ہذا میں نیلام کیا جائے گا، خواتین وحضرات زیر دستخطی بصورت ضمانت مالیت 10,000 روپے بابت ٹھیکہ کینٹین مورخہ 24 دسمبر 2024 کو دستخطی کو جمع کروائیں،

نوٹ، سکول ہذا کمیٹی کو اختیار ہوگا کہ کسی کا بھی ٹھیکہ منسوخ کر سکتے ہیں

پرنسپل گورنمنٹ جونیئر ماڈل ہائی سکول ماڈل ٹاؤن لاہور

52ویں کامن میں شامل زیر تربیت اے ایس پیز کا سنٹرل پولیس آفس کا مطالعاتی دورہ

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کا زیر تربیت افسران سے خطاب کیا، سوالات کے جوابات بھی دیئے، آئی جی پنجاب اور زیر تربیت افسران کے مابین یادگاری سوونیئرز کا تبادلہ کیا گیا

صوبہ پنجاب آبادی کے لحاظ سے دنیا کا 10واں بڑا ریجن ہے جس میں لا اینڈ آرڈر، کرائم کنٹرول اور پبلک سروس ڈیلیوری، فورس کی ویلفیئر ترجیحات میں شامل ہیں

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا ہے کہ صوبہ پنجاب آبادی کے لحاظ سے دنیا کا 10واں بڑا ریجن ہے جس میں لا اینڈ آرڈر، کرائم کنٹرول اور پبلک سروس ڈیلیوری، فورس کی ویلفیئر ترجیحات میں شامل ہیں۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ اوورسیز پاکستانیوں کے لیے دنیا کی 42 ایمبیسیز میں پنجاب پولیس کے خدمت مراکز کی سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ 01 لاکھ کے قریب اوورسیز پاکستانی پنجاب پولیس کی آن لائن سہولیات سے استفادہ کر چکے ہیں۔ ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ پولیس فورس کا تمام ڈیٹا پیپر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37

چیف سیکرٹری کا ایل ڈی اے کا دورہ، کمرشل نقشوں کی منظوری کو بھی جلد آن لائن کرنے کا حکم

نقشوں کی آن لائن منظوری، پراپرٹی سٹیٹس کی آن لائن دستیابی کی سہولت اور ریکارڈ کی سفٹنگ ایک سنگ میل ہے۔ زاہد اختر زمان

ایل ڈی اے کی 850 کنال قیمتی پراپرٹی واگزار کرانے کے اقدام کی ستائش، شہریوں کو خدمات کی فراہمی مزید آسان بنانے کی ہدایت

لاہور (خبر نگار) چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے منگل کے روز لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ایل ڈی اے) ہیڈ کوارٹر کا دورہ کیا اور کمرشل عمارات کے نقشوں کی منظوری کو جلد آن لائن کرنے سے متعلق ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے چیف سیکرٹری نے کہا کہ ایل ڈی اے کی جانب سے نقشوں کی آن لائن منظوری، پراپرٹی سٹیٹس کی آن لائن دستیابی کی سہولت اور ریکارڈ کی سفٹنگ ایک سنگ میل ہے۔ انہوں نے شہریوں کو خدمات کی فراہمی آئی ٹی کے ذریعے مزید آسان بنانے کی ہدایت کی۔ چیف

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38

52ویں کامن میں شامل زیر تربیت اے ایس پیز کا سنٹرل پولیس آفس مطالعاتی دورہ کے موقع پر آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور دیگر سینئر افسران کے ہمراہ گروپ فوٹو

بانی پی ٹی آئی جب بتائیں گے تب سول نافرمانی تحریک شروع ہوگی: علی امین گنڈاپور

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات نہیں کرنے دی گئی کہا کلیئرنس نہیں ہے، میڈیا سے بات چیت

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختون خوا علی امین گنڈاپور کا کہنا ہے کہ بانی پی ٹی آئی جب بتائیں گے تب سول نافرمانی تحریک شروع ہوگی۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کا حکم آنے کے بعد اس پر عمل ہو گا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز بانی پی ٹی آئی سے ملاقات نہیں کرنے دی گئی کہا کلیئرنس نہیں ہے۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ میں پورے خیبر پختون خوا کا نمائندہ ہوں، مجھے کسی سے کلیئرنس کی ضرورت نہیں۔ا

اسمبلی میں ہر وقت ایسا ماحول ہوتا جیسے سوتنیں لڑ رہی ہیں، شیر افضل مروت

کوئی مذاکرات تب تک کامیاب نہیں ہوتے جب تک سیاسی قوتیں ٹی او آرز ڈسکس نہ کریں، رہنما پی ٹی آئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ اسمبلی میں ہر وقت ایسا ماحول ہوتا ہے جیسے سوتنیں لڑ رہی ہیں۔ قومی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ رانا ثناء اللہ آئے ہوئے ہیں، 8 مہینوں میں ہم نے دیکھا کہ یہ نیشنل اسمبلی نہیں ہے۔ شیر افضل مروت نے کہا کہ میری ذاتی رائے ہے کہ قوم کے ساتھ جھوٹ بولا جاتا ہے، کوئی مذاکرات تب تک کامیاب نہیں ہوتے جب تک سیاسی قوتیں ٹی او آرز ڈسکس نہ کریں اور پھر وہ ٹی او آرز اسٹیبلشمنٹ سے ڈسکس کریں

دھند کے باعث موٹر وے مختلف مقامات سے بند رکھی گئی، حدنگاہ میں بہتری پر کھول دیا گیا

لاہور (این این آئی) لاہور کے گردونواح میں صبح سویرے دھند کے باعث موٹر وے کو مختلف مقامات سے بند رکھا گیا جس کی وجہ سے مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا رہا، حدنگاہ بہتر ہونے پر کھول دیا گیا۔ ترجمان موٹر وے کے مطابق لاہور سیالکوٹ موٹر وے کو دھند اور اسموگ کی وجہ سے بند کیا گیا تھا جس کو حدنگاہ میں بہتری کے بعد کھول دیا گیا، حدنگاہ میں کمی کے باعث موٹر وے ایم ٹو کو لاہور سے ہرن مینار تک ٹریفک کیلئے بند کیا گیا جسے بعد ازاں حدنگاہ بہتر ہونے پر ٹریفک کے لئے کھول دیا گیا۔

عبدالعلیم خان کی زیر صدارت اجلاس، قازخستان اور پاکستان کا تجارت کے فروغ کیلئے مصنوعات و مشینری کے ڈسپلے سینٹرز قائم کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) قازخستان اور پاکستان کے درمیان تجارت کے فروغ کیلئے مصنوعات و مشینری کے ڈسپلے سینٹرز قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ منگل کو سرمایہ کاری و نجکاری بورڈ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق یہ فیصلہ وفاقی وزیر سرمایہ کاری و نجکاری بورڈ اور مواصلات عبدالعلیم خان کی زیر صدارت اجلاس میں کیا گیا جس میں قازخستان کے سفیر یرزہان کستافن نے خصوصی شرکت کی۔

خیبر پختونخوا میں انسداد پولیو مہم جاری، انکاری والدین کیخلاف کارروائی کا فیصلہ

رواں سال صوبے میں پولیو کے 18 کیسز سامنے آئے ہیں' صوبائی حکومت جاگ گئی

پشاور (این این آئی) پشاور سمیت خیبر پختونخوا میں 7 روزہ انسداد پولیو مہم جاری ہے، حکومت نے مہم کے دوران بچوں کو پولیو قطرے پلانے سے انکار کرنے والے والدین کے خلاف کارروائی کا فیصلہ کرلیا ہے۔ رواں سال صوبے میں پولیو کے 18 کیسز سامنے آئے ہیں۔ ڈیرہ اسماعیل خان سے 9، ٹانک سے 3، لکی مروت اور کوہاٹ سے 2،2 کیسز جبکہ ضلع مہمند اور نوشہرہ سے پولیو کا ایک، ایک کیس رپورٹ ہو چکا ہے۔ سات روزہ انسداد پولیو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41

امیر مقام کی شانگلہ چکسر میں پولیس چوکی پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت

جام شہادت نوش کرنے والیا ے ایس آئی حسن خان اور ہیڈ کانسٹیبل نثار خان کو خراج عقیدت-

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر امور کشمیر، گلگت بلتستان وسیفران انجینئر امیر مقام نے ضلع شانگلہ میں پولیس چوکی گنانگر پر فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کے حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والیا ے ایس آئی حسن خان اور ہیڈ کانسٹیبل نثار خان کو خراج عقیدت پیش اور انکے خاندانوں سیدلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ اپنے تعزیتی پیغام میں وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام نے قیمتی جانوں کے ضیاع پر دکھ اظہار کیا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40

چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کو ایل ڈی اے ہیڈکوارٹر کے دورہ کے دوران ڈی جی طاہر فاروق سٹیزن فیسلیٹیشن سینٹر بارے بریفنگ دے رہے ہیں

توہین الیکشن کمیشن کیس: عمران خان کو ویڈیو لنک پر پیش نہ کرنے پر حکام سے جواب طلب

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے توہین کیس میں پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان کو ویڈیو لنک کے ذریعے پیش نہ کرنے پر اڈیالہ جیل راولپنڈی کے حکام سے جواب طلب کر لیا۔ بانی پی ٹی آئی کے خلاف توہین الیکشن کمیشن و چیف الیکشن کمشنر کیس کی سماعت ہوئی، ممبر سندھ نثار درانی کی سربراہی میں 3 رکنی کمیشن نے سماعت کی۔ عمران خان کے وکیل فیصل چوہدری نے کہا کہ گزشتہ سماعت پر کمیشن نے بانی پی ٹی آئی کی ویڈیو لنک سے حاضری کا حکم دیا تھا، ممبر سندھ نے استفسار کیا کہ کیا ویڈیو لنک سے حاضری کا بندوبست ہوا؟

افغانستان سے آنیوالی ہواؤں سے سردی میں مزید اضافہ، کراچی کا پارہ 10 ہوگیا

کراچی (این این آئی) افغانستان سے آنے والی سرد ہواؤں کی وجہ سے سردی کی شدت میں مزید اضافہ ہوگیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بلوچستان کے شمالی علاقوں میں سردی کی صورتحال برقرار ہے، پاک ایران اور پاک افغان سرحدی علاقوں میں سرد ہواؤں نے نظام زندگی کو مفلوج کردیا ہے۔ محکمہ موسمیات کا بتانا ہے کہ ملک کے بیشتر علاقوں میں آج موسم سرد اور پہاڑی علاقوں میں شدید سرد رہے گا۔ وادی زیارت، شیلاباغ، خواجہ عمران ریجن میں درجہ حرارت منفی 10، چمن، قلعہ عبداللہ، پشین، توبہ اچکزئی، توبہ کاکڑی میں منفی 6، اسکردو منفی 7، گلگت اور استور منفی 6 ریکارڈ کیا گیا۔

چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان ایل ڈی اے میں زیر تعمیر سینٹرل کنٹرول روم کا معائنہ کر رہے ہیں۔

ٹیپا ٹریفک قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانے' آئی ٹی بیسڈ اقدامات کیے جائیں۔ ڈی جی ایل ڈی اے

ٹھوکر انٹری پوائنٹ کی ری ماڈلنگ اور توسیع سے شہریوں کو بڑی سہولت مل رہی ہے طاہر فاروق

لاہور (خبر نگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق اور ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے ٹیپا ہیڈ آفس اور ٹھوکر انٹری پوائنٹ کا دورہ کیا۔ چیف انجینئر ٹیپا اقرار حسین نے جاری منصوبوں کے متعلق بریفنگ دی اور بتایا کہ ٹیپا ٹریفک روانی کو موثر بنانے کے لیے شہر کے مصروف ترین پوائنٹس کی ری ماڈلنگ کر رہا ہے۔ اجلاس میں آوٹ فال روڈ، ریٹی گن روڈ، بھاٹی گیٹ، راوی روڈ سمیت دیگر اہم مقامات کی مجوزہ ری ماڈلنگ بارے بریفنگ دی گئی۔ اجلاس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42

مدارس بل پر کوشش ہے کہ بند گلی سے نکلیں تاہم احتجاج کی کال برقرار ہے' شاہدہ اختر علی

پی ٹی آئی نے مذاکرات کی بات کی تو مذاق اڑایا گیا، عون عباس بپی

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (جے یو آئی) کی رہنما شاہدہ اختر علی نے کہا ہے کہ مدارس بل کے معاملے پر کوشش ہے کہ بند گلی سے نکلیں تاہم احتجاج کی کال برقرار ہے۔ نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے رہنما تحریک انصاف عون عباس بپی نے کہا پی ٹی آئی نے مذاکرات کی بات کی تو مذاق اڑایا گیا، اب ہماری یہ سوچ ہے کہ مذاکرات برابری کی سطح پر ہوں گے۔ رہنماں لیگ بلال اظہر کیانی کا کہنا تھا کہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43

لاہور پولیس کی گارڈ کی شہید سب انسپکٹر محمد ادریس کی برسی کے موقع پر قبر پر حاضری

پولیس کے چاق وچوبند دستے نے شہید کی قبر کو سلامی پیش کی، پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی

پولیس ہیروز کی لازوال قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ

لاہور (کرائم رپورٹر) سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ کی ہدایت پر لاہور پولیس کی گارڈ نے شہید سب انسپکٹر محمد ادریس کی برسی کے موقع پر قبر پر حاضری دی۔ پولیس کے چاق و چوبند دستے نے شہید کی قبر کو سلامی پیش کی، پھولوں کی چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر شہید سب انسپکٹر کے اہل خانہ بھی موجود تھے۔ سب انسپکٹر محمد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47

لاہور بورڈ آف انٹرمیڈیٹ کے ری چیکنگ کے قوانین لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج

عدالت نے انٹرمیڈیٹ بورڈ کے لیگل ایڈوائزر کو (آج) طلب کرلیا

بورڈ قوانین کے مطابق پیپر کے نمبر ری کاؤنٹ کیے جاتے ہیں، ری چیک نہیں

لاہور (این این آئی) لاہور بورڈ آف انٹرمیڈیٹ کے ری چیکنگ کے قوانین لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیئے گئے، عدالت نے انٹرمیڈیٹ بورڈ کے لیگل ایڈوائزر کو آج (بدھ) طلب کرلیا۔ جسٹس چوہدری محمد اقبال کی سربراہی میں دو رکنی بنچ نے درخواست پر سماعت کی، درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ لاہور بورڈ کے پیپرز چیکنگ سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46

عمران خان جلد اپنے اگلے لائحہ عمل کا اعلان کریں گے' مسرت جمشید چیمہ

پاکستان کے آگے بڑھنے کا واحد راستہ سیاسی ڈائیلاگ، نئے انتخابات کا اعلان ہے' سینئر رہنما پی ٹی آئی

500 دن گزرنے کے بعد بھی عمران خان کا عزم وولولہ پہلے کی طرح قائم ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ جیل ٹرائل کے دوران دوسری بار بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات ہوئی، 500 دن گزرنے کے بعد بھی عمران خان کا عزم وولولہ پہلے کی طرح قائم ہے، ان کا ہر فیصلہ پاکستان کی بہتری اور ایک مثبت سوچ کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔ ایکس پر جاری اپنے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45

سی ٹی ڈی کے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز، 16 دہشتگرد گرفتار

لاہور سے فتنہ الخوارج کا خطرناک دہشتگرد عمر اسلحہ اور بارودی مواد سمیت گرفتار کیا گیا

کارروائیاں لاہور، بہاولپور، منڈی بہاالدین، میانوالی، ٹوبہ ٹیک سنگھ، رحیم یار خان، چنیوٹ اور وہاڑی میں کی گئیں

لاہور (این این آئی) کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ نے خفیہ انٹیلی جنس کی بنیاد پر کارروائیاں کرتے ہوئے 16 دہشتگرد گرفتار کر لیے۔ سی ٹی ڈی ترجمان کے مطابق دہشتگردی کے خدشات کے پیش نظر سی ٹی ڈی نے پنجاب کے مختلف شہروں میں 118 انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کیے جن کے دوران 16 دہشت گرد گرفتار کیے، کارروائیاں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44

پارلیمانی سیکرٹری برائے انسانی حقوق سونیا عاشر، سابق صوبائی وزیر اور دیگر کے ہمراہ ڈسٹرکٹ گورننس فورم میں شریک ہیں

واسا ملازمین کو پلاٹ نہ دینے کیخلاف درخواست پر ڈی جی ایل ڈی اے ذاتی حیثیت میں طلب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے واسا ملازمین کو سرکاری سکیم کے تحت پلاٹس نہ دینے کے خلاف توہین عدالت کی درخواست پر ڈی جی ایل ڈی اے کو آئندہ سماعت پر ذاتی حیثیت میں طلب کرلیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس طارق محمود سیٹھی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48

ملک لاشوں کی سیاست کا متحمل نہیں ہوسکتا، چوہدری برجیس طاہر

دیرینہ ساتھی صدیق الفاروق کے انتقال پر دل دکھی اور افسردہ ہے، سابق وفاقی وزیر کی گفتگو

ننکانہ صاحب (این این آئی) مرکزی نائب صدر مسلم لیگ ن چوہدری محمد برجیس طاہر سابق گورنر وفاقی وزیر امور کشمیر نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں ملک انتشار کی سیاست کا متحمل نہیں ہوسکتا، ڈی چوک کے دھرنے سے لے کر ساڑھے تین سالہ دور حکومت اور آج تک تحریک انصاف کی منفی سیاست سے بچہ بچہ واقف ہے، آئی ایم ایف کو چٹھی لکھنا اور فنڈ زرو کنے کی استدعا کرنا ملک وقوم سے کھلی دشمنی ہے، ایک کروڑ نوکریاں اور 50 لاکھ گھروں کے لولی پاپ سے کون واقف نہیں، تحریک انصاف نے بدامنی افراتفری کے علاوہ کبھی عوام کی بات نہیں کی عوام کو دھوکہ اور لولی پاپ دینے کے سوا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49

وزیراعظم کا ہرجانے کا دعویٰ، عمران خان کی درخواست ناقابل سماعت قرار

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے ہرجانے کے دعوے سے متعلق کیس میں بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی درخواست ناقابل سماعت قرار دے دی۔ لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس چودھری محمد اقبال نے عمران خان کی درخواست پر محفوظ فیصلہ سنا دیا۔ عدالت نے بانی پی ٹی آئی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50



لودھراں، جہانگیر خان ترین ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام 8ویں سائنس میلہ میں طالبہ سے پورٹریٹ وصول کر رہے ہیں

یوتھ ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن کا ضلعی گورننس فورم کا انعقاد

پارلیمانی سیکرٹری برائے انسانی حقوق سونیا آشر، سیکرٹری انسانی حقوق علی بہادر قاضی، اعجاز عالم آگسٹین نے خصوصی طور پر شرکت کی

ڈائریکٹر انسانی حقوق محمد یوسف اور پروگرام مینیجر عروج سندھو نے ماڈریٹرز کی خدمات سرانجام دیں

لاہور (خبر نگار) یوتھ ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن (YDF) نے اپنے بینارٹی سول ایجنسیس پروگرام (MCAP) کے تحت ضلعی گورننس فورمز (DGFs) کے لیے ایک دن کا اورینٹیشن سیشن انڈیگو ہائٹس ہوٹل میں منعقد کیا۔ سیشن میں اہم شخصیات نے شرکت کی، جن میں پارلیمانی سیکرٹری برائے انسانی حقوق سونیا آشر، سیکرٹری انسانی حقوق علی بہادر قاضی، سابق صوبائی وزیر برائے انسانی حقوق اور اقلیتی امور اعجاز عالم آگسٹین نے خصوصی طور پر شرکت کی جبکہ ڈائریکٹر انسانی حقوق محمد یوسف اور پروگرام مینیجر عروج سندھو نے ماڈریٹرز کی خدمات سرانجام دیں۔ سیشن کے افتتاحی خطاب میں یوتھ ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر شاہد رحمت نے ضلعی گورننس فورمز کی اہمیت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39

حکمران ہر محاذ پر ناکام ہو چکے انکے ہاتھ پاؤں پھولے ہوئے ہیں' محمد حسین

بانی پی ٹی آئی کی طرف سے سول نافرمانی کی کال سے حکومت کی کانپیں ٹانگ رہی ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما محمد حسین نے کہا ہے کہ حکمران ہر محاذ پر ناکام ہو چکے انکے ہاتھ پاؤں پھولے ہوئے ہیں، بانی تحریک انصاف کی طرف سے سول نافرمانی کی کال سے حکومت کی کانپیں ٹانگ رہی ہیں، پی ٹی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51

حکومت مستقبل میں بجلی نہیں خریدے گی، اویس لغاری

اسلام آباد (این این آئی) وزیر توانائی اویس لغاری نے کہا ہے کہ حکومت مستقبل میں بجلی نہیں خریدے گی، بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری عمل میں ترقیاتی شراکت دار ہماری تکنیکی مدد کر سکتے ہیں۔ اویس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52

لاہور، مقامی پارک میں بچے کھیل کود میں مصروف ہیں

لوگوں کے گریبانوں میں ہاتھ ڈالنا آزادی اظہار رائے نہیں ہے، انوار الحق کاکڑ

کراچی (این این آئی) سابق نگراں وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا ہے کہ لوگوں کے گریبانوں میں ہاتھ ڈالنا فریڈم آف اسپیچ نہیں ہے۔ جامعہ کراچی میں بائیوٹیکنالوجی اور جنیٹک انجینئرنگ سے متعلق سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے انہوں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55

راولپنڈی، ڈھوک چراغ دین کے علاقے سے گزرتی ریل کی پٹری پر شہری کسی خطرے کی پرواہ کیے بغیر بیٹھے ہیں

راولپنڈی' سرکاری اسپتال کی مفت دوائیں گودام سے برآمد، اسٹورز پر سپلائی کرنیوالا ملزم گرفتار

گودام سے برآمد ہونے والی ادویات کی قیمت 30 لاکھ روپے سے زائد بنتی ہے

راولپنڈی (این این آئی) سرکاری اسپتال کی مفت دوائیں گودام سے برآمد کر کے اسٹورز پر سپلائی کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا گیا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے متعلقہ حکام کے ساتھ سوہاوہ کے قریب ایک گودام پر چھاپا مارا، جہاں سے چوری شدہ ادویات برآمد کر لی گئیں۔ سرکاری اسپتال سے چوری کی گئی یہ مختلف ادویات غریب

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53

نوجوان نے خنجر کے وار سے باپ، بھائی اور بہن کو قتل کر دیا

ملزم سراج منشیات کا عادی اور اس سے قبل بھی فائرنگ کر کے ایک بھائی کو قتل کر چکا ہے، پولیس

ڈی آئی خان (این این آئی) نوجوان نے خنجر کے وار کر کے اپنے باپ، بھائی اور بہن کو قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق ڈی آئی خان میں تھانہ کرک سٹی کے قریب ملنگ بابا کالونی میں دل خراش واقعہ پیش آیا، جس میں درندہ صفت نوجوان نے خنجر سے وار کر کے اپنے باپ، بھائی اور بہن کو قتل کر دیا۔ حملے میں گھر کے تین دیگر افراد بھی زخمی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54

لوکل کونسل ایسوسی ایشن کے پی کو اڈیالہ جیل کے باہر احتجاج کی اجازت نہ مل سکی

ایسوسی ایشن نے بلدیاتی نمائندوں کے فنڈز اور اختیارات نہ ملنے پر احتجاج کا اعلان کر رکھا ہے

راولپنڈی (این این آئی) لوکل کونسل ایسوسی ایشن خیبر پختون خوا کو اڈیالہ جیل کے باہر احتجاجی مظاہرے کی اجازت نہیں مل سکی۔ ڈسٹرکٹ انٹیلی جنس کمیٹی نے اجلاس میں این او سی دینے کی استدعا مسترد کر دی۔ ایسوسی ایشن نے بلدیاتی نمائندوں کے فنڈز اور اختیارات نہ ملنے پر احتجاج کا اعلان کر رکھا ہے۔ احتجاج کی قیادت صدر حمایت اللہ میار کریں گے۔

پیپلز پارٹی اپنی شہید قیادت کے فلسفے پر سختی سے کاربند رہے گی' رانا جمیل منج

شہید بینظیر پاکستان میں جمہوری جدوجہد کی معمار تھیں' جنرل سیکرٹری پیپلز پارٹی لاہور

لاہور (این این آئی) پیپلز پارٹی لاہور کے جنرل سیکرٹری رانا جمیل منج نے کہا ہے کہ بینظیر بھٹو نے ہمیشہ ملک کے عام آدمی اور پسماندہ طبقات کی آواز بن کر حقیقی عوام کی نمائندگی کی، پیپلز پارٹی شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے خواب کو حقیقت کا روپ دینے کیلئے پر عزم ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ اسلامی دنیا کی پہلی منتخب خاتون وزیر اعظم اور عالمی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56

اتحاد تنظیمات مدارس دینیہ کے مطالبہ پر فوری عمل کیا جائے' جے یو آئی

حکومت دینی مدارس کی رجسٹریشن معاملہ کو متنازعہ بنانے کی بجائے جید علماء کی رائے کا احترام کرے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57

اسلحہ لائسنس کمپیوٹرائزڈ ہوں گے، محکمہ داخلہ پنجاب کا مراسلہ

لاہور (این این آئی) سکیورٹی کمپنیوں اور اداروں کے اسلحہ لائسنس کمپیوٹرائزڈ ہوں گے، محکمہ داخلہ پنجاب نے اسلحہ لائسنس کی توثیق کیلئے مراسلہ لکھ دیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلحہ لائسنس پنجاب آرمز رولز 2023ء کے تحت کمپیوٹرائزڈ ہوں گے، سکیورٹی کمپنیوں اور اداروں کو پنجاب آرمز رولز 2023 کے مطابق فیس ادا کرنی ہوگی۔ محکمہ داخلہ پنجاب کا کہنا تھا کہ اسلحہ لائسنس کی توثیق و کمپیوٹرائزیشن کا عمل جلد مکمل کیا جائے۔

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔

آفس نمبر 2 یاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

کیپیٹل سینیئر سٹیزنز ایکٹ 2021 کو ابھی تک نافذ العمل نہیں کیا گیا

60 سال سے زائد عمر کے شہری ان سہولیات سے فائدہ نہیں اٹھا سکتے جوان کا قانونی حق ہے، اسلام اباد ہائی کورٹ میں دائر کی گئی رٹ

اسلام اباد (بیورو رپورٹ) نامور وکیل اور انسانی حقوق کے لیے بین الاقوامی شہرت کے حامل پاکستان کے اٹارنی ایٹ لا ماجد بشیر نے دستور پاکستان کے مطابق 60 سال سے زائد العمر پاکستانی شہریوں کو ضروری سہولیات کی عدم دستیابی کو اسلام اباد ہائی کورٹ میں چیلنج کر دیا ہے اسلام اباد ہائی کورٹ میں دائر کی گئی رٹ میں انہوں نے کہا کہ کیپیٹل سینیئر سٹیزنز ایکٹ 2021 کو ابھی تک نافذ العمل نہیں کیا گیا جس کی وجہ سے 60 سال سے زائد عمر کے شہری ان سہولیات سے فائدہ نہیں اٹھا سکتے جوان کا قانونی حق ہے- ان مراعات میں علاج معالجہ، ادویات میں رعایت، اولڈ ہوم کی سہولت مالی امداد، فری داخلہ میوزیم پارک وکلب حکومت کی ذمہ داری ہے- ماجد بشیر نے بتایا کہ اس قانون کے تحت 12 رکنی کونسل اور Grievance Committee کی تشکیل بھی لازمی ہے جو شہریوں کی مالی امور، پینشن اور دیگر مسائل کے حل میں مدد دے گی چیف جسٹس اسلام اباد ہائی کورٹ نے رٹ میں نوٹس کرتے ہوئے حکومت پاکستان وزارت قانون انسانی حقوق چیف کمشنر اسلام اباد نادرا اور وزارت مالی امور سے ائندہ تاریخ میں جواب طلب کرلیا ہے کہ قانون سازی ہونے کے باوجود اس قانون پر عمل درامد کیوں نہیں ہورہا ہے-

کراچی میں رواں سال ٹریفک حادثات میں 500 افراد جاں بحق

کراچی (این این آئی) کراچی میں ٹریفک حادثات کی شرح میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے، رواں سال ٹریفک حادثات میں تقریباً 500 افراد لقمہ اجل بن چکے ہیں۔ کورنگی ناصر جمپ کے قریب گزشتہ دنوں ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہونے والا 5 ماہ کا بچہ والدین کی اکلوتی اولاد تھا جو شادی کے 13 سال بعد پیدا ہوا تھا۔ یہ حادثہ سڑک کی ٹوٹ پھوٹ کے باعث پیش آیا تھا۔

واسا ملازمین کو پلاٹ نہ دینے کیخلاف درخواست' ڈی جی ایل ڈی اے ہائیکورٹ میں طلب

عدالتی حکم کے باوجود ڈی جی ایل ڈی اے پلاٹس کی بیلٹنگ نہیں کر رہے' درخواست گزار

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے واسا ملازمین کو سرکاری سکیم کے تحت پلاٹس نہ دینے کیخلاف توہین عدالت کی درخواست پر ڈی جی ایل ڈی اے کو آئندہ سماعت پر ذاتی حیثیت میں طلب کرلیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس طارق محمود سیٹھی نے درخواست پر سماعت کی، درخواست گزاروں کی جانب سے چودھری ابرار ایڈووکیٹ عدالت پیش ہوئے۔ وکیل درخواست گزار کی جانب سے موقف اختیار کیا گیا کہ 1986 میں سرکاری پالیسی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61

لاہور پولیس کا چاق و چوبند دستہ شہید سب انسپکٹر محمد ادریس کی برسی کے موقع پر فاتحہ خوانی کر رہا ہے

ہمیں اور کچھ نہیں ڈی چوک کے خون کا انصاف چاہیے، علی محمد خان

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کے رہنما علی محمد خان نے کہا ہے کہ ہمیں اور کچھ نہیں چاہیے ڈی چوک کے خون کا انصاف چاہیے۔ قومی اسمبلی کے اجلاس کے دوران علی محمد خان نے کہا کہ سیاستدان گولی نہیں چلاتے بات چیت کرتے ہیں، ہمارے دور میں پیپلز پارٹی اور جے یو آئی کے لانگ مارچ ہوئے لیکن کسی پر گولی نہیں چلائی۔ انہوں نے کہا کہ ہاتھ میں بندوق تھامے گھوڑے پر بیٹھ کر پاکستان آزاد نہیں ہوا تھا۔

ن لیگ اور پیپلز پارٹی کرسی بچانے میں مصروف ہیں، بیرسٹر سیف

پارلیمنٹ کے اندر اور باہر اپوزیشن جماعتوں کا اکٹھا ہونا ضروری ہے، مشیر اطلاعات

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر محمد علی سیف نے کہا ہے کہ (ن) لیگ اور پیپلز پارٹی کرسی بچانے میں مصروف ہیں۔ بیرسٹر سیف نے اپنے بیان میں کہا کہ پی ٹی آئی حقیقی جمہوریت کے لیے بامقصد مذاکرات چاہتی ہے۔ انہوں نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60

پالیسی ریٹ میں کمی خوش آئند، یکمشت سنگل ڈیجٹ میں لایا جائے' اشرف بھٹی

لاہور (این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے اسٹیٹ بینک کی جانب سے بنیادی شرح سود میں 200 بیسس پوائنٹس کی کمی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ اسے یکمشت سنگل ڈیجٹ میں لایا جائے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان میں پالیسی ریٹ انتہائی زیادہ رہنے کی وجہ سے ہر طرح کے کاروبار کو سرمایہ کاری کی انتہائی قلت کا سامنا رہا تاہم اب تسلسل سے کمی کے بعد دوبارہ سرمایہ کاری کا رجحان ہے جس سے معیشت کو بھی تحرک مل رہا ہے۔

ستھرا پنجاب پروگرام کی مانیٹرنگ کیلئے مرکزی کنٹرول روم قائم

وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کنٹرول روم کا دورہ کر کے ضروری ہدایات جاری کیں

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ مریم نواز کے ستھرا پنجاب پروگرام کی مانیٹرنگ کیلئے صوبائی سیکرٹریٹ میں مرکزی کنٹرول روم قائم کر دیا گیا ہے۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کنٹرول روم کا دورہ کر کے ضروری ہدایات جاری کیں۔ نو قائم شدہ کنٹرول روم میں ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے سی ای اوز کا بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس بھی ہوا۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے صدارت کی جبکہ سیکرٹری لوکل گورنمنٹ شکیل احمد میاں بھی موجود تھے۔ سپیشل

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59

وزیر لائیوسٹاک وزراعت کی زیر صدارت لائیوسٹاک ڈیپارٹمنٹ میں اہم اجلاس

لائیوسٹاک کارڈ وزیر اعلیٰ پنجاب کا ایک شاندار منصوبہ ہے جس سے مویشی پال کسان مستفید ہوں گے، عاشق حسین کرمانی

لاہور (این این آئی) وزیر لائیوسٹاک و زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت لائیو سٹاک ڈیپارٹمنٹ میں اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں وزیر اعلیٰ لائیوسٹاک کارڈ کی تقسیم کے اجراء اور جنوبی پنجاب کے 12 اضلاع کی دیہی خواتین میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58

مودت اہلبیت فاؤنڈیشن لاہور

لاہور، مودت اہلبیت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام پیغام پاکستان کانفرنس سے علامہ افتخار حسین نقوی خطاب کر رہے ہیں



25 دسمبر یوم قائد کے عظیم الشان موقع پر روزنامہ ''قوت'' خصوصی اشاعت کا اہتمام کر رہا ہے تمام نمائندگان اپنے اشتہارات، انٹرویوز 22 دسمبر 2024 تک ادارہ ہذا کو میل کردیں تاکہ اچھی کوریج دی جا سکے

انچارج نمائندگان: محمد اکرام اعوان

Dailyquwat786@gmail.com

PH:0302-1228000/0322-4181870